بفرمان حضرت تاجدار اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلعم حضرت علیؑ کی محبت ہی ایمان کی علامت ہے جس شخص میں کلی طور پر حضرت علیؑ کی محبت نہیں وہ صاحب ایمان نہیں۔ ہمارے اہل سنت بھائی اس امر میں ہم سے متفق ہیں ملاحظہ ہو:۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لعلی بن ابیطالبؑ لولاک یا علیؑ ماعرف المومنون من بعدی الخ یعنی فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ اے علی اگر تم نہ ہوتے تو میرے بعد مومن نہ پہچانے جا سکتے مندرجہ ذیل کتب دیکھیں:۔

۱۔ کنز العمال علی متقی جز سادس صـ ۴۰۲/۱۵۸ حدیث ۶۱۱۴/۲۶۴۹
۲۔ استیعاب ابن عبدالبر جز دوم ترجمہ علی صـ ۲۰۱۵ و صـ ۴۷۳
۳۔ ریاض النضرہ محب طبری جز دوم باب چہارم فصل ششم صـ ۲۰۲/۱۶۸
۴۔ مستدرک حاکم جز سوم صـ ۱۲۴/۱۲۸ و صـ ۱۳۵/۱۳۸
۵۔ روضۃ الندیہ صلاح الامیر صـ ۱۵۴
۶۔ ینابیع المودت مطبوعہ اسلامبول باب ثانی و اربعون صـ ۲۳۵
۷۔ وسیلۃ النجاۃ مولوی مبین صـ ۵۳
۸۔ کنز العمال جز سادس صـ ۱۵۴ حدیث ۲۵۵۳ و صـ ۱۵۵ حدیث ۲۵۷۴ و صـ ۴۰۴ حدیث ۶۱۲۶ و صـ ۱۵۸ حدیث ۲۶۴۹
۹۔ ریاض النضرہ جز دوم

لواء الحمد

حسب فرمان جناب رسالت مآب ہمارا اعتقاد ہے کہ قیامت کے دن لواء الحمد حضرت علیؑ کے ہاتھ میں ہوگا اور حضرت آدمؑ علیٰ نبینا و اولاد آدمؑ سب اس لواء الحمد کے نیچے ہونگے۔ برادران اہلجماعت اس اعتقاد میں ہمارے ساتھ متحد ہیں اور ان کے اکابر علماء نے اپنی معتبر کتب میں اس کو تسلیم کیا ہے چنانچہ علی متقی صاحب کنز العمال نے اپنی کتاب میں متعدد جگہ پر اس حدیث کو ذکر کیا ہے:۔ واما الثانیۃ فلواء الحمد بیدہ وآدم ومن ولدہ تحتہ واما الثالثۃ فواقف علی حفۃ حوضی یسقی من عرف من امتی الخ یعنی روز قیامت لواء الحمد اسکے (علیؑ کے) ہاتھ میں ہوگا آدم اور اولاد آدم اسکے نیچے ہونگی اور تیسرے یہ کہ یہ (علیؑ) میرے حوض کے کنارے کھڑا رہے گا۔ اور جس کو میری امت سے چاہے گا پانی پلاوے گا۔ ثبوت کیلئے مندرجہ ذیل کتب دیکھو:۔

۱۔ کنز العمال جز سادس صـ ۱۵۵ حدیث ۲۵۸۳ و صـ ۴۰۰ حدیث ۶۰۹۳ و صـ ۴۰۲ حدیث ۶۱۱۳ و ۶۱۱۵ و صـ ۴۰۳ حدیث ۶۱۱۶
۲۔ ریاض النضرہ جز سوم باب چہارم فصل ششم صـ ۱۹۱/۲۰۱ و صـ ۲۰۳
۳۔ ینابیع المودت طبع اسلامبول ۱۳۰۱ھ باب رابع و الاربعون صـ ۱۳۲/۱۳۳ و باب المخسون صـ ۱۴۲/۱۴۳
۴۔ روضۃ الندیہ صلاح الامیر صـ ۱۵۱

ایمان کل و افضل اعمال

حضرت علی علیہ السلام یوم خندق جب عمرو بن عبدود کے مقابلہ میں بہ اجازت آنحضرت جانے لگے تو آنحضرت نے تمغہ برز الایمان و افضل اعمال کا حضرت کو مرحمت فرمایا۔ چنانچہ اہل جماعت بھائی اس امر میں ہم سے متفق و متحد ہیں ان کے اکابر علماء نے اپنی معتبر کتب میں اس خطاب و تمغہ کا دیا جانا تسلیم کیا ہے چنانچہ فاضل بن روزبہان نے اپنی کتاب کشف الغمہ میں لکھا ہے:۔ قال فضل اللہ بن روزبہان فی کشف الغمہ روی الجمھور ان علیا لما برز الی عمرو بن عبدود قال النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم برز الایمان کلہ الی الکفر کلہ الخ یعنی فضل اللہ بن روزبہان نے کشف الغمہ میں نقل کیا ہے۔ کہ جمہور اہل سیر روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت علی علیہ السلام عمرو بن عبدود کے مقابلے کیلئے گئے تو رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ پورا ایمان پورے کفر کے مقابلہ کو گیا ہے۔ ثبوت کے لئے مندرجہ ذیل کتب ملاحظہ ہوں:۔

۱- ینابیع المودت شیخ سلیمان باب ثالث والعشرون ص۹۴ و ص۹۵
۲- ارجح المطالب عبیداللہ امرتسری ص۴۴۷ جلد ۱ ص۳۱۸
۳- حیوٰۃ الحیوان دمیری جز اول ص۲۷۴
۴- افضل من اعمال امتی ۴۔ نزل الابرار ص۳۹
۵- مستدرک حاکم جز سوم کتاب المغازی ص۳۳
۶- معارج النبوۃ رکن ۴ باب ۸ ص۱۰۹ ہروی
۷- مدارج النبوت عبدالحق دہلوی جلد دوم ص۲۳۴
۸- تاریخ حبیب السیر جلد اول جز سوم ص۱۴
۹- سیرت حلبیہ جز دوم ص۳۴۱
۱۰- روضۃ الاحباب ص۳۲۷
۱۱- اخبار منادی دہلی ۵ - ۱۲ جولائی ۱۹۳۵ء علامہ علینی نظامی

فضائل علیؑ کی کثرت

پچھلے عنادین کتاب ہذا میں جسقدر خصائص حضرت علیؑ کے جو بیان ہوئے ہیں وہ کبھی سب حضرت علیؑ کے فضائل ہیں۔ جو دیگر کسی صحابی کو نصیب نہیں ہوئے۔ اب ہم اس جگہ یہ بیان کرنا چاہتے ہیں۔ کہ برادران اہل جماعت کے اقوال حضرت علیؑ کی افضلیت کے متعلق کیا ہیں۔ حضرت ابوبکر کے پہلے خطبہ میں یہ الفاظ موجود ہیں:۔ لست بخیرکم و علیؑ فیکم الخ یعنی میں تم میں کا بہتر شخص نہیں ہوں کیونکہ علی علیہ السلام تم میں موجود ہیں دیکھو تذکرہ خواص الامۃ سبط ابن جوزی ص۳۶ و دیگر کتب تواریخ خطبہ اول حضرت ابوبکر۔

اور حضرت عمر کا اعتراف و افضلیت حضرت علیؑ:۔ لولا علی لھلک العمر اخرجہ عقیلی واخرجہ ابن السمان الخ یعنی کہا حضرت عمر نے (متعدد مرتبہ) کہ اگر علی نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہوجاتا۔ عقیلی نے اخراج کیا ہے اور نیز اسکو ابن السمان نے بھی کتب ذیل اثبات میں دیکھو:۔

۱۔ ریاض النضرہ جزو دوم باب تاسع فصل سادس صفحہ ۱۹۳ وباب رابع فصل سادس صفحہ ۱۹۳/۱۹۴
۲۔ الاستیعاب ابن عبدالبر جزو دوم ترجمہ علی صفحہ ۴۷۳
۳۔ طبقات الکبریٰ ابن سعد ج ۲ ق ۲ صفحہ ۱۰۳
۴۔ نور الابصار سید مومن شبلنجی صفحہ ۷۱
۵۔ مطالب السئول محمد بن طلحہ فصل سادس صفحہ ۲۹
۶۔ تذکرہ خواص الامۃ فصل فی قول عمر صفحہ ۸۵ تا صفحہ ۸۸
۷۔ تاریخ الخلفاء سیوطی مطبع زمیندار لاہور بار سوم ۱۳۳۱ھ صفحہ ۹۱

قال احمد بن حنبل واسمعیل بن اسحاق القاضی لم یرد فی فضائل احد من الصحابہ بالاسانید الحسان ما روی فی فضائل علی بن ابی طالب وکذالک احمد بن شعیب بن علی نسائی رحمۃ اللہ ۔ الخ

یعنی امام حنبل وقاضی اسمٰعیل بن اسحاق کہتے ہیں کہ اصحاب رسولؐ میں سے کسی کے حق میں صحیح اسناد کے ساتھ اسقدر فضائل مروی نہیں ہیں جسقدر فضائل علی ابن ابیطالبؑ کے ہیں یہی قول احمد بن شعیب نسائی کا ہے۔ مندرجہ ذیل کتب برادران اہل جماعت ثبوت کیلئے ملاحظہ ہوں:۔

۱۔ کتاب الامامت والسیاست صفحہ ۹۳ ابن قتیبہ
۲۔ مسند احمد حنبل جزو اول صفحہ ۲۱۰
۳۔ نور الابصار مومن شبلنجی صفحہ ۷۳
۴۔ ریاض النضرہ جزو دوم باب چہارم فصل تاسع صفحہ ۲۱۳
۵۔ مستدرک حاکم کتاب معرفۃ الصحابہ جزو سوم صفحہ ۱۰۷
۶۔ صواعق محرقہ باب تاسع صفحہ ۷۲ وصفحہ ۳۸/۱۲۸ وصفحہ ۱۰۳/۱۰۴
۷۔ الاستیعاب جزو دوم ترجمہ علی ۲۰۱۵ صفحہ ۴۷۹
۸۔ ارجح المطالب صفحہ ۵۴۴/۳۱
۹۔ معارج النبوۃ جلد دوم صفحہ ۲۳۷ (رد الشمس)
۱۰۔ فتح الباری جلد سوم صفحہ ۱۳۶

علیؑ سے جنگ

فرمان حضور انور صلعم کے مطابق حضرت علیؑ کا محارب۔ محارب رسولؐ ہے اور رسول کا محارب خدا سے لڑنے والا ہے۔ برادران اہل جماعت اس امر میں ہم سے متفق ہیں۔ انکے علماء اس امر کو تسلیم کرتے ہیں اور بعض متعصب حضرات حضرت علیؑ سے لڑنے والوں کی خطا اجتہادی کے لفافے میں پردہ پوشی کرنا چاہتے ہیں۔ جو اصولی طور پہ غلط ہے چنانچہ یا علی حربک حربی وسلمک سلمی الخ یعنی اے علیؑ تجھ سے لڑائی مجھ سے جنگ ہے اور مجھ سے جنگ خدا سے لڑائی ہے۔ ثبوت کے لئے مندرجہ ذیل کتب ملاحظہ ہوں:۔

۱۔ مشکوٰۃ باب مناقب اہل بیت النبی صفحہ ۳۴۶
۲۔ ترمذی صفحہ ۲۴۹ وصفحہ ۳۴۳
۳۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۴۶ وصفحہ ۶۶
۴۔ صواعق محرقہ صفحہ ۷۵
۵۔ براہین قاطعہ صفحہ ۲۰۸
۶۔ ابن ماجہ صفحہ ۱۲
۷۔ روضۃ ندیہ صفحہ ۴۶
۸۔ تاریخ الخلفاء سیوطی صفحہ ۱۳۰ وازصفحہ ۹۱ تا صفحہ ۹۳ مطبوعہ بار سوم ۱۳۳۱ھ

حضرت علیؑ جنگوں میں کسی کے ماتحت نہیں رہے

آنحضرت صلعم نے اپنے ابن عم حضرت علیؑ کو اپنے زمانہ کی جنگوں میں کسی کے ماتحت نہیں بھیجا بلکہ جب ہی بھیجا سردار لشکر و علمبردار بنا کر بھیجا اور دنیا کو بتا دیا کہ میرا ابن عم علیؑ سوائے میرے اور سب انسانوں کا سردار ہے مولا ہے حاکم ہے خبردار تم علیؑ کو ماتحت نہ سمجھنا ورنہ آپ کا یہ فعل ایذاء رسولؐ ہوگا برادران اہل جماعت کے غیر متعصب علماء اور انکی کتب معتدہ ہماری ہم نوا ہیں:- عن ابن عباس قال کان علی اخذ رایة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوم بدر و المشاھد کلھا اخرجہ احمد فی المناقب الخ یعنی امام احمد حنبل مناقب میں حضرت ابن عباس سے روایت کرتے ہیں کہ غزوہ بدر و دیگر سب لڑائیوں میں آنحضرت صلعم کے علم بردار حضرت علیؑ ہی ہوا کرتے تھے ثبوت کے لئے ذیل کی کتابیں دیکھیں:-

۱- ارجح المطالب عبید اللہ امرتسری باب ۲ صفحہ ۵۱۷/۴۹۷
۲- کنز العمال جز سادس صفحہ ۱۵۵ حدیث ۲۵۸۳
۳- ریاض النضرہ محب الدین طبری جز دوم باب ۴ فضل سادس صفحہ ۱۹۱/۲۰۲ و ۲۰۳
۴- ینابیع المودت شیخ سلیمان بلخی باب ثالث و الاربعون صفحہ ۱۹ و باب الخمسون صفحہ ۱۱۷

جیش اسامہ بن زید

آنحضرت صلعم نے اپنی مرض الموت میں اس خیال سے کہ اس مخالف جماعت کے بڑے اراکین میری رحلت کے وقت دور ہوں گے اور بوجہ دوری وہ اپنے طے شدہ منصوبوں کو عملی جامہ پہنا سکیں گے تو ممکن ہے کہ حق کی حکومت قائم ہو جاوے آپ نے جیش اسامہ مرتب فرمایا اور اسمیں ان تمام صحابہ کو ماسوائے حضرت علیؑ کے شامل ہونیکا حکم دیا اور بالخصوص حضرت ابوبکر و حضرت عمر کو اس جیش میں شامل فرمایا لیکن حضرت ابوبکر و حضرت عمر اور کچھ ام المومنین حضرات نے جیش کو نہ جانے دیا۔ اور نہ حضرت ابوبکر و حضرت عمر گئے حالانکہ رسول خداؐ نے اس میں نہ شامل ہونے والے کیلئے رحمت خدا سے دوری چاہی۔ اسکو برادران اہل جماعت کے علماء تسلیم کرتے ہیں اور انکی کتب ہماری ہم نوا ہیں۔ ارشاد ہے۔ پس اسامہ بیرون رفت و لواء بہ بریدہ بن الخطیب داد تا دران لشکر صاحب لواء باشد قریب بمدینہ مطہرہ منزل ساخت تا سپاہ آنجا جمع شود و حکم عالی چنان صادر شد کہ اعیان مہاجرین و انصار مثل ابوبکر صدیق و عمر فاروق و عثمان ذوالنورین و سعد بن وقاص و ابو عبیدہ بن الجراح وغیرہ ہم الاعلی المرتضے رضی اللہ عنہم اجمعین ہمراہ نہ کردہ دران لشکر ہمراہ اسامہ باشد الخ ثبوت کے لئے مندرجہ ذیل کتب دیکھیں:-

۱- مدارج النبوۃ جلد دوم مطبوعہ نولکشور کانپور ۱۹۰۳ء صفحہ ۵۳۱-۵۳۲

۲- تاریخ خمیس جزء دوم صفحہ ۱۷۱

۳- تاریخ طبری جزء سوم صفحہ ۱۸۸-۱۸۹

۴- تاریخ کامل ابن اثیر جزء سوم صفحہ ۱۲۰

۵- تاریخ حبیب السیر جلد اول جزء سوم صفحہ ۴۴

۶- فتح الباری جزء سابع مناقب زید بن حارثہ صفحہ ۶۹

۷- تہذیب التہذیب مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن جزء اول صفحہ ۳۰۸

۸- ملل و نحل شہرستانی ضمن اختلافات صحابہ

۹- شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید جزء اول بشرح خطبہ شقشقیہ صفحہ ۵۳

۱۰- شرح نہج البلاغہ جزء دوم صفحہ ۳

۱۱- سیرۃ النبی جلد ۲ صفحہ ۱۳۴

وقت وفات و تجہیز و تکفین و تدفین حضرت رسول صلعم حضرت علیؑ موجود تھے

وفات حسرت آیات محسن انسانیت حضرت تاجدار رسالت کے وقت سب یار انصار آپکو چھوڑ گئے تھے حتیٰ کہ یار غار کہلانے والے بھی اسوقت حضورؐ کو چھوڑ کر محلہ سنح میں اپنی نئی دلہن کے پاس سوتے رہے تھے اس مشکل وقت میں آپؐ کے پاس صرف حضرت علیؑ تھے جو مع اپنے خاندان کے آنحضرتؐ کی خدمت کر رہے تھے۔ باقی یار انصار سقیفہ سازی کی تجاویز میں مصروف تھے حضرت علیؑ نے مع چند افراد خاندان کے آپؐ کی تجہیز و تکفین و تدفین فرمائی۔ اہلجماعت حضرات کے علماء و انکی کتب معتمدہ اس امر میں ہم نوا ہیں چنانچہ انکے امام عقیلی لکھتے ہیں :- عن ابی طفیل قال کنت علی عباب یوم شوریٰ فارتفعت الاصوات فسمعت علیا یقول بیایع الناس ابابکر وانا واللہ باولی منہ واحق بہ فسمعت واطعت مخافۃ ان یرجع الناس کفارا یا نیکم احد آخر عہدہ برسول اللہ حین وضعتہ فی حضرتہ غیری الخ یعنے ابو طفیل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں شوریٰ کے دن دروازے پر بیٹھا تھا اتنے میں لوگوں کی آوازیں بلند ہوئیں میں نے حضرت علیؑ کو کہتے ہوئے سنا کہ لوگوں نے بکر کے ابا سے بیعت کر لی حالانکہ خدا کی قسم امر خلافت میں میں اُن سے اولیٰ اور زیادہ مستحق تھا پس میں نے سنا اور خاموش ہو گیا اسلئے کہ شاید لوگ کافر ہو جاویں کیا تمہارے درمیان میرے سوا کوئی اور ایسا ہے جو سب سے آخر تک حضرت رسول اللہؐ کے ساتھ رہا ہو اور جس نے اُن کو قبر میں اُتارا ہو۔ دیکھو :-

۱- تاریخ خمیس جزء دوم صفحہ ۱۸۹-۱۹۰

۲- مدارج النبوۃ عبدالحق طبع نولکشور ۱۹۰۶ء جلد دوم صفحہ ۵۵۴-۵۵۵

۳- معارج النبوۃ ملا معین رکن سوم باب چہاردہم فصل سوم صفحہ ۳۳۵

۴- وسیلۃ النجاۃ مولوی محمد مبین صفحہ ۲۳-۲۴

۵- تذکرہ خواص الامۃ سبط ابن جوزی باب دوم صفحہ ۳۶

۶- طبقات ابن سعد ج ۲ ق ۲ صفحہ ۵۱ صفحہ ۶۱ و صفحہ ۷۶-۷۷

۷- ارجح المطالب عبید اللہ امرتسری باب چہارم صفحہ ۶۹۶-۶۹۳ و صفحہ ۶۹۴

۸- کتاب المناقب اخطب خوارزم صفحہ ۱۱

۹- مستدرک حاکم جزء سوم صفحہ ۱۳۹

۱۰- تاریخ الامم والملوک جزء اول ترجمہ علی صفحہ ۲۰۵-۲۰۴ جلد سوم

۱۱- الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ترجمہ علی جزء اول صفحہ ۴۷

۱۲- کتاب امامت و سیاست

۱۳- تاریخ اسلام سید عبدالقادر پروفیسر محمد شجاع الدین صفحہ ۱۵۰

عہد خلافت و ولائیت

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کی خلافت و ولایت کا عہد انبیاء ماسبق سے خداوند کریم نے لیا جیسا کہ و اخذ اللہ میثاق النبیین الایہ کی آیت سے واضح ہوتا ہے کہ خدا نے انبیاء سے یہ عہد لیا اور یہ عہد بفرمان تاجدار اسلام علیہ التحیۃ والسلام آپکی رسالت اور علی کی امامت و خلافت کے متعلق تھا۔ جسکو برادران اہل جماعت کے علماء اور انکی کتب معتمدہ تسلیم کرتے ہیں:۔ عن عبد اللہ ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتانی ملک فقال یا محمد سل من ارسلنا من قبلک من رسلنا علی ما بعثوا قال قلت علی ما بعثوا قال علی ولایتک وولایۃ علی ابن ابیطالب الخ یعنی عبد اللہ بن مسعود روایت فرماتے ہیں کہ جناب رسول خدا نے فرمایا کہ میرے پاس فرشتہ آیا اور خدا کا پیغام لایا کہ اے محمد صلعم پوچھو کہ ہم نے رسولان سلف کو کس امر پر مبعوث کیا تھا میں نے عرض کی کہ ارشاد ہو تو جواب ملا کہ وہ مبعوث ہوئے تمہاری اور علی ابن ابی طالبؑ کی ولایت کے عہد و اقرار پر۔ دیکھو:۔

۱۔ تفسیر ثعلبی در آیت اذ اخذ اللہ میثاق النبیین
۲۔ ینابیع المودۃ مطبوعہ اسلامبول باب ۵ صفحہ باب ۱۲ صفحہ ۲۳۸
۳۔ تفسیر انوری شیخ عبد الوہاب در ذیل آیہ قل لا اسئلکم علیہ اجرا
۴۔ مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی مودۃ رابع
۵۔ کتاب المناقب اخطب خوارزم
۶۔ فردوس الاخبار دیلمی
۷۔ توضیح الدلائل۔ شہاب الدین احمد

امیر المومنینؑ

ہمارا عقیدہ ہے کہ جناب قائد الغر المحجلین سید الامت یعسوب الدین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کو امیر المومنین کا خطاب و لقب رسول خداؐ نے بحکم خدا دیا ہے۔ برادران اہل جماعت حضرات کے علماء اور انکی کتب معتبرہ حضرت علی کے اس خطاب کو تسلیم کرتے ہیں جیسا کہ انکی کتب میں ہے:۔ عن حذیفہ لو علم الناس ان علیا متی سمی امیر المؤمنین ما انکروا فضلہ سمی امیر المؤمنین وآدم بین الروح والجسد الخ یعنی حذیفہ یمانی روایت کرتے ہیں کہ فرمایا جناب رسول خدا صلعم نے اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ علی کب سے امیر المومنین مقرر ہوئے ہیں تو وہ کبھی انکی فضیلتوں کا انکار نہ کریں وہ اُس وقت امیر المومنین ہوئے کہ ابھی آدم روح و جسم کے درمیان تھے۔ دیکھو:۔

۱۔ ینابیع المودۃ طبع اسلامبول ۱۳۰۲ھ باب سادس والخمسون صفحہ ۲۴۸
۲۔ مودۃ القربیٰ ہمدانی مودۃ رابعہ ان علیا امیر المومنین
۳۔ تاریخ خمیس دیار بکری جزو دوم صفحہ ۳۰۶
۴۔ مناقب مرتضوی کشفی صفحہ ۲۰ حدیث ۶۰۸۵ و صفحہ ۴۰۸ حدیث ۶۱۶۳
۵۔ مستدرک حاکم جزو سوم کتاب مناقب صحابہ ترجمہ علی صفحہ ۱۳۸

۴۔ تفریح الاحباب محمن علی محدث ص ۳۷۳
۵۔ نزل الابرار محمد بن معتمد خان ص ۳۸ / ۳۹
۸۔ ریاض النضرہ جزو دوم طبری باب چہارم فصل سادس ص ۱۶۲
۹۔ کنزالعمال علی متقی ص ۱۵۲ احادیث ۲۶۳۰ / ۲۶۲۸ و ۲۶۲۵ / ۲۶۲۶

حدیث نور

رسولؐ کی خلافت و امامتؑ کیلئے وہ ہونا چاہیئے جو اپنے مستخلف کی نظیر اور اسکا مثیل ہو ہمارا عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلعم اور حضرت علیؑ دونوں ایک ہی نور تھے بعد میں خدا نے اس نور کو دو حصوں میں تقسیم کر کے اسکا ایک حصہ صلب عبداللہ والد محترمؑ آنحضرت اور دوسرا حصہ صلب ابوطالب والد مکرم حضرت علیؑ میں رکھدیا برادران اہل جماعت کے غیر متعصب علماء اور انکی کتب اس امر میں شیعہ سے متفق ہیں اور بکثرت کتب میں اسکا ذکر موجود ہے۔ چند حوالے پیش کرتا ہوں۔ عن سلیمان الفارسی رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یقول خلقت انا و علی بن ابی طالبؑ من نور واحد عن یمین العرش یسبح اللہ و یقدسہ قبل ان یخلق اللہ عز وجل آدم باربعۃ عشر الف سنۃ الخ یعنی حضرت سلمان فارسی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلعم سے کہ فرمایا آپ نے کہ میں اور علی بن ابیطالب ایک نور سے پیدا کیے گئے ہیں جو عرش الہٰی کے سامنے خلقت آدم سے چودہ ہزار برس پہلے خدا کی تسبیح و تقدیس کرتا رہا۔ دیکھو:۔

۱۔ تذکرہ خواص الامۃ سبط ابن جوزی باب دوم ص ۲۸
۲۔ زین الفتیٰ شرح سورہ ہل اتیٰ ابو محمد احمد بن محمد بن علی
۳۔ کتاب الاسعار سید محمد گیسو دراز ص ۴۷ و ۷۷
۴۔ مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی مودۃ سادسہ و ثامنہ
۵۔ ہدایت السعدائی جلوۃ العشر از شہاب الدین دولت آبادی جلوہ ستانشہ
۶۔ ینابیع المودۃ شیخ سلیمان باب اول ص ۱۱ / ۱

حدیث شجرہ

بفرمان حضرت رسول اکرمؐ آنحضرتؐ و علیؑ ایک ہی شجر ہیں اس میں بھی برادران اہلسنت جماعت اور شیعہ باہم متحد ہیں۔ اور بکثرت کتب میں اسکا ذکر موجود ہے ہم یہاں صرف چند کتب اہل جماعت کے حوالے پیش کرتے ہیں:۔ حدثنا عثمان بن عبد اللہ یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بعرفات وعلیؑ تجاھہ فاوحی الی علی نابینا النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم وھو یقول ادن منی یا علیؑ فدنیٰ منہ علی فقال اضع خمسک فی خمسی یعنی کفک فی کفی یا علی خلقت انا و انت من شجرۃ انا اصلھا و انت فرعہ و الحسنؑ و الحسینؑ اغصانھا فمن تعلق بغصن منھا دخل الجنۃ الخ یعنی عثمان بن عبداللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہؐ عرفات میں تھے اور علیؑ انکے سامنے تھے آنحضرت نے علی کیطرف اشارہ کیا ہم بھی آنحضرت کے نزدیک ہو گئے آپ نے علی سے کہا

میرے نزدیک آؤ تو علیؑ آپ کے نزدیک ہو گئے تو جناب رسول خداؐ نے فرمایا اے علی اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں دو علی نے ایسا کیا پھر آپ نے فرمایا اے علی میں اور تم ایک ہی درخت سے ہیں میں اسکی جڑ ہوں تم اسکا تنہ ہو۔ اور حسنؑ و حسینؑ اسکی شاخیں ہیں پس جس نے اس درخت کے کسی حصہ سے تعلق رکھا وہ جنت میں داخل ہوا دیکھو:۔

۱۔ مستدرک حاکم کتاب التفسیر
۲۔ کتاب المناقب اخطب خوارزم صفحہ ۳۵
۳۔ کنز العمال جزو سادس صفحہ ۱۵۴ حدیث ۲۵۶۱
۴۔ قول جلی فی فضائل علیؑ جلال الدین سیوطی

حدیث طیر

ایک طائر کہیں سے تحفہ ہوا رسول اللہ کی خدمت میں پیش ہوا تو جناب رسول خداؐ نے فرمایا بار الہا اسوقت میرے ساتھ اس طائر کو کھانے کیلئے اس شخص کو بھیج جو تمام عالم میں تیرا اور میرا محبوب ترین ہو چنانچہ تین دفعہ حضرت نے فرمایا۔ حضرت علیؑ آئے تو انس نے یہ کہکر آپ کو واپس کر دیا کہ آنحضرتؐ فارغ نہیں ہیں۔ آخر تیسری دفعہ آنحضرتؐ نے علیؑ کو اندر بلا لیا اور انس پر خفا ہوئے اور علیؑ کو اپنے ساتھ کھلایا حدیث مشہور ہے۔ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ چند حوالے تحریر ہیں:۔ قد جمع الناس فی ھذا الحدیث مصنفات مفردۃ منھم ابو بکر بن مردویہ والحافظ ابو طاھر محمد بن احمد بن حمدان فیما رواہ شیخنا الذھبی ورایت فیہ مجلدا فی جمع طرقہ والفاظہ لابی جعفر محمد بن جریر طبری المفسر صاحب التاریخ الخ یعنے لوگوں نے خاص اس حدیث طیر کی تصدیق و توثیق میں علیحدہ کتابیں تحریر کی ہیں ان میں سے ابو بکر بن مردویہ و حافظ ابو طاہر محمد بن احمد بن حمدان جیسا کہ ہمارے شیخ ذہبی نے بھی تحریر کیا ہے اور ان میں سے میں نے ایک کتاب دیکھی جس میں حدیث طیر کے طرق و الفاظ جمع کئے گئے تھے اور وہ کتاب ابو جعفر محمد بن جریر طبری کی تالیف تھی دیکھو البدایہ والنہایہ الجزء سابع صفحہ ۳۵۳ برادران اہل جماعت اس میں ہم سے متفق ہیں۔ دیکھو مندرجہ ذیل حوالے:۔

۱۔ مروج الذہب مسعودی جزو دوم بعد ذکر مقتل علی صفحہ ۳۰۱
۲۔ مستدرک حاکم جزو سوم معرفۃ الصحابہ ترجمہ علی تا صفحہ ۱۳۰ تا ۱۳۱، ۱۳۲ تا ۱۳۳
۳۔ منہاج السنۃ جزو سوم صفحہ ۱۱ جزو چہارم صفحہ ۹۹
۴۔ مصابیح السنۃ بغوی جزو دوم صفحہ ۲۷۵
۵۔ تذکرہ خواص الامۃ سبط ابن جوزی متوفی ۶۵۴ھ صفحہ ۲۳
۶۔ کفایۃ الطالب مناقب علی باب الثالث والثلاثون صفحہ ۵۲ تا ۵۳
۷۔ ریاض النضرہ محب الدین باب ۴ جزو دوم فصل ۶ صفحہ ۶۰ تا ۶۱ فصل ۶ صفحہ ۲۱۸
۱۳۔ الفصول المستحسن حسن الزمان صفحہ ۲۳۲، صفحہ ۲۳۶
۱۴۔ اشعۃ اللمعات عبد الحق دہلوی جلد ۴ صفحہ ۳۶۹
۱۵۔ اسعاف الراغبین برحاشیہ نور الابصار صفحہ ۱۴۳
۱۶۔ تفریح الاحباب مولوی حسن علی صفحہ ۳۰۸ مترجم
۱۷۔ اتحاف بحب الاشراف صفحہ ۸
۱۸۔ ینابیع المودۃ مطبوعہ اسلام بول باب ثامن ذکر حدیث طیر صفحہ ۵۶

۸- مشکوٰۃ المصابیح مجتبائی باب مناقب علی ص ۵۶۴

۹- میزان الاعتدال جزو اول ترجمہ جعفر بن سلیمان ص ۱۹۰

۱۰- کنز العمال جز سادس ص ۱۵۳ حدیث ۲۵۰۰ و ۲۵۰۱ و ص ۴۰۳ حدیث ۶۱۴۰ و ۶۱۴۱

۱۱- روضہ ندیہ ص ۹۱ و ۹۳

۱۲- وسیلۃ النجاۃ محمد مبین ص ۱۱۴

۱۹- البدایہ والنہایہ فی تاریخ جز سابع ص ۳۵۳ و ۳۵۲ و ص ۴۵

۲۰- مجمع الفوائد من جامع الاصول جلد دوم ص ۲۱۱

۲۱- روائح المصطفٰے ص ۱۷

۲۲- سنن ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی

۲۳- حلیۃ الاولیا کتاب الطیر

حدیث علم

لہٰذا روئے نصوص صریحہ معیار خلافت قرآنی علم ہے اس ہی افضل معیار سے خدا نے آدم و ملائکہ کے مابین موازنہ کیا تھا اور آدم کے حق خلافت کو خدا نے آپ کے وہبی علم کی وجہ سے ملائکہ کے سامنے ثابت کیا تھا کیونکہ نبوت اور اسکی خلافت کیواسطے علم وہبی کا ہونا ضروری ہے اسی واسطے جناب رسالتمآب نے حضرت علیؑ کے متعلق بوجہ خلیفہ ہونے کے فرمایا۔ قال رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انا مدینۃ العلم وعلی بابہا فمن اراد العلم فلیات الباب الخ یعنی فرمایا جناب رسولخدا صلعم نے کہ میں شہر ہوں علم کا اور یہ علیؑ اس کا دروازہ ہے پس جو شخص علم حاصل کرنا چاہے وہ اس دروازہ سے آئے۔ برادران اہل جماعت کے علماء و محدثین اس امر میں متفق ہیں۔ طوالت کے خوف سے صرف چند حوالوں پر اکتفا کی جاتی ہے۔ دیکھو:۔

۱- مستدرک علی الصحیحین جز سوم حاکم ص ۱۲۶ و ۱۲۷

۲- استیعاب ابن عبدالبر جز دوم ترجمہ علی ص ۴۶۱ و ص ۴۷۴ و ۴۷۵

۳- ریاض النضرہ محب طبری جز سوم باب ۴ فصل ۶ ص ۱۹۳

۴- مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی مودۃ سابعہ

۵- اسنی المطالب شمس الدین جزری ص ۱۴

۶- کنز العمال جز سادس ص ۱۵۲ حدیث ۲۵۰۸ و ص ۴۰۱ حدیث ۶۰۹۹ و ۶۱۰۰ و ۶۱۰۱

۷- نزل الابرار محمد بن معتمد ص ۳۸

۸- روضۃ الندیہ فی شرح تحفۃ علویہ ص ۷۹ و ۹ و ص ۹۱

۹- اسعاف الراغبین بر حاشیہ نور الابصار ص ۱۳۴

۱۰- تفریح الاحباب جمال الدین ص ۳۰۸ و ص ۳۲۵

۱۱- البدایہ والنہایہ جز سابع ص ۳۵۸ و ص ۳۵۹

۱۲- الشرف المؤید شیخ یوسف ص ۱۱۱

۱۳- ینابیع المودۃ طبع اسلامبول ۱۳۰۱ھ باب ۱۴ ص ۶۵

۱۴- تذکرہ خواص الامۃ ابن جوزی باب دوم ص ۲۹

۱۵- تاریخ الخلفاء سیوطی ترجمہ اردو بار سوم طبع زمیندار لاہور

حدیث ثقلین

حدیث ثقلین ایک مشہور اور صحیح الاسناد حدیث ہے جسکو تقریباً برادران اہل سنت کے سے زیادہ علماء و محدثین نے بیان کیا ہے اور انکے امام احمد حنبل نے اپنی کتاب میں تقریباً دس مو

اپنی مسند میں مختلف طرق سے اسکو نقل کیا ہے چنانچہ فرماتے ہیں ا۔ عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلّم انی قد ترکت فیکم ما ان اخذتم بہ لن تضلوا بعدی الثقلین احدھما اکبر من الآخر کتاب اللہ حبل ممدود من السماء الی الارض و عترتی اھلبیتی الا و انھما لن یفترقا حتی یردا علی الحوض الخ یعنی ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہؐ نے کہ میں تمہارے درمیان دو نہایت عظیم الشان چیزیں چھوڑتا ہوں۔ جب تک تم ان کو پکڑے رہو گے میرے بعد تم کبھی گمراہ نہ ہوگے انمیں ایک دوسرے سے بڑا ہے ایک خدا کی کتاب (قرآن) زمین سے آسمان تک حبل متین ہے اور دوسری میری عترت اہلبیتؑ ہے خبردار وہ دونو ایک دوسرے سے نہ ہونگے یہاں تک روز قیامت میرے پاس حوض کوثر پہ حاضر ہوں۔ دیکھو:۔

مسند احمد حنبل جزء سوم صـ ۱۴/۱۷ وصـ ۲۶ وجزء چہارم صـ ۳۶۷/۳۷۱

جزء پنجم صـ ۱۸۲/۱۸۹ وسنن ترمذی

مستدرک حاکم جزء سوم کتاب معرفت صحابہ صـ ۱۰۹/۱۱۰ وصـ ۱۴۸

تاریخ کبیر ابن عساکر جلد پنجم حصہ تہذیب ترجمہ زید بن ارقم صـ ۳۶

۴۔ کنز العمال جزء ۶ صـ ۳۹۰ حدیث ۵۹۶۷ تا ۵۹۷۳

۵۔ صواعق محرقہ صـ ۸۹ وصـ ۹۰ باب الحاوی عشر صـ ۸۹/۱۳۵

۶۔ خصائص کبریٰ سیوطی جلد دوم صـ ۲۶۶

۷۔ ارجح المطالب صـ ۳۸۷/۳۸۹ وصـ ۳۹۰/۲۳۴

۸۔ کنز العمال جلد ا صـ ۴۷/۴۸ وجلد ۲ صـ ۶۱ وجلد ۷ صـ ۲۲۵

۹۔ ازالۃ الخفا مقصد اول صـ ۲۹۳

۱۰۔ بخاری جلد ۲ صـ ۵۳

سابقون السّابقون پر سبقت نہ کرو

رسول اسلام علیہ التحیہ والسّلام نے بار بار فرمایا کہ اے لوگو میری اہلبیتؑ پر سبقت نہ کرو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے اور میری اہلبیتؑ کو سکھانے کی کوشش کرو کیونکہ وہ تم لوگوں سے زیادہ علم رکھنے والے ہیں اسے اہل جماعت کے غیر متعصب علماء اور ان کی کتب نے تسلیم کیا ہے۔ ملاحظہ ہوں:۔

کتاب الاتحاف شیخ عبداللہ بن محمد صـ ۶

شرف المؤید یوسف بن اسمٰعیل صـ ۱۷/۱۸

اسعاف الراغبین محمد بن علی صبان برحاشیہ نور الابصار صـ ۱۰۱/۱۰۲

درمنثور سیوطی آیہ واعتصمو بحبل اللہ وآیہ مودۃ

مستدرک حاکم جزء سوم کتاب معرفۃ صحابہ صـ ۱۰۹/۱۱۰ وصـ ۱۴۸

۶۔ ینابیع المودۃ باب سوم ودچہارم صـ ۲۰/۳۹ وصـ ۹۷ وصـ ۲۹/۳۱ تا

۷۔ کشف البیان تفسیر قرآن ثعلبی ذرآیہ واعتصمو بحبل اللہ

۸۔ احیاء المیت برحاشیہ کتاب الاتحاف صـ ۱۱۰ تا صـ ۱۱۹

۹۔ زرقانی شرح مواہب الدنیہ جزء سابع صـ ۵

۱۰۔ سیرت حلبیہ نور الدین حلبی جزء سوم صـ ۳۰۸

۱۱۔ مصابیح السنۃ بغوی جزء دوم صـ ۲۷۹/۲۷۹

حدیث غدیر

حدیث غدیر مشہور صحیح اور متواتر احادیث میں سے ہے اسے دو سو سے زائد علماء اہل جماعت نے

اپنی کتب میں درج کیا ہے۔ جس کا تعریہ یہ ہے کہ جب رسول اللہ صلعم حجۃ الوداع سے واپس ہوئے تو راستہ میں بمقام غدیر لاکھوں مسلمانوں کے مجمع میں اونٹ کے پالانوں کے منبر پر خدائی حکم کے مطابق تکمیل دین کیلئے حضورؐ نے ایک عظیم الشان خطبہ دیا اور اپنے عم زاد برادر حضرت علیؑ کو منبر پر چڑھا کر اسکا ہاتھ بلند فرمایا اور لوگوں سے فرمایا۔ یا ایھا النّاس انّ اللہ مولای وانا مولی المومنین وانا اولی بھم من انفسھم فمن کنت مولاہ فھذا علیؑ مولاہ اللّھمّ وال من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من نصرہ واخذل من خذلہ الخ یعنے فرمایا جناب رسول خداؐ نے (بعد بیان فرمانے حدیث ثقلین کے) لوگو خدا میرا مولا ہے اور میں ایمان والوں کا مولا ہوں اور ان کی جانوں پر تصرف رکھتا ہوں۔ پس جس کا میں مولا ہوں اسکا یہ علیؑ مولا ہے بار الہا دوست رکھ اسکو جو علیؑ کو دوست رکھے اور دشمن رکھ اسکو جو اسکو دشمن رکھے اور مدد کر اسکی جو علیؑ کی مدد کرے اور چھوڑ دے اسکو جو اسکو چھوڑ دے دیکھو مندرجہ ذیل کتب۔

١۔ مسند احمد حنبل جز چہارم صـ ٣٧٢ جزو ۵ صـ ٣٥٦/٣٥٨ و صـ ٣٦١
٢۔ تذکرہ خواص الامۃ باب دوم صـ ١٧/١٨
٣۔ کنز العمال جز سادس صـ ٣٩٠ حدیث ۵٩٦٧ تا ۵٩٦٩
٤۔ مستدرک حاکم جز سوم صـ ١٠٩/١١٠ و صـ ١٤٨/١١١
۵۔ براہین قاطعہ کمال الدین جہرمی باب ١ فصل ۵ شبہ ١١ صـ ٦٣
٦۔ نزل الابرار صـ ٢١
٧۔ روضۃ الندیہ صـ ٦٧
٨۔ البدایہ والنہایہ جز پنجم صـ ٢٠٨ تا صـ ٢١٤
٩۔ اسنی المطالب شمس الدین جزری صـ ٣
١٠۔ ریاض النضرہ جز دوم باب ٤ فصل ٦ صـ ١٦٩/١٧٠ و صـ ٢٠٤
١١۔ نزل الابرار صـ ٢٣
١٢۔ تفریح الاحباب صـ ٣١٩/٣٢٠

تہنیت غدیر

جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ بحکم خدا بفرمان رسالت پناہ خلیفہ رسولؐ اور ہر مومن و مومنہ کے مولا مقرر ہو چکے تو بفرمان خدا رسالت پناہ نے حضرت علیؑ کو تہنیت و مبارکبادی دینے کیلئے ایک علیحدہ خیمہ نصب کرایا اس میں حضرت علیؑ جلوہ افروز ہوئے تو لوگ آپ کو ولی الامر ہونے پر مبارکباد دینے لگے اور بارگاہ امامت و خلافت میں حضرت عمر و حضرت ابوبکر نے مبارکباد پیش کی جسکا تاریخ حبیب السیر اس کو ان الفاظ میں تحریر کرتا ہے۔ پس امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ بموجب فرمودہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در خیمہ نشست و طوائف خلائق بملازمتش رفتہ لوازم تہنیت بتقدیم رسانیدند و از جملہ اصحاب امیر المومنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جناب ولایت مآب را گفت بخ بخ لک یا ابن ابیطالب اصبحت مولای و مولاء کل مومن و مومنۃ یعنے خوشا حال تو اے پسر ابوطالبؑ بامداد کردی در حالتیکہ مولائی من و مولائے ہر مومن و مومنہ

ہو دی لیعہ تجراں امہات المومنین برحسب اشارہ سید المرسلین بجمیرہ امیر المومنین رفتہ شرط تہنیت بجا آوردند الخ ملاحظہ ہو :-

۱- تاریخ حبیب السیر جلد اول جزو سوم صفحہ ۱۴۴
۲- کنز العمال جزو ثامن صفحہ ۶۰ حدیث $\frac{1209}{1213}$
۳- معارج النبوت رکن چہارم باب ۱۳ صفحہ ۲۲۰
۴- ریاض النضرہ محب طبری جزو دوم باب ۴ فصل تاسع صفحہ ۲۱۷
۵- قرۃ العینین ولی اللہ صفحہ ۲۰۷
۷- مسند احمد حنبل جزو چہارم صفحہ ۲۸۱
۸- اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ جلد ۴ صفحہ ۶۷۱
۹- مشکوٰۃ المصابیح صفحہ ۵۶۵
۱۰- وسیلۃ المآل شیخ احمد مالکی
۱۱- مناقب اخطب خوارزم و تذکرہ خواص الامۃ باب ۲ صفحہ ۲۰

حضرت علیؑ کا احتجاج

یہ بات مسلم ہے کہ حضرت علیؑ حقیقی طور پر حضرت رسول خدا صلعم کے خلیفہ تھے باوجود اثبات خلافت بلافصل و نصوص صریحہ متعلق خلافت حضرت علیؑ کے بانیان سقیفہ نے اپنی سیاسی تجاویز سے حقیقی خلیفہ کو خانہ نشین کر دیا اور بلا استحقاق اپنے آپ کو گدی نشین بنا دیا۔ اس پر حضرت علیؑ نے جو احتجاج متعدد مرتبہ فرمائے انکو مورخین اہل سنت نے بالصراحت تحریر کیا ہے :- ان علیاً کرم اللہ وجہہٗ قام خطیبا فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال انشد اللہ من شھد یوم غدیر خم الا قام ولا یقول نبئت او بلغنی الا رجل سمعت اذناہ و وعی قلبہ فقام سبعۃ عشر صحابیاً ...... فقال ھاتوا ما سمعتم فذکروا الحدیث ومن جملۃ من کنت مولاہ فعلی مولاہ الخ یعنی ایک دفعہ حضرت علیؑ نے خطبہ دیا خدا کی حمد و ثنا کے بعد لوگوں کو قسم دیکر کہا کہ وہ لوگ کھڑے ہو جائیں جو خم غدیر کے دن موجود تھے اور وہ شخص انہیں سے کھڑا نہ ہو جو صرف یہ کہے کہ میں نے سنا ہے یا مجھ تک خبر پہنچی ہے ۔ بلکہ وہ کھڑا ہو جس کے کانوں نے سنا ہو اور دل نے محفوظ رکھا ہو پس سترہ صحابی کھڑے ہوئے .... پھر حضرت علیؑ نے ان سے فرمایا تم نے جو دیکھا اور سنا تھا وہ بیان کرو پس ان لوگوں نے حدیث غدیر بیان کی اس کے جملوں میں سے ایک جملہ یہ تھا کہ جس کا میں مولا ہوں اس کا یہ علیؑ مولا ہے ۔

۱- مسند احمد حنبل جزو پنجم صفحہ $\frac{366}{370}$ و جزو چہارم صفحہ ۳۷۰ جزو اول صفحہ $\frac{84}{118, 119}$
۲- نزل الابرار ابن معتمد خان صفحہ $\frac{21}{22}$ و صفحہ ۲۰۶
۳- کنز العمال جزو ۶ صفحہ ۴۱۳ حدیث $\frac{6117}{6121}$ و صفحہ $\frac{6133}{6143}$ و صفحہ [illegible] حدیث $\frac{6134}{[illegible]}$
۴- اسنی المطالب صفحہ ۳
۵- روضۃ الندیہ صفحہ ۶۸
۶- تفریح الاحباب صفحہ ۳۴۹
۱۰- سیرت حلبیہ جزو سوم صفحہ ۳۰۸
۱۱- البدایہ والنہایہ جزو ۵ صفحہ $\frac{210}{211}$ و صفحہ $\frac{213}{214}$
۱۲- تاریخ الخلفاء سیوطی طبع مجتبائی صفحہ ۱۱۹ و صفحہ ۹۱ مطبوعہ بار سوم
۱۳- انسان العیون از نور الدین جزو سوم صفحہ ۳۰۹
۱۴- شرح نہج البلاغہ ابن ابی حدید جزو اول صفحہ ۳ خطبہ شقشقیہ
۱۵- تاریخ کامل جزو سوم صفحہ ۴۵

۷۔ تذکرۃ خواص الامۃ باب ۲ صفحہ ۱۷

۸۔ صواعق محرقہ باب تاسع فصل دوم صفحہ ۷۵/۵۴

۹۔ الفاروق شبلی نعمانی صفحہ ۹

۱۰۔ تاریخ خمیس جزو دوم صفحہ ۳۰۸

۱۱۔ تاریخ الامم والملوک جزو پنجم صفحہ ۱۵۲

۱۲۔ امامت والسیاست صفحہ ۶ و صفحہ ۱۸ تا ۲۰

حضرت علیؑ کی بابت شکایت کرنا باعث رنجیدگی رسولؐ ہے

حضرت تاجدار رسالت کے زمانے میں حضرت علیؑ کے متعلق حاسد لوگ آنحضرتؐ سے حضرت علیؑ کی شکایت کرتے تھے اور آنحضرتؐ شکایت کرنیوالوں سے رنج ہوتے تھے :- عن ابن عباس عن بریدۃ الاسلمی رضی اللہ عنہ قال غزوت مع علی الی الیمن فرایت منہ جفوۃ و تدمت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یتغیر فقال یا بریدۃ الست اولی بالمؤمنین من انفسھم قلت بلی یا رسول اللہ فقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ (یعنی بریدہ اسلمی سے روایت ہے کہ میں یمن کی لڑائی میں حضرت علیؑ کیساتھ تھا مجھے علیؑ سے کچھ تکلیف پہنچی اور جب میں واپس آیا تو میں نے جناب رسولؐ خدا سے حضرت علیؑ کی شکایت کی اس پر آنحضرتؐ کا چہرہ متغیر ہو گیا اور فرمایا کہ اے بریدہ کیا میں اہل ایمان کی جانوں پر متصرف نہیں ہوں میں نے کہا کہ آپ ضرور ہیں اس پر آپ نے فرمایا کہ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولاہ ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور شرط شیخین (بخاری و مسلم) کے مطابق صحیح ہے۔ ملاحظہ ہو ذیل کی کتب اہلسنت والجماعت

۱۔ مستدرک حاکم جزو سوم صفحہ ۱۱۰/۱۱۱

۲۔ کنز العمال جزو سادس صفحہ ۱۵۵ حدیث ۲۵۷۹ تا ۲۵۸۱

۳۔ منزل الابرار ابن معتمد خان صفحہ ۲۳

۴۔ کتاب الاکتفا فضل الاربعۃ الخلفا از ابراہیم بن عبداللہ وصابی

۵۔ مسند احمد بن حنبل جزو پنجم صفحہ ۳۵۶/۳۵۸ و صفحہ ۶۱

۶۔ ریاض النضرہ جزو دوم باب چہارم فصل ششم صفحہ ۱۶۹/۱۷۰ و صفحہ ۲۰۳

۷۔ تفریح الاحباب حسن علی محدث صفحہ ۳۱۹/۳۲۰

۸۔ درمنثور سیوطی جزو دوم صفحہ ۲۹۳/۲۹۴

۹۔ ارجح المطالب ایڈیشن چہارم باب ۲ صفحہ ۶۴۷ تا صفحہ ۶۵۷

۱۰۔ تاریخ الخلفاء سیوطی ترجمہ اردو بار سوم مطبع زمیندار لاہور صفحہ ۹۳

تکمیل دین رسولؐ

ہمارا عقیدہ ہے کہ اعلان وصایت و ولایت و خلافت حضرت علیؑ بیوم غدیر کے بعد دین اسلام مکمل ہوا ہے اور اس عقیدہ میں اہل جماعت بھی متفق ہیں۔ کہ آیت الیوم اکملت لکم دینکم ،، الآیہ جب یوم غدیر خلافت بلا فصل علی کا اعلان ہو چکا تب یہ آیۃ اکمال فوراً حسب دین نازل ہوئی :- عن ابی ھریرۃ قال لما کان یوم غدیر خم وھو یوم ثمانی عشر من ذی الحجۃ قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من کنت مولاہ فعلی مولاہ فانزل اللہ الیوم اکملت لکم دینکم الآیۃ الخ

یعنی ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ یوم غدیر خم اٹھارہ ذی الحج تھا اس روز جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا جس کا میں مولا ہوں اسکا علیؑ مولا ہے اس اعلان کے بعد آیت الیوم اکملت لکم دینکم (تا آخر آیۃ) نازل ہوئی ۔ ملاحظہ ہو:۔

۱۔ در منثور سیوطی جزو دوم صفحہ ۲۵۹ تفسیر آیۃ الیوم اکملت
۲۔ کتاب ما نزل فی القرآن فی علی از ابو نعیم صبہانی
۳۔ کتاب المناقب ابو الحسن مغازلی
۴۔ کتاب خصائص علویہ محمد بن علی النطنزی
۵۔ کتاب المناقب اخطب خوارزم
۶۔ فرائد السمطین حموینی

حضرت علیؑ کے دشمن بزبان حضور انور صلعم

زمانہ تاجدار مدینہ میں حضرت علیؑ کے دشمن اور حاسد موجود تھے آپ کے خلاف انکے دلوں میں کینے بھرے ہوئے تھے اور یہ مخالف مسلمانوں میں سے تھے حضرت رسول اکرم کی احادیث صحیحہ سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس مخالف جماعت کی موجودگی سے واقف تھے ہمارے برادران اہل جماعت اور انکے معتبر علماء و کتب اس امر میں ہم سے متحد ہیں۔ دیکھو رسول اللہ صلعم نے حضرت علیؑ سے فرمایا:۔ یا علیؑ ان الامۃ ستغدر بک من بعدی وانت تعیش علی ملتی وتقتل علی سنتی الخ یعنی اے علیؑ میرے بعد تیرے ساتھ یہ امت دغا کریگی تم میری ملت پر زندہ رہو گے اور میری سنت پر قتل کئے جاؤ گے دیکھو کنز العمال جزو سادس اور فرمایا:۔ ضغائن فی صدور قوم لا یبدونہا الا من بعدی الخ یعنی اے علیؑ لوگوں کے قلوب میں تیری طرف سے کینے بھرے ہوئے ہیں جنکو یہ لوگ میرے بعد ظاہر کریں گے دیکھو نور الابصار:۔

۱۔ کنز العمال جزو سادس صفحہ ۱۵۷ حدیث ۲۵۱۵ و صفحہ ۴۰۸ حدیث ۶۱۵۹
۲۔ نور الابصار شبلنجی صفحہ $\frac{۷۱}{۱۰۳}$
۳۔ ینابیع المودت صفحہ $\frac{۲۳۲}{۲۷۲}$ و صفحہ $\frac{۱۳۵}{۱۲}$
۴۔ ارجح المطالب شیخ یوسف بن اسمٰعیل صفحہ $\frac{۴۸}{۸۹}$
۵۔ ریاض النضرہ جزو دوم باب چہارم فصل ثامن صفحہ ۲۱۰
۶۔ مستدرک حاکم جزو سوم صفحہ $\frac{۱۴۰}{۱۴۲}$ ۔
۷۔ نزل الابرار بدخشانی صفحہ ۳۹

نص خلافت

آنحضرت صلعم اپنی مرض الموت میں کاغذ و دوات و قلم طلب فرما کر اپنے بعد اپنے خلیفہ کا نام لکھنا چاہتے تھے کہ اس بارے میں اختلاف ضلالت نہ ہو جاوے مگر ثانی صاحب اس امر کے لکھنے سے مانع ہوئے برادران اہلجماعت بھی ہم سے اتفاق رکھتے ہیں۔ دیکھئے:۔ اراد ان ینص علی اسامی الخلفاء بعدہ حتی لا یقع بینھم الاختلاف الخ یعنی آنحضرت صلعم کا ارادہ تھا کہ

اپنے بعد کے خلفاء کے نام مقرر کرکے لکھ دیں تاکہ آپ کے بعد آپس میں اختلاف نہ ہو۔ اس بارے میں ہم نے اس کتاب میں بہت کچھ لکھا ہے۔ یہاں مختصراً چند حوالاجات درج کرتا ہوں ملاحظہ ہو

۱۔ فتح الباری شرح بخاری جزء اول باب کتاب العلم ص ۱۸۶ وقول الکتب علم کتابا ص ۱۰۱

۲۔ الکواکب الدراری شرح بخاری حافظ شمس الدین ۸۰۷ھ خطابی سے منقول

۳۔ شرح صحیح مسلم از علامہ نووی

۴۔ شہاب الدین خفاجی شارح شفا قاضی عیاض

ہجرت رسولؐ

آنحضرت صلعم شب ہجرت اپنے بستر پر حضرت علیؑ کو سلا کر غار ثور کیطرف روانہ ہو گئے جب حضرت ابوبکر کو حضرت علیؑ سے پتہ چلا کہ آپ غار ثور کیطرف گئے ہیں تو وہ آپ کے پیچھے چلے گئے اس امر کو برادران اہل جماعت نے یوں لکھا ہے۔ دیکھئے نخرج ابو بکر مسرعاً فلحق نبی اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی الطریق فسمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جرس ابی بکر فی ظلمة اللیل فحسبہ من المشرکین فاسرع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المشیء فانقطع قبال نعلہ ففلق ابہامہ بحجر الخ یعنی حضرت ابوبکر جلد جلد چلے اور راستہ میں آنحضرت سے جا ملے آپ نے جو انکے پاؤں کی آہٹ سنی تو سمجھے کہ کوئی مشرک پیچھے آرہا ہے پس آنحضرت جلد جلد چلنے لگے یہاں تک کہ آپ کا جوتا ٹوٹ گیا اور انگلیاں پتھروں سے زخمی ہو گئیں دیکھو۔

۱۔ تاریخ الامم والملوک طبری جزء دوم ص ۲۴۴

۲۔ مسند احمد حنبل جزء اول ص ۳۳۱

۳۔ تذکرہ خواص الامۃ ابن جوزی باب ۲ ص ۴۱

۴۔ در منثور سیوطی جزء سوم ص ۲۴۰

۵۔ روضۃ الندیہ شرح تحفۃ العلویہ ص ۱۱

۶۔ مستدرک حاکم جزء سوم ص ۱۳۳

۷۔ نزل الابرار ابن معتمد ص ۱۷

۸۔ ریاض النضرہ جزء دوم باب ۴ فصل چھٹی ص ۲۰۳

سد ابواب

بعد تعمیر مسجد مدینہ منورہ صحابہ نے اپنے مکانات مسجد سے ملحق بنا کر انکے دروازے مسجد میں رکھ دیئے اور ہر حالت میں مسجد میں سے آنے جانے لگے اس سے مسجد کی عزت و حرمت میں فرق آنے لگا خدا نے اپنے رسول کو حکم دیا کہ مسجد میں سے سوائے علیؑ کے دروازے کے سب دروازے بند کرا دو بہ تعمیل حکم خدا رسول اللہ نے علیؑ کا دروازہ کھلا رکھا باقی سب صحابہ کے دروازے بند کرا دیئے۔ برادران اہل جماعت کے اکثر علماء و کتب نے یونہی لکھا ہے دیکھئے

عن سعد ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امر بالابواب فسدت وترک باب علی فاتاہ العباس فقال یا رسول اللہ سددت ابوابنا وترکت باب علیؑ فقال ما انا سددتہا لکن اللہ سدھا۔ یعنے سعد کہتے ہیں کہ جناب رسولِ خدا نے فرمایا کہ تمام دروازے بند کر دیئے جاویں لیکن آپ نے علیؑ کا دروازہ کھلا رہنے دیا اور ابن عباس نے آپ کے پاس آکر شکایت کی کہ ہمارے دروازے تو بند کرا دیئے اور علیؑ کا دروازہ کھلا رکھا اسپر آپ نے جواب دیا کہ اُن کے دروازے میں نے بند نہیں کرائے بلکہ خدا نے بند کرائے ہیں۔ اور علی کا دروازہ کھلا رکھا ہے۔ یہ اللہ کے حکم سے ہے ملاحظہ ہوں کتب ذیل:۔

۱۔ ارجح المطالب باب چہارم ص ۵۱۲/۵۱۱ و ص ۵۱۱/۵۰۴ و ص ۵۱۳/۵۰۸

۲۔ مسند احمد حنبل جزو اول ص ۱۷۵/۳۳۱ و جزو دوم ص ۲۶ و جزو چہارم ص ۳۶۹

۳۔ ریاض النضرہ جزو دوم باب چہارم فصل ص ۱۹۳/۱۹۲ و ص ۲۰۴

۴۔ وفاء الوفا سمہودی جزو اول باب فصل حادی العشر ص ۳۳۶/۳۴۴

۵۔ در منثور سیوطی جزو سوم ص ۳۱۴ و جزو ششم ص ۱۲۲

۶۔ تذکرہ خواص الامۃ باب دوم ص ۲۵

۷۔ القول المستحسن مطبوعہ اردو اخبار دہلی ۱۸۵۱ء و ص ۲۲۴

۔ روضۃ الندیہ ص ۱۹۱/۱۵۲

[illegible]

۱۰۔ ینابیع المودت قندوزی باب سابع عشر ص ۸۲ تا ص ۸۳

۱۱۔ فتح الباری ابن حجر عسقلانی جزو سابع ص ۵۹/۱۳۱۲ طبع بولاق

۱۲۔ اسنی المطالب شمس الدین جزری ص ۱۳

۱۳۔ البدایہ والنہایہ ابن کثیر جزو سابع ص ۳۴۲

۱۴۔ صواعق محرقہ باب تاسع فصل دوم حدیث ۱۳ ص ۷۳ و حدیث ۲۳ ص ۴۴ و فصل سوم ص ۷۶

۱۵۔ مستدرک حاکم جزو سوم ص ۱۱۷/۱۲۵ و ص ۱۳۴

۱۶۔ مناقب مرتضوی از کشفی باب سوم ص ۱۰۴

قلوب کی کجی

قرآن کریم میں ہے کہ ام المومنین دختر خلیفہ نمبر ۱۔ ام المومنین دختر خلیفہ دوم کی خدا کی جانب سے ان کے اعمال و افعال کیوجہ سے تنبیہ و تہدید کیگئی اور وہ آیت یہ ہے:۔ ان تتوبا الی اللہ فقد صغت قلوبکما (سورہ تحریم) یعنی تم دونو خدا کے آگے توبہ کرو تو بہتر ہے کیونکہ تم دونو کے دل کج ہو گئے ہیں۔ برادران اہل جماعت کے علماء نے یونہی لکھا ہے۔ دیکھو کتب ذیل:۔

۱۔ کشاف زمخشری جزو دوم تفسیر سورۂ تحریم ص ۴۶۹/۴۶۷ و ص ۴۷۱

۲۔ طبقات ابن سعد جزو ثامن فی النساء ص ۱۳۱/۱۳۳

۔ مسند احمد حنبل جزو اول ص ۳۳/۳۴ و ص ۴۸

۴۔ کنز العمال جزو اول ص ۲۶۹ و حدیث ص ۴۷۴۳ و ص ۲۷۰/۲۷۲ تا

۵۔ سیرت حلبیہ جزو ثالث ص ۳۵۳

۶۔ صحیح بخاری کتاب تفسیر قرآن تفسیر سورۂ تحریم

حضرت علیؑ کے فیصلے

زمانۂ حضرت رسولِ خدا صلعم میں قضایا اور عدالت کے متعلق حضرت علیؑ کی قابلیت مسلم تھی اور

حضور ہی کے زمانہ اقدس میں بحکم آنحضرت آپ ملکوں میں قضایا کیلئے بھیجے جاتے تھے نیز اوران اہلجماعت کی بھی اس امر میں یہی رائے ہے۔ دیکھئے:۔ عن علی قال بعثنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم الی الیمن قاضیا وانا حدیث السن فقلت یا رسول اللہ تبعثنی الی قوم یکون بینھم احداث ولا علم لی بالقضاء قال ان اللہ عزوجل لیھدی لسانک ویثبت قلبک قال فما شککت فی قضاء بین اثنین الخ یعنے حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ آنحضرت نے مجھے یمن کیطرف قاضی بنا کر روانہ کیا میں اسوقت کم سن تھا میں نے عرض کی یارسول اللہ آپ مجھے ایسی قوم کیطرف روانہ فرمارہے ہیں جس میں اکثر جھگڑے ہوا کرتے ہیں اور مجھے تجربہ نہیں تو آنحضرت نے فرمایا خداوند کریم تیری زبان کو ہدایت کریگا اور تیرے دل کو ثابت رکھیگا جناب امیر فرماتے ہیں کہ مجھے کبھی دو آدمیوں کے تنازعات کے فیصلہ کرنے میں پھر شک نہ ہوا اس کا ثبوت مندرجہ ذیل کتابوں میں ملاحظہ فرمائیں

۱۔ مسند احمد حنبل جزو اول ص $\frac{۱۳۹}{۱۵۶}$

۲۔ ریاض النضرۃ جزو دوم باب ۴ فصل ۶ ص $\frac{۱۹۸}{۱۹۹}$

۳۔ مستدرک حاکم جزو سوم ص ۱۳۵ و کتاب معرفۃ الصحابہ ص ۱۳۵

۴۔ نور الابصار شبلنجی ص $\frac{۷۱}{۷۳}$

۵۔ صواعق محرقہ باب تاسع فصل دوم حدیث عاشر ص ۷۳ و فصل ثالث ص ۷۶

۶۔ الاستیعاب ابن عبدالبر جزو دوم ترجمہ علی ص $\frac{۴۷۳}{۴۷۴}$

۸۔ اسنی المطالب ص ۱۴

۹۔ نزل الابرار ص ۱۸

۱۰۔ روضۃ الندیہ ص $\frac{۱۳}{۸۴}$ و ص ۹۱

۱۱۔ تفریح الاحباب ص ۳۲۲

۱۲۔ حلیۃ الاولیا ابی نعیم اصفہانی جلد اول ص ۶۶

۱۳۔ کنز العمال جزو سادس ص ۱۵۳

۱۴۔ البدایہ والنہایہ ابن کثیر جزو سابع ص $\frac{۳۵۷}{۳۵۸}$

ایذاء فاطمہؑ

جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا:۔ فاطمۃ بضعۃ منی من اغضبھا اغضبنی، یعنی فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس نے اسکو غضبناک کیا اُسنے مجھے غضبناک کیا دیکھو بخاری جزو دوم ص $\frac{۳۰۰}{۳۰۵}$ و فتح الباری جزو سابع ص ۸۳۔ جناب سیدہ سلام اللہ علیہا شیخین پر غضبناک ہوئیں اور آپ نے مرتے دم تک انسے کلام نہ کیا۔ یہ حقائق خود اہل جماعت نے اپنی کتابوں میں لکھے ہیں دیکھئے واقعہ فدک جب جناب سیدہ نے آپنے والد کی میراث فدک طلب کی۔ فقال لھا ابوبکر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال لا نورث ما ترکنا صدقۃ فغضبت فاطمہ بنت رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم فھجرت ابابکر فلم تزل مھاجرتہ حتی توفیت یعنی خلیفہ کہا کہ جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ ہم پیغمبر لوگ میراث نہیں چھوڑتے ہمارا ترکہ صدقہ ہے اس پر جناب فاطمۃ الزہراؑ اس پر بہت غضبناک ہوئیں اور اسکے بعد اس سے کلام کرنا

کر دیا اور اُن سے کبھی کلام نہ کیا یہاں تک کہ آپ نے وفات پائی اور بھی بکثرت مواقع پر جناب سیدہ کو ناراض کیا واقعۂ فدک و احراق باب فاطمہ اس کتاب کے پہلے حصہ میں بیان ہو چکے ہیں۔
کتب ذیل ملاحظہ فرمادیں:۔

۱۔ صحیح بخاری کتاب الخمس باب فرض الخمس جزو دوم صفحہ ۱۲۴ و کتاب المغازی باب غزوہ خیبر
۲۔ طبقات الکبریٰ ابن سعد جلد دوم ق ۲ صفحہ ۸۶
۳۔ تاریخ الامم والملوک جز سوم صفحہ ۲۰۲
۴۔ فتوح البلدان بلاذری طبع ۱۳۵۰ھ و ۱۹۳۲ء مطبع مصر صفحہ ۴۴/۴۵
۵۔ تاریخ خمیس دیار بکری جز دوم صفحہ ۲۱۳
۶۔ وفاء الوفاء باخبار دار المصطفیٰ جز دوم باب ۶ صفحہ ۱۷۱
۷۔ صحیح بخاری جلد سوم جز دوم طبع مصر صفحہ ۳۵/۳۹
۸۔ صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۹۱ کتاب الجہاد والسیر باب لا نورث
۹۔ روضۃ الاحباب جلد ۱ صفحہ ۴۳۳
۱۰۔ فتح الباری ابن حجر جلد ۵ صفحہ ۵۷۱/۵۷۳ و جلد ۷ صفحہ ۱۴۰
۱۱۔ بخاری مع فتح الباری طبع دہلی کتاب النکاح جلد ۵ صفحہ ۱۴۳
۱۲۔ سنن ابی داؤد مترجم وحید الزمان طبع لاہور صفحہ ۵۳/۵۷ و غیر مترجم صفحہ ۴۱۶
۱۳۔ مسند احمد حنبل جلد چہارم صفحہ ۴۳
۱۴۔ امامت والسیاست مطبوعہ مصر صفحہ ۳۰
۱۵۔ نیل الاوطار جلد ۷ صفحہ ۸۶
۱۶۔ اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ عبدالحق جلد ۳ صفحہ ۴۵۳

بیت الاحزان

جناب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا بنت تاجدار اسلام اپنے پدر بزرگوار کی وفات کے بعد بہت جلد ستم پر ستم جھیل کر بکثرت گریہ فرمانے لگیں ان کو یہ بھی ناگوار گزرا اس پر جناب سیدہ نے مدینہ سے باہر ایک بیت الحزن بنوایا لیکن وہاں بھی یہ لوگ مانع ہوئے برادران اہلجماعت کے معتبر علماء و مورخ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں۔ دیکھو:۔

۱۔ تاریخ حبیب السیر مطبوعہ بمبئی جلد اول جزو سوم صفحہ ۹/۵۸
۲۔ روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد ۲ صفحہ ۱۶۰
۳۔ معارج النبوۃ مطبوعہ نولکشور رکن ۴ صفحہ ۲۲۷
۴۔ جذب القلوب نولکشور صفحہ ۱۷۵
۵۔ منہاج النبوۃ ترجمہ مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ ۸۴۴
۶۔ سوانح رسول کریم از مظہر احمد مطبع خادم التعلیم لاہور صفحہ ۱۱
۷۔ تاریخ ال امجاد صفحہ ۱۷
۸۔ اکسیر التواریخ جلد دوم صفحہ ۷
۹۔ مدارج مصطفیٰ صدر الدین احمد صفحہ ۳۶/۴

حضرت علیؑ نے کسی مصنوعی خلیفہ سے بیعت نہ کی

ہمارا اعتقاد ہے کہ حضرت علیؑ نے حضرت رسالت پناہ صلعم کے بعد کسی شخص کی بیعت نہیں کی اگرچہ آپ پر ہر قسم کے دباؤ ڈالے گئے برادرانِ اہلجماعت طرف داران حکومت کہتے ہیں کہ آخر آپ نے ان سے

بیعت کرلی تھی۔ مگر ان کے معتبر علماء و کتب یہ تسلیم کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے ان سے بیعت نہیں کی۔ کے تاریخی شواہد اس امر کے بیّن ثبوت ہیں۔ دیکھو:-

۱۔ تاریخ حبیب السیر جلد اول
۲۔ تاریخ طبری جزو سوم ص ۱۹۹/۲۰۲
۳۔ شمس التواریخ ص ۵۵۸
۴۔ تاریخ ابوالفدا جزو اول ص ۱۵۶
۵۔ تاریخ ابن کثیر شامی جزو پنجم ص ۲۴۶
۶۔ تاریخ خمیس جزو دوم ص ۱۸۵/۱۸۶

صواحب یوسف

اہلجماعت کے معتبر علماء و کتب نے لکھا ہے:- فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انکن لانتن صواحب یوسف مروا ابابکر فلیصل بالناس۔ یعنے جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ تم دونوں زنانِ مصر کیطرح ہو۔ اور زنانِ مصر کی کیفیت و شان دنیا کو معلوم ہے:-

۱۔ صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ ص ۲۱/۲۳ و ص ۲۴/۲۵
۲۔ سنن ابن ماجہ ص ۱۱۸
۳۔ تاریخ طبری جزو سوم ص ۱۹۵
۴۔ تاریخ کامل ابن اثیر جزو دوم ص ۱۲۲/۱۲۳
۵۔ بخاری کتاب اذان باب حد مریض ان یشھد الجماعۃ و کتاب الاعتصام پارہ ۲۹
۶۔ تاریخ الخلفاء سیوطی بحالات حضرت علی مطبوعہ بار سوم مطبع اخبار زمیندار لاہور ۱۳۳۱ھ ص ۹۵/۹۶

اظہار حقیقت

کتب معتبرہ اہل جماعت میں حضور کے بعد پہلے خطبہ میں خلیفہ اول کے متعلق انکے علماء نے بکثرت کتب میں لکھا کہ خلیفہ صاحب نے فرمایا:- ایہا الناس انی ولیت امرکم ولست بخیرکم فان ضعفت فقوموني واعلموا ان لی شیطانا یعتریني احیاناً فاذا رأیتموني غضبت فاجتنبوني الخ۔ یعنے اے لوگو میں نے آپکے امور کی زمام تو ہاتھ میں لے لی ہے۔ مگر میں تم سے بہتر نہیں ہوں اگر میں ٹیڑھا ہوجاؤں تو تم مجھ کو سیدھا کردینا۔ تم سمجھ لو کہ کبھی کبھی مجھ پر شیطان چڑھ جاتا ہے پس جب تم مجھ کو غصہ میں دیکھو تو مجھ سے پرہیز کیا کرو۔ دیکھو:-

۱۔ طبقات ابن سعد جلد سوم ق ۱ ص ۱۲۹
۲۔ تاریخ الخلفاء سیوطی مطبع مجتبائی ص ۵۱ و ص ۴۹ و ص ۳۶/۴۸ مطبوعہ مطبع زمیندار لاہور بار سوم۔
۳۔ تاریخ الامم والملوک طبری جزو سوم ص ۲۰۳/۲۱۱
۴۔ کنز العمال جزو سوم ص ۱۳۰ حدیث ۲۲۶۳ و ص ۱۳۶ الحدیث ۲۳۴۷
۵۔ امامت والسیاست ص ۱۶
۶۔ شرح نہج البلاغۃ جزو دوم ص ۸
۷۔ تفریح الاحباب مترجم حامل المتین ص ۴۰/۵۶ و ص ۵۷/۶۱
۸۔ تاریخ کامل ابن اثیر جزری جزو دوم ص ۱۲۶

حواب کے کتے

برادران اہل جماعت کے معتبر علماء وکتب نے لکھا ہے:۔ لما اقبلت عائشہ بلغت میاہ بنی عامر لیلا نبحت الکلاب قالت ای ماء ھذا قالوا ماء الحواب قالت ما اظنی الا انی راجعۃ فقال لبعض من کان معہا بل تقدمین فیراک المسلمون فیصلح اللہ عزوجل ذات بینھم قالت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال لھا ذات یوم کیف باحداکن تنبح علیھا الکلاب الحواب الخ یعنی جب حضرت عائشہ حضرت علی علیہ السلام سے لڑنے کیلئے نکلیں اور بنی عامر کے چشموں تک گئیں تو وہاں کے کتے آپ پر بھونکنے لگے اسپر آپ نے پوچھا کہ یہ کون سا چشمہ ہے لوگوں نے کہا یہ چشمہ حواب ہے۔ تو جناب عائشہ نے کہا کہ میں یہاں سے واپس جاتی ہوں لوگوں نے کہا کہ آپ واپس نہ جائیں شاید آپ کے ذریعہ سے مسلمانوں کے امور کامیاب ہوں تو عائشہ نے فرمایا کہ ایک دن جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا تھا کہ تم میں سے ایک عورت کا کیا حشر ہوگا جس پر حواب کے کتے بھونکیں گے دیکھو:۔

۱۔ مسند احمد حنبل جز سادس ص ۵۲/۹۷
۲۔ تاریخ حبیب السیر جلد اول جز چہارم ص ۴۸
۔ مستدرک حاکم جز سوم ص ۱۲۰
۴۔ کتاب الامامت والسیاست ذکر واقعہ جمل ص ۵۶
۔ تاریخ کامل ابن اثیر ذکر واقعہ جمل
۔ معجم البلدان حموینی در ذکر حواب
۔ تاریخ ابن خلدون ترجمہ اردو جلد ۴ واقعہ جمل ص ۲۹۹
۸۔ سیرت حلبیہ جز سوم ص ۳۲۰/۳۲۱
۹۔ کنز العمال جز سادس ص ۸۳ حدیث ۱۲۹۸ و ص ۸۴ حدیث ۱۳۱۱
۱۰۔ تاریخ طبری جز پنجم واقعہ جمل ص ۱۷۱
۱۱۔ مروج الذہب مسعودی جلد دوم ص ۲۴۳/۲۴۴
۱۲۔ تاریخ ابی الفدا جز اول ذکر حوادث سنہ ست وثلاثین ص ۱۷۳
۱۳۔ روض المناظر علم الاوائل والاواخر واقعہ سنہ ۳۶ھ
۱۴۔ صواعق محرقہ باب ثامن ص ۱۱۷

استحقاق خلافت

بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی مستحق خلافت تھے جسکو حضرت عمر نے متعدد مواقع پر تسلیم کیا ہمارے برادران اہل جماعت کے معتبر علماء وکتب حضرت عمر کے اس بیان کو تسلیم کرتے ہیں۔ چنانچہ ترجمہ احکام سلطانیہ کی عبارت ملاحظہ ہو۔ ابن عباس کہتے ہیں کہ ایک دن میں نے عمر کو بہت بے چین پایا اور وہ فرمانے لگے کہ کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ میں خلافت کے بارے میں کیا کروں میں نے کہا آپ علی کو کر دیجیے فرمایا بے شک وہ اس کے اہل ہیں مگر ان میں ظرافت ہے" دیکھو۔

۱۔ اردو ترجمہ احکام سلطانیہ ص ۱۹/۲۱
۴۔ کتاب المناقب ابوبکر احمد بن موسیٰ بن مردویہ

۲- شرح نہج البلاغۃ ابن ابی الحدید جز دوم صہ ۱۱۴

۳- استیعاب فی معرفۃ الصحاب ترجمہ علی طبع دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن صہ ۴۸۰

۵- تاریخ طبری جز خامس صہ ۳۴/۳۵

۶- تاریخ کامل ابن اثیر جزو سوم صہ ۳۵

۷- فتح الباری ابن حجر عسقلانی جز سابع صہ ۵۵

اتباعِ سیرت شیخین سے حضرت علیؑ کا انکار

حضرت علیؑ نے شیخین کی سیرت کی پیروی سے انکار فرمایا اور کتاب اللہ و سنّت رسول اللہ پر چلنے کو تسلیم کیا اگر سیرت شیخین سنّت رسولؐ و کتاب اللہ کے مطابق ہوتی تو حضرت علیؑ انکار نہ فرماتے ہمارے برادران اہل جماعت اس امر کو تسلیم کرتے ہیں :- فبدا بعلی علیہ السّلام وقال لہ ابایعک علی کتاب اللہ وسنۃ رسول اللہ وسیرت الشیخین ابی بکر وعمر فقال بل علی کتاب اللہ وسنۃ رسولہ الخ یعنے عبدالرحمٰن بن عوف نے علیؑ سے شروع کیا اور کہا کہ میں آپکی بیعت اس شرط پر کرتا ہوں کہ آپ وعدہ کریں کہ خدا کی کتاب اور سنّت رسول اللہ اور سیرت شیخین ابوبکر وعمر کی پیروی کرینگے آپ نے جواب دیا کہ میں کتاب اللہ و سنّت رسول اللہ کی پیروی تو کروں گا لیکن سیرت شیخین کی پیروی نہ کروں گا۔ دیکھو :-

۱- شرح نہج البلاغۃ ابن ابی الحدید جز اول صہ ۶۳

۲- تاریخ ابی الفدا جز اوّل صہ ۱۶۵/۱۶۶

۳- تاریخ ابن خلدون باقی جز دوم از تاریخ ابن خلدون طبع ۱۲۸۴ھ صہ ۱۲۶

۴- تاریخ حبیب السیر جلد اول جز چہارم صہ ۲۷/۲۸

۵- شمس التواریخ صہ ۱۳۱۴

۶- تاریخ طبری جز پنجم صہ ۳۷

تقسیم انعامات

برادران اہلجماعت کو تسلیم ہے کہ ان کے خلیفے اپنی پارٹی کو بیت المال سے گرانقدر انعامات و جاگیرات سے سرفراز فرماتے رہتے تھے۔ واقعات بہت ہیں یہاں صرف ایک عبارت لکھتا ہوں باقی حوالے درج کرتا ہوں عن ھشام ابن عروہ عن ابیہ قال اقطع عمر رضی اللہ عنہ العقیق حتی انتھی الی ارض فقال ما اقطعت مثلھا قال خوات بن جبیر اقطعنیھا فاقطعہ ایاھا الخ یعنے عروہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر نے وادی عقیق لوگوں کو بخشدی اور ایک ایسے قطعہ زمین پر پہنچے اور فرمایا کہ ایسا قطعہ اراضی میں نے اس سے پہلے کسی کو نہیں دیا اسپر خوات ابن جبیر نے کہا مجھے دیدو پس حضرت عمر نے وہ قطعہ زمین اسکو دیدیا۔ دیکھو :-

۱- فتوح البلدان بلاذری صہ ۲۶

۲- صحیح بخاری کتاب الخمس باب ما اقطع النبی من البحرین جز دوم صہ ۱۲۵

۳- طبقات ابن سعد جلد دوم ق ۲ صہ ۸۸

۴- مسند احمد حنبل جز دوم صہ ۱۸۳

انبیاء بحکم خدا اپنے خلیفے خود مقرر فرماتے رہے

ابد سے سُنّت الٰہیہ یہ جاری رہی ہے کہ انبیاء ماسلف نے خدا کے حکم کے مطابق اپنے جانشین و خلیفے خود مقرر فرمائے چنانچہ علامہ مسعودی نے مروج الذہب و معادن الجواہر بر حاشیہ نفح الطیب جزاول ص۳۹ میں کہا ہے کہ انبیاء کے جانشینوں کا تقرر بذریعہ وصیّت ہوتا رہا ہے۔ اسی سنّت الٰہیہ پر تاجدار رسالت و سرکار مدینہ نے خدا کے حکم سے غدیر خم کے مقام پر حضرت علیؑ کو اپنا ولیعہد و جانشین بنایا اور قبل ازیں بھی آنحضرت صلعم اشارۃً اور صراحتاً علیؑ کو اپنا ولیعہد و وصی و بھائی و خلیفہ مثل ہارون بتاتے رہے جن کا مفصل ذکر اس حصّہ اور اس کے حصہ اوّل میں مذکور ہے۔ برادران اہلجماعت کے علماء معتبرہ کتب معتمدہ سے ثابت کیا جا چکا ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے علیؑ کو خلیفہ مقرر فرما دیا تھا۔ اب اسجگہ یہ دکھانا مطلوب ہے کہ انبیاء ماسبق نے اپنے خلیفے بحکم خدا خود مقرر فرمائے۔ بخوف طوالت عربی عبارات کو ترک کرتے ہوئے صرف حوالے کتب برادران اہل جماعت سے پیش کئے جاتے ہیں:۔

نمبر شمار	نام نبی جس نے اپنے وصی کو خود مقرر فرمایا	حوالے
۱	حضرت آدم نے خلافت حضرت شیث کیلئے وصیّت نامہ تحریر فرما دیا۔	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۷۶/۹۴ و اسلام کا نظام حکومت حامد انصاری ص ۱۰۷
۲	حضرت شیث نے حضرت انوش کو وصی بنایا	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۸۱ و تاریخ کامل جلد ۱ ص ۳۰/۲۶
۳	حضرت انوش نے حضرت قینان کو وصی بنایا	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۸۳ و تاریخ کامل جلد ۱ ص ۳۰/۲۶
۴	حضرت قینان نے حضرت مہائیل کو وصی بنایا	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۸۳ و تاریخ کامل جلد ۱ ص ۳۰/۲۶
۵	حضرت مہائیل نے حضرت یرد یارد کو وصی بنایا	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۸۳ و تاریخ کامل جلد ۱ ص ۳۰/۲۶
۶	حضرت یردیارد نے حضرت ادریس کو خلیفہ بنایا	تاریخ کامل جلد ۱ ص ۳۰
۷	حضرت ادریس نے حضرت متوشلخ کو خلیفہ بنایا	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۸۲ و تاریخ کامل جلد ۱ ص ۳۰/۲۶
۸	حضرت متوشلخ نے حضرت ملک کو خلیفہ بنایا	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۸۷ و تاریخ کامل جلد ۱ ص ۳۰
۹	حضرت نوح نے حضرت سام کو خلیفہ بنایا	تاریخ کامل جلد ۱ ص ۲۶
۱۰	حضرت ابراہیم نے حضرت اسمٰعیل کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفا جلد ۱ ص ۵۸ و طبع بمبئی ص ۳۰
۱۱	حضرت اسمٰعیل نے حضرت اسحٰق کو خلیفہ بنایا	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۱۹۲
۱۲	حضرت اسمٰعیل نے حضرت قیدار کو بھی خلیفہ بنایا بروایت دیگر	روضۃ الصفا جلد ۱ ص ۶۱

نمبر شمار	نام نبی جس نے اپنے وصی و خلیفہ کو خود مقرر فرمایا	حوالے
۱۳	حضرت اسحاق نے حضرت یعقوب کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۶۲ و ص ۶۳
۱۴	حضرت یعقوب نے حضرت یوسف کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۹۴ و تاریخ طبری جلد ۱ ص ۱۷۲
۱۵	حضرت یوسف نے حضرت یہودا کو خلیفہ بنایا	تاریخ طبری جلد ۱ ص ۱۷۳
۱۶	حضرت ایوب نے حضرت حومل کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۱۰۰ و طبری جلد ۱ ص ۱۱۶ و تاریخ کامل جلد ۱ ص ۴۷
۱۷	حضرت ایوب نے بروایت دیگر بشیر وجیدان کو خلیفہ بنایا	طبری جلد ۱ ص ۱۶۷ و تاریخ کامل جلد ۱ ص ۴۷
۱۸	حضرت موسیٰ نے حضرت ہارون کو خلیفہ بنایا	طبری جلد ۱ ص ۲۱۸ و روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۱۳۰
۱۹	حضرت موسیٰ نے حضرت یوشع کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۱۳۸
۲۰	حضرت یوشع نے حضرت کالب بن یوقنا کو خلیفہ بنایا	طبری جلد ۱ ص ۲۳۷ و کامل جلد ۱ ص [illegible] و روضۃ الاحباب جلد ۱ ص [illegible]
۲۱	حضرت کالب نے حضرت یوساقوس فرزند کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۱۳۵
۲۲	حضرت الیاس نے حضرت الیسع کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۱۳۸ و قصص الانبیاء از عبداللہ کسائی
۲۳	حضرت الیسع نے حضرت ذی الکفل کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۱۴۰ و قصص الانبیاء از ثعلبی
۲۴	حضرت شعیا نے حضرت یاشیہ بن اموص کو خلیفہ بنایا	طبری جلد ۱ ص ۲۸۵
۲۵	حضرت داؤد نے حضرت سلیمان کو خلیفہ بنایا	تاریخ کامل جلد ۱ ص ۶۷
۲۶	حضرت عیسیٰ نے حضرت شمعون کو خلیفہ بنایا	روضۃ الصفاء جلد ۱ ص ۱۸۴
۲۷	حضرت یوشافاس نے حضرت عزاریا بن ہارون کو خلیفہ بنایا	قصص الانبیاء مصنفہ عبداللہ کسائی
۲۸	حضرت سلیمان نے حضرت رخیم کو خلیفہ بنایا	قصص الانبیاء مصنفہ ثعلبی

فتنۂ ناگہانی

حضرت ابوبکر کی خلافت جو کچھ تھی اسکے متعلق حضرت عمر کی رائے ہے کہ وہ اچانک اور فتنۂ ناگہانی تھی خدا نے مسلمانوں کو اس کے شر سے بچا لیا ہمارے برادران اہل جماعت کے علماء و کتب معتبرہ بقول حضرت عمر اس کو اس طرح تحریر فرماتے ہیں :- انہ بلغنی ان قائلاً منکم یقول واللہ لو مات عمر بایعت فلاناً فلا یغترون امرء ..... ان یقول انما کانت بیعۃ ابی بکر فلتۃ و تمت الا و انہا قد کانت کذالک و لکن اللہ وقی شرھا الخ یعنی مجھے خبر لگی ہے کہ تم میں سے ایک کہتا ہے کہ عمر کے مرنے کے بعد میں فلاں شخص سے بیعت کروں گا۔ (اس امر میں) کسی شخص کو دھوکا نہ رہے کہ ابوبکر کی بیعت تو ایک ناگہانی آفت تھی لیکن وہ پوری ہو گئی خبردار بیشک

ابوبکر کی بیعت ناگہانی اور مشورہ کے بغیر ہوئی تھی لیکن خدا نے اسکے شر سے بچا لیا۔ دیکھو:-

۱۔ تاریخ طبری جلد سوم ص ۲۰۰
۲۔ صواعق محرقہ ص ۲۱
۳۔ مسند احمد حنبل جلد اول ص ۵۵
۴۔ صحیح بخاری پ ۲۸ باب رجم الحبلیٰ ص ۳۶۵
۵۔ انوار اللغۃ از وحید الزمان پ ۳ ص ۱۰۰
۶۔ فتح الباری ابن حجر پ ۲۸ ص ۳۶۵/۳۶۸
۷۔ شرح نہج البلاغہ طبع مصر جلد اول ص ۱۲۷
۸۔ تاریخ کامل ابن اثیر جز سوم ص ۱۲۴
۹۔ ریاض النضرہ محب الدین جز دوم فصل سوم خلافت ابی بکر ص ۱۶۴
۱۰۔ موطا امام مالک مطبع فاروقی دہلی ص ۱۲۳

فتنوں کے گھر

علماء و کتب اہل سنت میں ہے کہ بہت سے صحابہ کے گھروں سے فتنے کھڑے ہوئے تھے:- عن اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما قال اشرف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی اطم من اطام المدینۃ فقال ھل ترون ما اری قالوا لا قال فانی اری الفتن تقع خلال بیوتکم کوقع القطر الخ یعنی اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ آنحضرت نے مدینہ کے قلعوں سے جھانکا تو فرمایا بعلاتم دیکھتے ہو جو میں دیکھ رہا ہوں لوگوں نے کہا کہ نہیں اس پر آپ نے فرمایا میں دیکھتا ہوں کہ تمہارے گھروں کے اندر فتنے و فساد اس طرح داخل ہو رہے ہیں جیسے بارش کے قطرے دیکھو

۱۔ مسند احمد حنبل جز اول ص ۱۶۸/۱۸۵ و ص ۲۴۸ و جز دوم ص ۲۱۳/۲۸۲ و جز سوم ص ۱۴۷ و جز چہارم ص ۱۳۶/۱۱ و ص ۴۰۸/۴۱۹ و جز پنجم ص ۳۹/۴۴ و ص ۱۱/۱۴۹ و ص ۳۰۶/۴۰۱ و ص ۴۰۵
۲۔ صحیح بخاری پ ۹ باب الغرفۃ کتاب اللقطہ ص ۴۸۸ و پ ۲۹ ص ۲۳۶ و کتاب الفتن کتاب ۹ باب ۱۴ کتاب ۲۳ باب ۹۲ کتاب ۱ باب ۱
۳۔ صحیح مسلم کتاب الفتن حدیث ص ۲۳۱
۴۔ مسند طیالسی حدیث ۱۲۴۹/۲۳۴۴
۵۔ سنن ابی داؤد کتاب ۲۴ باب ۲
۶۔ سنن ترمذی کتاب ۳۱ باب ۱۹
۷۔ سنن ابن ماجہ کتاب ۳۶ باب ۱
۸۔ کنز العمال جز سادس کتاب الفتن ص ۲۷ لغایت ص ۹۲ حدیث ص ۴۸۱ لغایت ص ۱۳۹۰ و حدیث ص ۱۷۴۰ عالم الغزو حدیث ۵۰۲/۴۸ و حدیث ۵۰۵/۵۳۱ و ۵۵۲/۵۵۶ و ۶۹۶ وغیرہ
۹۔ عائشہ کے گھر سے کفر نکلیگا دیکھو صحیح مسلم طبع مصر جز دوم ص ۱۸۱
۱۰۔ بخاری کتاب الخمس باب ما جاء فی بیوت ازواج النبی مطبوعہ مصر جز دوم ص ۲۷
۱۱۔ مسند احمد حنبل جز دوم ص ۲۳/۲۲ و پنجم ص ۱۶

بنی اسرائیل سے ملتے جلتے

اور مصنف سیرت احمد شہید لکھتے ہیں "جب عشق (اسلام) کی آگ بجھی اور حمیت اسلامی کا پرچم سرنگوں ہوا اور دریا اترا تو وہ چیزیں نمودار ہوئیں جو دریا کے اتار کے بعد نمودار ہوتی ہیں نفسانیت و انانیت اختلافات تنازع جنگی رقابت اور سازشوں نے ہر جگہ گل کھلائے اور غفلت و عیش پرستی کی گرم بازاری ہوئی مسلمان ایک بے اصول و بے سیرت عام محکوم قوم بن کر رہ گئے دیکھو سیرۃ احمد شہید صفحہ ۳ پھر آگے چل کر لکھتے ہیں۔ خلافت دین کی پاسبان سرپرست اور اسکے مقاصد و مصالح کی آلہ کار تھی یہ اُن لوگوں کے ہاتھ میں آئی ہوئی تو اُس کے مقاصد و مصالح سمجھتے نہ تھے یا ان کے پابند رہنا نہیں چاہتے تھے اور مسلمانوں کیلئے دین میں کوئی بلند نمونہ نہیں تھے جب تک عہد نبوی کا قرب رہا دینی ماحول اور فضا باقی تھی اس انقلاب کا اثر نہیں ہونے پایا رفتہ رفتہ جب یہ لوگ اُٹھنے لگے اہل حکومت کا تسلط بڑھا علماء و اہل دین کا اقتدار کم ہوا اور دین کا رنگ پھیکا پڑنے لگا .... دیندار طبقہ اقلیت میں ہو گیا اور اہل حق گوشہ نشین ہو گئے اور اپنے اپنے حلقہ میں اپنا فرض انجام دیتے رہے ...... سنت و شریعت بے معنی الفاظ تھے جو صرف کتابوں میں رہ گئے تھے بدعت کی تعریف ہی کسی پر صادق نہیں آتی تھی اور ہر بدعت بدعت حسنہ تھی بہت سے حرام حلال ہو گئے ... . قرآن و احادیث کے بہت سے احکام منسوخ ہو گئے تھے وغیرہ دیکھو سیرۃ احمد شہید صفحہ ۲۸، ۲۹ اگر یہ باتیں بعد میں ہوتیں تو اور بات تھی مگر یہ سب کچھ اسوقت مختصراً ظاہر کر دی گئیں جب کہ آنحضرت ؐ کے مرض الموت کا آخری دن تھا جسکا آنحضرت ؐ کو بہت قلق ہوا۔ اور رقم مواعظ کا تعویذ دیدیا آپ مرض الموت کے دن ایک نوشتہ لکھنا چاہتے تھے جسمیں اُمت کو گمراہی سے بچنے کیلئے احکام تھے مگر ایک شخص نے اُس وقت آپکو بالمشافہ کہدیا کہ ہمیں قرآن کافی ہے آپ (معاذ اللہ) بکواس کر رہے ہیں یہ کسقدر جسارت تھی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں کو گمراہ ہونا مطلوب تھا اگر جناب رسولخدا اپنے بعد قرآن کو اُنکے واسطے کافی سمجھتے تو "لن تضلوا بعدی" نہ فرماتے گویا آپ دیکھ رہے تھے کہ یہ لوگ میرے بعد ضرور گمراہ ہو جاویں گے تبھی تو آپ ہدایات تحریر کرنے کو فرماتے تھے اسکا مفصل ثبوت مع حوالاجات بعنوان قرطاس "دعوت اتحاد" کے حصہ اول میں تحریر کر دیا ہے علاوہ ازیں دین اللہ کی ترمیم و تنسیخ ہمارے برادران اہل جماعت کو اپنی کتب معتمدہ کی رو سے اقرار ہے جسکا ذکر اس کتاب اور اسکے حصہ اول میں مختلف عنوانوں کے تحت ہو چکا ہے چنانچہ نماز کی ہر بات میں انہوں نے ترمیم کی ہے اور مثل تراویح اپنے طور پر انہوں نے کئی مسائل خود ایجاد کئے ہیں۔ اور امور دین کو اپنے قیاس پر استوار کیا ہے دیکھو کتاب ہذا کا عنوان "امور دین میں قیاس" احادیث موضوعہ مطلب خیزی کے لئے ایجاد کر کے دین کو متغیر کیا۔ دیکھو کتاب ہذا کا عنوان "تغیر دین" وغیرہ دیگر عنوانات "دعوت اتحاد" اسکے علاوہ خلیفوں اور بادشاہوں کے اولیات جو اُنہوں نے دین میں رائج کئے جنکے رائج کرنے کو

آنحضرت صلعم نے ضروری نہ سمجھا۔ انکے نزدیک ضروری ہوگیا ہمارے وہ بھائی اپکے ان اولیات کو فخریہ انداز میں پیش کرتے ہیں کس قدر تعجب اور حیرت اور خون رلانے والی بات ہے کہ خلیفہ نے اسلام کا اصلی جامہ اتار کر اپنے منشاء کے مطابق اُسے لباس پہنایا اور پھر بھی بایں ہمہ اُسے صحیح اسلام کہا خلیفوں کے اولیات سے تاریخ کے صفحات بھرے پڑے ہیں جنکو بخوف طوالت ترک کرتا ہوں اور اتنا عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اگر خلیفوں کے یہ اولیات اسلام کا جزو ہوتے تو آنحضرتؐ انکا ضرور حکم دیتے چونکہ ان اولیات سے دین اللہ میں رخنہ اور خرابی ہوتی تھی اس لئے آنحضرت صلعم نے نہیں حکم دیا اور صاف فرمایا۔ عن ابی سعید خدری عن النبی صلے اللہ علیہ والہ وسلّم قال لتتبعن سنن من قبلکم شبراً شبراً وذراعاً ذراعاً حتی لو دخلوا حجر ضب تبعتموھم قلنا یارسول اللہ الیھود والنصاریٰ قال فمن الخ یعنے ابی سعید خدری سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے (اپنے اصحاب کے مجمع میں) کہ البتہ تم چلوگے اگلے لوگوں کی چالوں پر بالشت بالشت بھر اور ہاتھ ہاتھ بھر یہاں تک کہ اگر وہ سوسمار کے سوراخ میں گھسے ہوں گے تو تم بھی انکی پیروی کروگے ہم نے عرض کی یارسول اللہ (آپ کے بعد) کیا ہم یہود و نصاریٰ کی پیروی کرینگے۔ تو اس پر آپ نے فرمایا ہاں بخاری کتاب الاعتصام جزو چہارم طبع مصر صفحہ ۱۴۶ وغیرہ دیگر کتب۔ رہی سہی کسر اُن کے تیسرے بادشاہ نے پوری کرکے اسلام کو تباہ کردیا دیکھیے مالک بن اشتر کا خط جو انہوں نے ان کو لکھا "مالک حارث کیطرف سے اُس خلیفہ کی طرف جو سرگشتہ خاطی اور سنّت پیغمبرؐ سے کنارہ کش اور احکام قرآن کو پس پشت ڈالنے والے ہیں دیکھو کتاب الانساب بلاذری جلد ۵ صفحہ ۴۶ و امامت جلد ۳ صفحہ ۳۷۳ و تاریخ ابن کثیر جلد ۷ صفحہ ۱۵۷ و تاریخ کامل جلد ۳ صفحہ ۱۰۵ اور دیکھیے اصحاب پیغمبرؐ کا ایک خط "انکم انما خرجتم ان تجاھدوا فی سبیل اللہ عزوجل تطلبون دین محمدؐ فان دین محمدؐ قد افسد من خلفکم وترک فھلموا فاقیموا دین محمدؐ الخ یعنے یہ لوگ مدینہ سے اس لئے باہر چلے گئے ہیں کہ دین محمدؐ کی سربلندی و اشاعت کیواسطے خدا کے راہ میں لڑیں مگر آپ پیچھے (خلیفہ) مدینہ میں چھوڑ گئے ہیں اُسنے دین محمدؐ کو غارت کرکے پس پشت ڈال دیا ہے جلد ۱ پھر سے دین محمد کو استوار کیجیے دیکھو تاریخ طبری جلد ۵ صفحہ ۱۱۵ اسکے متعلق صاحب تاریخ کامل کے الفاظ یہ ہیں "فان دین محمدؐ قد افسد خلیفتکم فاقیموہ الخ یعنے دین محمد کو آپ کے خلیفہ نے فاسد کردیا ہے اگر استوار کیجیے دیکھو تاریخ کامل جلد ۵ صفحہ ۷۰ ابن ابی الحدید یوں کہتے ہیں "قد افسد خلیفتکم فاخلعوہ" یعنے آپ کے خلیفہ (عثمان) نے دین اللہ کو فاسد کردیا ہے انہیں معزول کیجیے دیکھو شرح ابن ابی الحدید جلد ۱ صفحہ ۱۶۵ مزید دیکھیے:-

۱۔ کتاب امامت والسیاست میں ہے۔ من المھاجرین ◆ یعنے مہاجرین اولین وبقیہ ارکان شوریٰ کی جانب

الاولین وبقیة الشوریٰ الی من بمصر من الصحابة والتابعین . اما بعد ان تعالوا الینا وتدارکوا خلافة رسول اللہ قبل ان یسلبھا اھلھا ان کتاب اللہ قد بدل وسنة رسول اللہ قد غیرت - الخ

سے مصر میں مقیم صحابہ وتابعین کے نام آپ لوگ جلد مدینہ میں آئیے اور قبل اسکے کہ خلافت پیغمبر تمھارے ہاتھ سے نکلے آکر تدارک کیجئے کیونکہ کتاب خدا الٹ پلٹ کردی گئی اور سنت رسولؐ میں الٹ پھیر کردیا گیا ۔ دیکھو امامة والسیاست جلد ۱ ص ۳۴

مزید دیکھو (۱) امامت والسیاست جلد ۱ ص ۳۳

۲۔ شرح ابن ابی الحدید جلد ۱ ص ۱۶۵

۳۔ تاریخ کامل جلد ۵ ص ۷

۴۔ تاریخ طبری جلد ۵ ص ۱۱۵

۵۔ تاریخ ابن کثیر جلد ۷ ص ۱۵۷

۶۔ تاریخ کامل جلد ۳ ص ۱۰۵/۴۵

۷۔ اصابہ جلد ۳ ص ۳۸۳

۸۔ کتاب الانساب بلاذری جلد ۵ ص ۴۶/۴۹

۹۔ بخاری کتاب الاعتصام جز وچہارم طبع مصر ص ۱۴۶

۱۰۔ سیرۃ احمد شہید ص ۲۸/۲۹ و ص ۳۰

۱۱۔ الفاروق حصہ دوم ص ۲۳۲/۲۳۳

۱۲۔ تاریخ ابن خلکان جلد ۱ ص ۱۲۴

۱۳۔ ترجمہ تمدن اسلام جرجی زیدان حصہ دوم ص ۱۶/۱۷

حضرت ابوذرؓ کی جلالت قدر

حضرت ابوذرؓ کی شان وجلالت قدر اور راست گفتاری وپرہیز گاری اور اسلامی خدمات اور فضل وشرف کے متعلق ہمارا جو عقیدہ ہے ہمارے برادران اہل جماعت از روئے کتب معتمدہ و علماء معتبرہ ہمارے ہم نوا ہیں۔ کتاب مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۲۳ میں ابویعلی نے حضرت امام حسین علیہ السلام کے واسطہ سے روایت کی ہے :۔ قال اتی جبرائیل النبیؐ فقال یا محمد ان اللہ یحب من اصحابک ثلاثة فاحبھم علی ابن ابی طالب وابوذر ومقداد بن اسود ۔ یعنی کہ جبرئیلؑ نے آنحضرت صلعم سے عرض کی یا رسول اللہؐ خداوند عالم آپ کے اصحاب میں سے تین شخصوں کو محبوب رکھتا ہے۔ آپ بھی انہیں محبوب رکھئے وہ حضرت علیؑ وابوذر ومقداد ہیں مزید دیکھو۔ بالفاظ مختلف فضائل ابوذر غفاری۔

۱۔ جامع ترمذی جلد ۲ ص ۲۱۳

۲۔ سنن ابن ماجہ جلد اول ص ۶۶/۶۸

۳۔ مستدرک حاکم جلد ۳ ص ۱۳۰/۳۴۲

۴۔ حلیۃ الاولیا جلد ۱ ص ۱۷۲

۵۔ استیعاب جلد ۲ ص ۵۵۷/۶۶۳ و جلد ۱ ص ۸۴

۸۔ اسد الغابہ جلد ۵ ص ۱۸۶

۹۔ کنز العمال جلد ۶ ص ۱۶۹ و جلد ۸ ص ۱۵

۱۰۔ مجمع الزوائد جلد ص ۳۳۰/۳۳

۱۱۔ مسند احمد جلد ۲ ص ۱۶۳/۱۷۵ و ص ۲۲۳ و جلد ۵ ص ۱۹۷/۱۶۴ و جلد ۶ ص ۴۴۲

۱۲۔ جامع ترمذی جلد ۲ ص ۲۳۱

۶ - جامع صغیر سیوطی و مع شرح جامع صغیر سیوطی جلد ۲ صفحہ ۴۱۵
۷ - اصابہ جلد ۱ صفحہ ۵۵ و جلد ۴ صفحہ ۶۲۳/۶۴
۱۳ - طبقات ابن سعد جلد ۴ صفحہ ۱۶۷/۱۶۸ طبع لیدن
۱۴ - مصابیح السنۃ جلد ۲ صفحہ ۲۸۸

حضرت ابوذر سے بدسلوکی

حضرت ابوذر کے اسقدر شان و جلالت قدر اور محبوب خدا ہونے کے باوجود مسلمانوں کے تیسرے بادشاہ نے آپ سے اسقدر بدسلوکیاں کیں جنکے بیان کرنے سے قلم تھرتھراتا ہے اور چشم سے بے ساختہ آنسو ٹپک پڑتے ہیں اور دل کانپ جاتا ہے ہمارے اکثر صاف دل اہل جماعت بھائی اپنے علماء کے اقرار و کتب معتبرہ کی بنا پر حضرت ابوذر پر ان بدسلوکیوں کو تسلیم کرتے ہیں۔ حضرت ابوذر کے متعلق حضرت تاجدار مدینہ نے جو جو پیشگوئیاں فرمائی ہیں وہ تیسرے کے ہاتھوں پوری ہوئیں آپ کو مارا پیٹا گیا۔ آپ کو جلا وطن کیا گیا آپ کا تصور صرف یہ تھا کہ وہ مطابق فرمان واجب الاذعان آنحضرت صلعم مال جمع کرنے اور مستحقوں میں تقسیم نہ کرنے کو منع فرماتے

۱ - مستدرک حاکم جلد ۳ صفحہ ۳۴۴
۲ - طبقات ابن سعد جلد ۴ صفحہ ۱۶۶
۳ - مسند احمد حنبل جلد ۵ صفحہ ۱۸۰ و صفحہ ۱۶۳/۱۰۶
۴ - سنن ابی داؤد جلد ۲ صفحہ ۲۸۲/۲۸۳
۵ - فتح الباری جلد ۳ صفحہ ۲۱۳
۷ - شرح ابن حدید جلد ۱ صفحہ ۲۴۱
۸ - مسند احمد حنبل جلد ۵ صفحہ ۱۵۶
۹ - اشتراکی الزاہد صفحہ ۱۹۳
۱۰ - نہج البلاغۃ جلد ۱ صفحہ ۲۴۷
۱۱ - حلیۃ الاولیاء جلد ۱ صفحہ ۱۶۲
۱۲ - انساب الاشراف بلاذری جلد ۵ صفحہ ۱۴۱

حضرت عمار کی قدر و منزلت

حضرت عمار بن یاسر کی قدر و منزلت و شان و جلالت قرآن و احادیث سے جسقدر واضح ہے اُس سے ہمارے برادران اہل جماعت اپنی کتب معتبرہ و علماء معتمدہ کے اقوال کی رو سے ہم سے متفق ہیں۔ خدا فرماتا ہے۔ اومن کان میتا ناحیینٰہ وجعلنا لہ نورا یمشی بہ فی الناس (سورہ انعام) یعنی جو شخص پہلے مردہ تھا پھر ہم نے اُسکو زندہ کیا اس کیواسطے ایک نور بنایا ہے جس کے ذریعہ وہ لوگوں میں چلتا پھرتا ہے حضرت عمار یاسر کی شان میں نازل ہوئی۔ دیکھو

۱ - استیعاب جلد ۲ صفحہ ۴۳۵
۲ - و تفسیر ابن جریر جلد ۳ صفحہ ۳۰
۳ - و تفسیر ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۱۷۲
۴ - تفسیر بیضاوی جلد ۱ صفحہ ۴۰۰
۶ - و تفسیر خازن جلد ۲ صفحہ ۳۲ و جلد ۳ صفحہ ۴۳
۷ - شوکانی جلد ۴ صفحہ ۵۲ صفحہ ۴۴۲
۸ - طبقات ابن سعد جلد ۳ صفحہ ۱۸۷ طبع لندن
۹ - تفسیر کشاف جلد ۴ صفحہ ۲۳ و جلد ۲ صفحہ ۳۰۶

۵۔ تفسیر سیوطی جلد ۲ ص ۲۴۳

۹-۱۰۔ اسباب النزول واحدی ص ۲۵۵

اور حضرت عمار بن یاسر کے متعلق صحیح احادیث آنحضرت صلعم سے مروی ہیں وہ آپ کے کمال ایمان کی بیّن شاہد ہیں:- ان عماراً ملی ایمانہ من قرنہ الی قدمہ واختلط الایمان بلحمہ ودمہ؛ یعنے عمار سر سے لے کر پیر تک ایمان سے لبریز ہے اور ایمان اُن کے گوشت و پوست میں سرایت کر چکا ہے دیکھو عمار کی قدر و منزلت نزد رسولؐ:-

۱۔ حلیۃ الاولیا جلد ۱ ص ۱۳۹ و ص ۱۴۲

۲۔ تفسیر کشاف جلد ۲ ص ۱۷۶

۳۔ تفسیر بیضاوی جلد ۱ ص ۶۸۳

۴۔ کنز العمال جلد ۶ ص ۱۸۳/۱۸۵ و ص ۱۸۴ و جلد ۷ ص ۷۵/۱ و ص ۷۳

۵۔ مجمع الزوائد جلد ۹ ص ۲۹۵

۶۔ استیعاب جلد ۲ ص ۴۳۵ و ص ۴۳۶

۷۔ طرح التشریب جلد ۱ ص ۸۶/۸۸

۸۔ تیسیر الوصول جلد ۳ ص ۲۷۹

۹۔ ہدایہ و نہایہ جلد ۷ ص ۲۱۱

۱۰۔ سنن ابن ماجہ جلد ۱ ص ۶۵

۱۱۔ اصابہ جلد ۲ ص ۵۱۲

۱۲۔ طبقات ابن سعد جلد ص ۱۸۷ لندن

۱۳۔ تاریخ ابن کثیر جلد ۷ ص ۲۷۰/۳۱۱ و ص ۲۶۸

۱۴۔ جامع کبیر سیوطی جلد ۶ ص ۱۸۴

۱۵۔ استدرک حاکم جلد ۳ ص ۱۳۷ و جلد ۲ ص ۳۹۰/۳۹۱

۱۶۔ تفسیر قرطبی جلد ۱۰ ص ۱۸۱

۱۷۔ مجمع الزوائد ہیثمی جلد ۹ ص ۲۹۵/۳۰۷ و ص ۳۹۱

۱۸۔ سیرۃ ابن ہشام جلد ۶ ص ۱۱۵

۱۹۔ عقد الفرید جلد ۲ ص ۲۹۵

۲۰۔ تاریخ خطیب جلد ۱ ص ۱۵۲

۲۱۔ مسند احمد حنبل جلد ۴ ص ۸۹

۲۲۔ اسد الغابہ جلد ۴ ص ۴۵

۲۳۔ مستدرک جلد ۱ ص ۶۶

حضرت عمار سے سلوک

جس قدر و منزلت و عظمت و جلالت اور تدین کے مالک حضرت عمار تھے اسکی گرد کو کوئی تخت و تاج والا حاکم نہ پہنچ سکتا تھا باوجود اسکے تیسرے صاحب نے جو حضرت عمار سے بدسلوکیاں کیں ان کو مار پیٹا گالیاں دیں اور انکے اعضاء مخصوصہ پر ضربیں ماریں وہ ابھی تک تاریخوں میں محفوظ چلی آتی ہیں اسکے متعلق ہمارے برادران اہل جماعت اپنی کتب معتبرہ کی رو سے ہم سے متحد ہیں کتب کے مضامین بخوف طوالت ترک کرتا ہوں حوالے ملاحظہ ہوں -

۱۔ کتاب الانساب بلاذری جلد ۵ ص ۴۸/۴۹ و ص ۵۴

۲۔ شرح نہج البلاغۃ ابن ابی الحدید جلد ۱ ص ۲۳۹

۳۔ کتب الامامت والسیاست جلد ۱ ص ۲۹

۵۔ تاریخ یعقوبی جلد ۲ ص ۵۰

۶۔ طبقات ابن سعد جلد ۳ طبع لیدن ص ۱۸۵

۷۔ تاریخ ابن کثیر جلد ۷ ص ۳۱۱

حضرت علیؑ پر ظلم وستم

حضرت امیر المومنین یعسوب الدین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی شان اور آپکی قدر و منزلت سے مخالفین بھی انکاری نہیں ہیں اور اس کتاب کے حصہ اول اور اس حصہ میں ایک ذخیرہ کتب اہل جماعت کا آپکی شان و منزلت کا ذکر کیا جا چکا ہے اور مسلمانوں کے پہلے اور دوسرے بادشاہ کے عہد میں جس قدر آپ پر ظلم وستم ہوئے انکا بھی اجمالی طور پر ذکر ہو چکا ہے اب مسلمانوں کے تیسرے بادشاہ نے آپ پر جو ظلم وستم ڈھائے اور آپکو شہر بدر کرنے کی کوششیں کیں انکو اختصار سے کتب ذیل میں ملاحظہ فرمائیں

۱- کتاب سقیفہ از ابوبکر بن عبد العزیز جوہری
۲- مروج الذہب جلد ۱ صہ ۴۳۸
۳- تاریخ یعقوبی جلد ۲ صہ ۱۴۸
۴- شرح نہج البلاغہ ابن حدید جلد ۱ صہ ۳۲۴/۲۴۲
۵- طبقات ابن سعد جلد ۴ صہ ۱۶۸

مقدس صحابہ و مومنین سے سلوک

یہ بتایا جا چکا ہے کہ سواد اعظم کے تیسرے بادشاہ نے حضرت علیؑ و حضرت ابو ذرؓ و حضرت عمارؓ سے بد سلوکیاں کر کے انہیں مارا پیٹا گالیاں دیں و جلا وطن کیا۔ اسی پر اکتفا نہ کرتے ہوئے دیگر مقدس مومنین و صحابہ کرام سے برا سلوک کیا ان صحابہ کرام کا صرف یہی جرم تھا کہ وہ تاجدار مدینہ کے احکام و فرمان کے مطابق مسلمانوں کو گامزن بھی دیکھنا چاہتے تھے اور خلیفہ جی کو تنبیہ کرتے تھے اور خاندان نبوت کے محب و مددگار تھے۔ انہیں ایک عبداللہ بن مسعود تھے اسکے علاوہ مالک اشتر و زید بن صوحان صعصعہ بن صوحان و جندب بن زہیر و کعب بن عبدہؓ اور عدی بن حاتم طائی و مالک بن حبیب و یزید بن قیس و عمرو بن حمق و عروہ بن جعدہ و حارث بن عبداللہ و اعور ہمدانی وغیرہ وغیرہ بکثرت مومنین و صحابہ ہیں۔ ان کے متعلق خلیفہ نے سعید بن عاص کو لکھا کہ ان لوگوں کو عبد الرحمن بن خالد بن ولید گورنر حمص کے پاس روانہ کر دو اور مالک اشتر اور ان کے اصحاب کو لکھا کہ :-

اما بعد فانی قد سیرتکم الی حمص فاذا اتاکم کتابی ھذا فاخرجوا الیھا فانکم لستم تالوت الاسلام واھلہ شراً الخ

یعنے میں لوگوں کو حمص بھیج رہا ہوں جب میرا خط تمہیں ملے تو تم چل کھڑے ہونا کیونکہ تم لوگ اسلام اور مسلمانوں کو نقصان پہنچانے سے باز نہ رہو گے۔

ہمارے برادران اہل جماعت بروئے کتب معتبرہ خود اس امر میں ہم سے متفق ہیں۔ دیکھو:-

۱- تاریخ طبری جلد ۵ صہ ۸۸ تا جلد ۶ صہ ۲۵۵ و صہ ۱
۲- تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۳ صہ ۵۵ تا صہ ۱۵۱/۹۲
۶- کتاب صفین صہ ۴۲۹/۱۱۵ و صہ ۴۳۳/۵۵۲ و صہ ۵۵۲
۷- کتاب الانساب بلاذری جلد ۵ صہ ۴۱ و صہ ۵۵

۳- شرح ابن ابی الحدید جلد ا صـ ۱۵۸/۱۶۰ تا صـ ۲۹/۱۶
۴- تاریخ ابن خلدون جلد ۲ صـ ۳۸۷/۳۸۹ و صـ ۳۹۰
۵- تاریخ ابی الفدا جلد ا صـ ۱۶۹
۸- تاریخ طبری جلد ۵ صـ ۱۳۷/۱۵۴
۹- ریاض النضرہ جلد ۲ صـ ۱۴۰/۱۴۹
۱۰- صواعق محرقہ صـ ۶۸

اصحاب رسولؐ و خلیفہ

مدینہ منورہ کے صحابہ نے اُن اصحاب کو جو سرحدوں پر رہتے تھے ایک خط خلیفہ کے بارے میں لکھا جسکو تاریخ طبری کے مصنف نے تحریر کیا ہے جو اس طرح ہے :-

انکم انما خرجتم ان تجاھدوا فی سبیل اللّٰہ عز وجل تطلبون دین محمد فان دین محمد قد افسدہ من خلفکم وترک فھلموا فاقیموا دین محمد۔ تاریخ طبری جلد ۵ صـ ۱۱۵

یعنی یہ لوگ مدینہ سے باہر اسلئے چلے گئے ہیں کہ دین محمدؐ کی اشاعت کیواسطے راہ خدا میں جہاد کریں مگر آپ جسے مدینہ میں چھوڑ گئے اُس نے دین محمدؐ کو برباد کردیا اور پس پشت ڈال دیا ہے جلد تشریف لائیے اور آکر دین محمدؐ کو استوار کیجئے اور صاحب تاریخ کامل جلد ۵ صـ ۷۰ میں اسطرح تحریر فرماتے ہیں :- فان دین محمد قد افسد خلیفتکم فاقیموہ۔ یعنی دین محمدؐ کو آپکے خلیفہ نے فاسد کردیا ہے۔ اگر پھر اسے مکمل استوار کیجئے۔ اور صاحب شرح ابن ابی الحدید اس طرح فرماتے ہیں۔ قد افسد خلیفتکم فاخلعوہ فاختلفت علیہ القلوب فاقبلوا من کل افق حتی قتلوہ (یعنی آپکے مقرر کردہ خلیفہ نے حضرت محمد صلعم کے دین کو فاسد کردیا ہے آکر انہیں معزول فرمائیے یہ خط پاکر لوگوں کے دل تڑپ گئے وہ ہر طرف سے ابل پڑے اور خلیفہ کو قتل کردیا۔ ملاحظہ ہوں

۱- شرح ابن ابی الحدید جلد ا صـ ۱۶۵
۲- تاریخ طبری جلد ۵ صـ ۱۱۵/۱۹۹ و صـ ۱۱۶ و صـ ۱۱۹
۳- تاریخ کامل جلد ۵ صـ ۷۰ و جلد ۳ صـ ۶۳/۶۴ و صـ ۷۱
۴- کتاب الانساب بلاذری جلد ۵ صـ ۶۱/۶۴ و صـ ۳۹/۱۹۵
۵- تاریخ ابن کثیر جلد ۷ صـ ۱۶۸/۱۴۳ و صـ ۱۴۴/۱۴۶ و صـ ۱۸۹
۶- امامت والسیاست جلد ا صـ ۳۲/۳۳
۷- معارف ابن قتیبہ صـ ۸۴
۸- ریاض النضرہ جلد ۲ صـ ۱۲۳/۱۲۵

اقرار نامہ

جب مدینہ میں خلیفہ صاحب پر یورش ہوئی اور اصحاب رسولؐ نے انکے خلاف اقدام کیا اور خلیفہ جی اپنے کیے پر نادم ہوئے اصحاب رسولؐ سے مصالحت چاہی اور بقول برادران اہل جماعت خلیفہ جی نے حضرت علیؑ کو ضامن دیکر اسطرح اقرار نامہ لکھا جسکو ہمارے بھائیوں کے معتمد عالم بلاذری نے اپنی کتاب میں بروایت ابو مخنف سے لکھا۔ کہ جب زبیر و طلحہ وسعد بن ابی وقاص و

عبداللہ بن عمرو زید بن ثابت وسہل بن حنیف وابوایوب انصاری اور خالد بن زید کے بطور گواہ دستخط ثبت ہوئے

هذا كتاب من عبد الله عثمان امير المومنين لمن نقم عليه من المومنين والمسلمين ان لكم ان اعمل فيكم بكتاب الله وسنة نبيه ليعطى المحروم ويؤمن الخائف ويرد المنفى ولا تجمر المبعوث ويوفر الفئ وعلى ابن ابى طالب ضمين المومنين والمسلمين على عثمان بالوفاء فى هذا الكتاب الخ

یعنے یہ اقرار نامہ ہے خدا کے بندے اور مومنین کے امیر عثمان کی طرف سے اُن اہل اسلام وایمان کے لیے جو اُن سے ناراض ہیں کہ ہم (اقرار) کرتے ہیں کہ تم میں کتاب خدا اور سنت رسولؐ کے مطابق حکومت کریں گے جن کے وظائف روک لئے گئے تھے اُنکو پھر جاری کردیں گے اور جو لوگ خائف تھے اُنکو اطمینان دلایا جاتا ہے اور جلاوطنوں کو واپس بلالیا جائیگا۔ اور سپاہیوں کو محاذ جنگ پر روک نہ رکھا جائیگا۔ خراج میں کمی کردی جائیگی خلیفہ کی طرف سے اس عہد نامہ کی پابندی کیواسطے حضرت علیؑ ابن ابیطالبؑ کو ضامن دیا جاتا ہے۔ دیکھیں کتاب الانساب بلاذری جلد پنجم صـ۹۲ وحیوٰۃ الحیوان دمیری جلد ۱ صـ۵۳ لیکن افسوس کہ اقرار پورا نہ کیا گیا۔ جسکی وجہ سے حضرت علیؑ آپ سے ناراض ہوکر واپس چلے گئے ہمارے برادران اہل جماعت اس امر میں متفق ہیں ان کی کتب ذیل ملاحظہ ہوں۔

۱۔ کتاب الانساب بلاذری جلد ۵ صـ ۹۴/۹۵
۲۔ تاریخ طبری جلد ۵ صـ ۱۱۱/۱۱۴
۳۔ تاریخ کامل جلد ۳ صـ ۶۰ وجلد ۲ صـ ۹۷۱/۹۷۲
۴۔ تاریخ ابن کثیر جلد ۷ صـ ۱۷۳
۵۔ شرح ابن ابی الحدید جلد ۱ صـ ۱۶۳/۱۶۶
۶۔ تاریخ ابن خلدون جلد ۲ صـ ۳۹۶/۳۹۷

ازواج واہل بیت نبوتؐ

بعض متعصب لوگ ازواج رسول اکرم صلعم کو اہلبیت نبوتؐ میں شامل کرتے ہیں۔ حالانکہ ازواج تاجدار رسالت احادیث صحیحہ کی رو سے اہلبیت نبوت میں شامل نہیں ہیں۔ بلکہ اہلبیت صرف آنحضرتؐ اور حضرت علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ اور ذریت حسینؑ کے نو امام ہیں۔ ہمارے برادران اہل جماعت بموجب کتب معتمدہ اس امر کو تسلیم کرتے ہیں۔ چنانچہ جمع بین الصحیحین میں حمیدی نے بخاری و مسلم سے نمبر ۲۸۸ حدیث میں یہی حدیث حضرت عائشہ سے نقل کی ہے اور دیگر علماء اہل سنت میں سے زرین معاویہ اندلس نے بخاری ومسلم و موطا امام مالک و سنن ابی داؤد میں اور سجستانی نے صحیح کبیر نسائی سے اس حدیث کساء کو نقل کیا ہے چنانچہ زرین بن معاویہ لکھتے ہیں۔ دیکھو۔

عن ام سلمه قالت ان هذه الآية نزلت فى ۔ یعنے حضرت اُم سلمہ فرماتی ہیں کہ آیۂ تطہیر میرے گھر

بیتی وانا جالسۃ عند الباب فقلت یا رسول اللہ الست من اھل البیت فقال انکِ علیٰ خیر انکِ من ازواج رسول اللہ وقالت وفی البیت رسول اللہ علیؑ وفاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ فجللھم بکساء وقال اللھم ھؤلاء اھل بیتی فاذھب عنھم الرجس وطھرھم تطھیرا ۔

میں نازل ہوئی اور میں اسوقت گھر کے دروازہ کے نزدیک بیٹھی تھی پس میں نے اسوقت آنحضرت کی خدمت میں عرض کی یا رسول اللہ کیا میں اہلبیت میں نہیں ہوں تو اسپر آنحضرتؐ نے فرمایا کہ تیری عاقبت بخیر ہے لیکن تو تو ازواج رسول میں سے ہے اس وقت گھر میں فقط آنحضرت و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ تھے آنحضرت نے انکو اپنی عبا کے نیچے لے لیا اور عرض کی اے اللہ یہ ہی میرے اہل البیت ہیں انسے رجس کو دور رکھ اور انکو اتنا پاک رکھ جتنا کہ پاک رکھنے کا حق ہے ۔ دیکھو جمع بین الصحاح السنۃ علامہ ابن تیمیہ اس حدیث کساء کے متعلق تحریر فرماتے ہیں اما حدیث الکساء فھو صحیح رواہ احمد والترمذی من حدیث ام سلمہ و رواہ مسلم فی صحیحہ من حدیث عائشہ یعنے حدیث کساء صحیح ہے اسکو امام احمد حنبل و ترمذی ام سلمہ سے اور امام مسلم نے اپنی صحیح میں عائشہ سے روایت کیا ہے ذیل کے حوالے باختلاف الفاظ و بہ مفہوم واحد اس امر کے گواہ ہیں

۱۔ منہاج السنۃ جزو سوم صـ۱ؔ ابن تیمیہ

۲۔ صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابہ باب فضائل اہل بیت جز سابع صـ۱۳۰

۳۔ شرف المؤید شیخ یوسف صـ۶ تا ۱

۴۔ مسند احمد حنبل جز اول صـ۳۳۱ و جزو دوم صـ۲۸۵/۲۵۹ و صـ۲۵۱ و جز چہارم صـ۱۰۷ تا و جز سادس صـ۲۹۲/۳۲۳ تا

۵۔ نزول الابرار محمد بن معتمد صـ۵/۱۴

۶۔ نور الابصار علامہ شبلنجی صـ۱۰۱

۷۔ اسعاف الراغبین بر حاشیہ نور الابصار صـ۹۸/۹۹

۸۔ در منثور سیوطی جز خامس صـ۱۹۸/۱۹۹

۹۔ استیعاب عبد البر جزو دوم ترجمہ علی بن ابیطالب صـ۲۰۱۵

۱۰۔ مسند ابو داؤد و طیالسی جز ثامن حدیث صـ۲۰۵۵ صـ۲۷۴

۱۱۔ مصباح السنۃ امام بغوی جزو دوم صـ۲۷۸

۱۲۔ ینابیع المودت ابراہیم بلخی باب ثالث وثلاثون فی تفسیر آیہ تطہیر صـ۱۰۷/۱۰۹ تا

۱۳۔ صحیح ترمذی کـ۴۴ سورۃ ۳۳ ، و کـ۴۶ ب ۳۱ ، ۶۰

۱۴۔ اشعۃ اللمعات جلد ۴ صـ۳۷۸/۳۷۹

۱۵۔ کتاب الاتحاف بحب الاشراف شیخ عبداللہ محمد شافعی صـ۵

خلافت الٰہیہ ونبویہ

دنیا کے شروع ہی سے حق و باطل میں کشمکش ہوتی چلی آئی ہے لیکن حق و صداقت کی روحانی طاقت متزلزل نہ ہو سکی بقول علامہ شبلی نعمانی ،، مدینہ منافقین سے بھرا ہوا تھا ۔ دیکھو الفاروق صـ۴۷ مطبوعہ علمیہ رنگ پریس لاہور ناشر شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور ادھر رسول اسلام کی آنکھ بند ہوئی ایک سوچی سمجھی تجویز سے مسلمانوں

ہو! افتراق پیدا کر دیا سب سے پہلے خلافت رسولؐ پر حملہ ہوا مسلمانوں کے دو گروہ کر دیئے گئے احکام رسولؐ کا تجزیہ کیا گیا جسکے متعلق مولوی شبلی نعمانی فرماتے ہیں "نبوت کی حقیقت کی نسبت عموماً لوگ غلطی کرتے آئے ہیں اور اسلام کے زمانہ میں بھی یہ سلسلہ بند نہیں ہوا اکثروں کا خیال ہے کہ نبی کا ہر قول و فعل خدا کی طرف سے ہوتا ہے باقی امور وقت اور ضرورت کے لحاظ سے ہیں تشریعی اور مذہبی نہیں ہوتے اس مسئلہ کو حضرت عمر نے جسقدر صاف اور واضح کر دیا کسی نے نہیں کیا"۔ دیکھو الفاروق مطبوعہ مفید عام آگرہ سنہ ۱۹۰۸ء حصہ دوم صفحہ ۳۰۸ واقعی ہم حضرت عمر کی اس جسارت کی داد دیتے ہیں کہ آپ نے احکام رسولؐ کو تقسیم کرکے وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ کے مصداق کے احکام پاک کا کچھ حصہ منصب نبوت سے علیحدہ کرکے انہیں غیر تشریعی قرار دیا اس بارے میں علامہ ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغۃ میں احمد بن ابی طاہر کی کتاب تاریخ بغداد کے حوالے سے ایک مکالمہ درج کیا ہے وہ بجنسہٖ یہ ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس کہتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت عمر کی خلافت کے ابتدائی زمانہ میں میں اُن کے پاس گیا اُن کے آگے ایک صاع (ساڑھے تین سیر) کھجوریں بوریہ پر رکھی تھیں مجھ سے کہا کہ تم بھی کھاؤ میں نے ایک کھجور اُٹھائی حضرت عمر کھاتے رہے یہاں تک کہ اکیلے ہی کھا گئے۔ پاس پانی رکھا تھا اس سے پانی پیا اور تکیہ پر لیٹ کر خدا کا شکر کرنے لگے پھر یوں گفتگو ہوئی۔

حضرت عمر اور ابن عباس کا مکالمہ

حضرت عمر:- اے عبداللہ تم کہاں سے آرہے ہو؟

ابن عباس:- مسجد سے۔

حضرت عمر:- اپنے ابن عم کو کس حال میں چھوڑا ہے؟

ابن عباس:- میں نے اُن کو ہم سنوں کے ساتھ کھیلتے چھوڑا ہے۔

حضرت عمر:- نہیں میں اُن کے متعلق (عبداللہ بن جعفر) نہیں پوچھتا میرا مطلب تم اہل بیت کے راس و رئیس و بزرگ (علیؑ) سے ہے؟

ابن عباس:- وہ تو فلاں کے نخلستان کے باغ میں پانی دے رہے ہیں اور اس حالت میں قرآن کی تلاوت بھی فرما رہے ہیں۔

حضرت عمر:- اے عبداللہ سچ کہنا اگر پوشیدہ کرو تو تمپر قربانی واجب ہو جائیگی کیا اب بھی حضرت علی کے دلمیں یہ خیال ہے کہ آنحضرتؐ نے انکو خلیفہ مقرر کیا تھا؟

ابن عباس:- یقیناً یہ خیال اُنکے دل میں ہے۔

حضرت عمر:- کیا علیؑ کا خیال ہے کہ رسول اللہؐ نے اُنکے لئے خلافت نص کر دی تھی یعنی انکو خلیفہ مقرر کیا تھا؟

ابن عباسؓ :- جی ہاں مگر میں آپ کو اس سے زیادہ بتاتا ہوں کہ میں نے اپنے والد سے حضرت علیؑ کے متعلق پوچھا تھا تو انہوں نے فرمایا کہ ہاں علیؑ کا دعویٰ سچ ہے۔

اس پر حضرت عمرؓ نے کہا۔

لقد کان من رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فی امرہ ذرو من قول لا یثبت حجۃ ولا یقطع عذرا ولقد کان یربع فی امرہ وقتا ما ولقد اراد فی مرضہ ان یصرح باسمہ فمنعت من ذالک اشفاقا وحیطۃ علی الاسلام لا ورب ھذہ البنیۃ لا تجتمع علیہ قریش ابدا ولو ولیھا لا نتقضت علیہ العرب من اقطارھا فعلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم انی علمت ما فی نفسہ فامسک۔

یعنے بیشک جناب رسول خدا صلعم علیؑ کے بارے میں چند ایسی باتیں فرماتے تھے جن سے کوئی حجت ثابت نہ ہوتی تھی اور عذر قطع نہ ہوتا تھا اور اکثر اوقات جناب رسول خدا نے علیؑ کے نام کی (خلافت کے لیے) تصریح کردینی چاہی مگر میں نے انکو روکدیا جس سے میری غرض محض اسلام کی ہمدردی تھی۔ خدا کی قسم علیؑ کے بارے میں کبھی قریش کا اجتماع نہ ہوگا اور اگر لوگ انکو خلیفہ بنا ہی لیں گے تو ہر طرف سے عرب ان پر چڑھائی اور جنگ شروع کر دینگے۔ پس رسول خدا سمجھ گئے کہ میں نے ان کی بات تاڑلی اور وہ رک گئے۔ دیکھو شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید جلد سوم صفحہ ۹۷۔ اسی طرح کا ایک اور مکالمہ بھی اس میں درج ہے۔ اسجگہ میں حضرت عمرؓ کے بیان کا ترجمہ لکھتا ہوں۔

حضرت عمرؓ :- اے ابن عباسؓ یہ تو ٹھیک ہے کہ جناب رسول خداؐ کا ارادہ یہ ہی تھا کہ خلافت علیؑ کو دے لیکن رسول اللہؐ کے چاہنے سے کیا ہوتا ہے۔ جب خدا نے نہ چاہا۔ رسول اللہؐ نے چاہا کہ خلافت علیؑ کو ملے خدا نے اسکے خلاف چاہا اور خدا کی مراد پوری ہو گئی اور رسول اللہؐ کی خواہش پوری نہ ہوئی جیسے کہ رسول خدا نے بہت چاہا کہ انکا چچا ایمان لائے لیکن وہ ایمان نہ لایا کیونکہ خدا نے نہ چاہا کہ وہ ایمان لائے۔ رسول اللہ نے تو یہ بھی چاہا کہ مرض الموت میں خلافت کی وصیت علیؑ کے نام کر دیں۔ لیکن میں نے فتنہ وامر اسلام کی پراگندگی کے خوف سے روک دیا رسول اللہؐ بھی میرے دل کی بات سمجھ گئے اور رک گئے اور اللہ نے جو مقدر کیا تھا وہی ہوا؟ دیکھو شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید جلد سوم صفحہ ۱۱۴

ایک نئے فرقہ کا آغاز اور اس کا نام

بادشاہ دوم کے آنحضرت صلعم کے متعلق سربستہ خیالات و اعتقادات جو تھے ان کا اوپر ذکر

ب

ہو چکا ان ہی عقائد کی روشنی میں انہوں نے شریعت اسلامی پر پورا تسلط حاصل کرنے کیلئے خلافت رسول ایک نئے فرقہ و مذہب کی بنیاد ڈالی جسکا نام اسرار الدین بتایا جاتا ہے۔ جسکے متعلق مولوی شبلی نعمانی کا یوں اقرار ہے "شریعت کے احکام کے متعلق بہت بڑا اصول جو حضرت عمر نے قائم کیا یہ تھا کہ شریعت کے تمام احکام مصالح عقلی پر مبنی ہیں یہی دوسرا خیال علم اسرار الدین کی بنیاد ہے......... بلکہ حضرت عمر اسی دوسرے اصول کے قائل تھے اور وہ سب سے پہلے شخص ہیں جس نے علم اسرار الدین کی گویا بنیاد ڈالی دیکھو الفاروق حصہ دوم صفحہ ۲۰۹/۲۱۰ جب آپکے ہاتھوں اسرار الدین جیسے عقائد کی بنیاد پڑ چکی تو اس کے متعلق اُسکے لائحہ عمل یعنے اسلام سے علیحدہ قوانین کی ضرورت تھی جنکو حضرت عمر نے بنایا اور وضع کیا جسکے متعلق مولوی شبلی نعمانی صاحب کہتے ہیں "اس تفریق اور امتیاز کی وجہ سے (آنحضرت صلعم کے) فقہ کے مسائل پر بہت اثر پڑا کیونکہ جن چیزوں میں آنحضرت کے ارشاد منصب رسالت کی حیثیت سے نہ تھے ان میں اسبات کا موقع باقی رہا کہ زمانے اور حالات موجودہ کے لحاظ سے نئے قوانین وضع کئے جائیں چنانچہ معاملات میں حضرت عمر نے زمانہ اور حالات کی ضرورتوں سے بہت سے نئے نئے قاعدے وضع کئے جو آج فقہ حنفی میں بکثرت موجود ہیں۔ دیکھو الفاروق حصہ دوم صفحہ ۲۳۸ اور مولوی صاحب اس سے پہلے الفاروق حصہ دوم کے صفحہ ۲۱ پر فرما چکے ہیں کہ حضرت عمر مسائل شریعت کی نسبت ہمیشہ مصالح اور وجوہ پر غور کرتے تھے۔ یہی خیال پھیلتے پھیلتے آب پکڑ الوہیت۔ ثقافت اسلامی اور پرویزیت کی شکل میں ظاہر ہو رہے ہیں دیکھو معارف الفرقان حضرت علامہ مرزا احمد علی صاحب مدظلہ

مسئلہ خلافت رسولؐ

یہی مسائل شرعیہ میں سے ایک نہایت اہم اور بنیادی مسئلہ تھا جو خلیفہ جی کے غور و فکر اور سیاسی قابلیت سے نہ بچ سکا یہ عقیدہ قائم کر دیا گیا کہ جناب رسول خدا نے کسی کو اپنا جانشین مقرر نہیں فرمایا حضرت عمر کا یہ قول و عقیدہ تاریخ کی تقریباً ہر ایک کتاب میں موجود ہے ان حضرات کیلئے جو حضرت عمر کے

ے مولوی شبلی نعمانی فرماتے ہیں کہ "جہاں تک ہمنے ان طویل بحثوں کو دیکھا ہے حضرت عمر کے مذہب میں جو نکتہ سنجی اور دقیقہ رسی پائی جاتی ہے اسکی نظیر کہیں نہیں ملتی دیکھو الفاروق حصہ دوم صفحہ ۲۵۶ مطبوعہ علمی پرنٹنگ پریس لاہور ناشر شیخ غلام علی لاہوری چونکہ حضرت عمر کا یہ مذہب قیاس پر مبنی تھا جسکے متعلق شبلی نعمانی اسی صفحہ پر یہ تحریر فرماتے ہیں لیکن قیاس کی بنیاد جسنے اول ڈالی وہ حضرت عمر فاروق ہیں پھر مولوی صاحب کہتے ہیں کہ اس سے زیادہ اجتہاد رائے کی کیا دلیل ہوگی کہ انکی (عمر کی) بہت سی رائیں مذہبی احکام بن گئیں دیکھو الفاروق مذکورہ صفحہ ۲۷۶

مذہب اسرار الدین کے حامی تھے یہ اعتقاد رکھنا ضروری تھا چنانچہ نووی شارح صحیح مسلم اسکی شرح میں تحریر فرماتے ہیں:-

وفی ھذا الحدیث دلیل ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لم ینص علی خلیفۃ وھو اجماع اھل السنۃ الخ

یعنے اس حدیث سے دلیل ظاہر ہوئی کہ تحقیق جناب رسول خدا نے اپنا جانشین مقرر نہیں فرمایا اور اسی عقیدہ پر تمام اہل سنت والجماعت کا اجماع ہے۔ دیکھو صحیح مسلم باب الاستخلاف تذکرہ ابن عمر اور خود جناب عمر کا یہی قول درج ہے علاوہ ازیں مندرجہ ذیل کتب سے بھی یہی اعتقاد ظاہر ہوتا ہے دیکھو:-

۱۔ صحیح بخاری کتاب الاحکام باب استخلاف۔
۲۔ کتاب الامامت والسیاست صفحہ ۲۲
۳۔ فتح الباری ابن حجر عسقلانی جلد سوم صفحہ ۱۷۱
۴۔ صواعق محرقہ باب اول فصل چہارم صفحہ ۱۱۔
۵۔ تاریخ طبری جلد پنجم صفحہ ۳۳
۶۔ تاریخ کامل جزو سوم صفحہ ۲۵
۷۔ مسند احمد حنبل جزو اول صفحہ ۱۳ وجلد ششم صفحہ ۶۳
۸۔ صحیح مسلم مطبوعہ مصر جلد سادس امالاستخلاف والترکہ صفحہ ۴
۹۔ قرۃ العینین مطبوعہ مطبع مجتبائی از شاہ ولی اللہ صفحہ ۱۲۳

امام غزالی لکھتے ہیں:-

الاصل السابع ان الامام الحق بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنہم ولم یکن نص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی امام اصلا، اذ لو کان لکان اولی بالظہور من نصبہ الولاۃ والامراء علی جنود فی البلاد ولم یخف ذالک فکیف خفی ھذا وان ظہر فکیف اندرس حتی لم ینقل الینا فلم یکن ابوبکر اماما الا بالاختیار والبیعۃ اما تقدیر النص علی غیرہ فھو نسبۃ للصحابۃ کلھم الی مخالفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وخرق الاجماع ذلک مما لم یتجری علی اختراعہ الا الروافض۔الخ

یعنے ساتویں اصل تحقیق کہ امام برحق بعد رسول خدا اول ابوبکر پھر عمر پھر عثمان پھر علی رضی اللہ عنہم ہیں کسی امام کیلئے کوئی نص جناب رسول خدا کی طرف سے نہیں ہے اگر نص ہوتی تو معلوم وظاہر ہوجاتی اور اسکا ظاہر ہونا اولے تھا بہ نسبت ظاہر ومعلوم تقرر حکام وامراء کے جو جناب رسول خدا نے لشکروں اور شہروں میں بھیجے جب وہ پوشیدہ نہ ہوئے تو نص امام منجانب رسول خدا کس طرح پوشیدہ ہوجاتی اگر پہلے ظاہر تھی تو پھر کیوں معدوم ہوگئی ایساکہ ہم کو اسکی خبر نہ ہوئی پس ابوبکر امام نہیں ہوئے لیکن بیعت اختیار کرلینے سے ہوگئے اور اگر سوائے ابوبکر کے ہم کسی اور کے حق میں نص رسول فرض کرلیں تو اس سے جملہ صحابہ کا مخالف رسول ہونا ظاہر ہوتا ہے اور اجماع ٹوٹ جاتا ہے

اور اس پر فرض کرنے کی سوائے روافض کے کسی اور نے جرأت نہیں کی دیکھو احیاء العلوم غزالی جلد اول رکن چہارم صـ۸۶ میں ان تمام حوالوں پر بحث کرنے سے بخوف طوالت گریز کر رہا ہوں۔ کیونکہ المقصد اختصار سے بھی

مطلب و مقصد سوادِ اعظم

خود بخود واضح اور معلوم ہوتا جا رہا ہے اسکی توضیح خلیفہ جی کے اس قول سے ہو جاتی ہے کہ اکثر اوقات جناب رسول خدا علیؑ کے بارے میں حق سے باطل کیطرف مائل ہو جانا چاہتے تھے اور بہت مبالغے کرتے تھے دیکھو شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید جلد سوم صـ۹۷ معلوم ہوتا ہے کہ رسول اسلام علیہ تحیۃ السلام کے زمانہ زندگی میں یہ مذہب سیاست ناقابل تسخیر ذہن میں آچکا تھا اور اس ہی وجہ سے وہ احکام رسول پر بالمشافہ اعتراض بھی کرتے تھے جسکو مولوی شبلی نعمانی نے ذرا نرم الفاظ میں پوشیدہ کرکے لکھا ہے۔ "اگر خلیفہ جی کے خیال میں کوئی مسئلہ خلاف عقل ہوتا تو رسول اللہؐ سے دریافت (اعتراضاً) کرتے سفر میں جو قصر نماز کا حکم دیا گیا وہ اس بنا پر تھا کہ ابتدا اسلام میں راستے محفوظ نہ تھے کافروں کی طرف سے ہمیشہ خوف کا سامنا رہتا تھا چنانچہ قرآن مجید میں خود اسکا اشارہ موجود ہے "لیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلوٰۃ وان خفتم ان یفتنکم الذین کفروا" لیکن جب راستے مامون ہو گئے تب بھی قصر کا حکم باقی رہا۔ حضرت عمر کو اس پر استعجاب ہوا اور آنحضرتؐ سے دریافت کیا کہ اب سفر میں قصر کیوں کیا جاتا ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا یہ خدا کا انعام ہے دیکھو الفاروق حصہ دوم صـ۳۱

خلافت کے لئے حکم خدا

کیا آدمی ملکر کسی کو خلیفہ رسول منتخب کر سکتے ہیں یا نہیں خدا نے قرآن مجید میں رسول و امام و خلیفہ کے تقرر کے متعلق کیا فرمایا ہے۔ واضح یہ ہوتا ہے کہ نبی یا امام یا خلیفہ میں سے جو بھی ہو انکا تقرر خداوند کریم خود فرماتا ہے۔ دیکھئے پیغمبروں کے متعلق خداوند کریم قرآن میں کیا فرماتا ہے اور پیغمبر و رسول کس سے دعا مانگتے ہیں۔

۱۔ حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل نے بارگاہ لم یزل سے اس طرح دعا مانگی۔ (۱) ربنا وابعث فیھم رسولاً منھم (قرآن پ۱ ع۱۵)۔ یعنے اے پالنے والے تو ان لوگوں میں کوئی رسول مقرر فرما (۲) دوسرے مقام پر خداوند عالم کا ارشاد ہے۔ کما ارسلنا فیکم رسولاً منکم۔ (قرآن پ۲ ع۲) یعنے جس طرح ہم نے تم میں سے ایک رسول بھیجا۔ (۳) اور تیسری جگہ پر یہ ارشاد موجود ہے۔ لقد

من اللہ المؤمنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم۔ (قرآن پ۴ ع۸) یعنے یقیناً اللہ نے ایمان والوں پر احسان کرکے اُن میں اُنہی میں سے ایک رسول بھیجا (۴) چوتھے مقام پر سورۃ جمعہ میں ہے کہ ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منھم۔ (قرآن شریف پ۲۸ ع۱۱) یعنے وہی خدا ایسا ہے جس نے امیوں میں اُنہیں میں سے ایک رسول بھیجا۔

۲۔ خلیفہ کے بارے میں بھی خدا کا یہی اصول کارفرما ہے ارشاد ہوتا ہے (۱) واذ قال ربک للملائکۃ انی جاعل فی الارض خلیفہ۔ (قرآن پ۱ ع۴) یعنے اے رسول لوگوں سے اسوقت کا بیان کرو کہ جب تمہارے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین پر ایک خلیفہ مقرر کرنے والا ہوں۔ اور یہ نہیں کہا کہ تم خود زمین کے خلیفہ کا انتخاب کرلو؟ تم جیسے چاہو اجماع یا پنچائت یا شورہ یا قہر و غلبہ سے خلیفہ بنالو اور یہ بھی نہیں فرمایا کہ میں زمین والوں کو اختیار دیتا ہوں کہ وہ جس کو جس طرح چاہیں خلیفہ بنالیں میں اُسے منظور کرلونگا اور نہ یہ فرمایا کہ بنی نوع انسان جس کو بھی زمین پر خلیفہ چن کر بنالیں گے میں اسکو تسلیم کرلوں گا۔ بلکہ فرمایا تو یہ فرمایا کہ زمین پر خلیفہ میں ہی بناؤں گا اور خلیفہ بنانا میرا ہی کام ہے۔

(۲) حضرت داؤد سے ارشاد فرمایا۔ یا داؤد انا جعلناک خلیفۃ فی الارض۔ (قرآن پ۲۳ ع۱۱) یعنے اے داؤد ہم نے تم کو زمین میں اپنا خلیفہ مقرر کیا۔ معلوم رہے کہ حضرت داؤد کے زمانہ میں یہ زمین بے تعداد آدمیوں سے آباد ہو چکی تھی تب بھی یہی حکم ہوا کہ خلیفہ میں بناتا ہوں پھر بھی خدا نے عام انسانوں پر خلیفہ کا انتخاب نہیں چھوڑا۔ (۳) حضرت موسےؑ کے متعلق قرآن میں ارشاد ہوتا ہے۔

وواعدنا موسیٰ ثلاثین لیلۃ واتممناھا بعشر فتم میقات ربہ اربعین لیلۃ وقال موسیٰ لاخیہ ھارون اخلفنی فی قومی و اصلح ولا تتبع سبیل المفسدین (قرآن شریف پ۹ ع۷)۔

یعنے اے رسول ہم نے موسےؑ سے تیس ۳۰ راتوں کا وعدہ کیا اور ہم نے دس راتیں اور زیادہ کردیں تیس ۳۰ کی چالیس ۴۰ کردیں اور اسکے پالنے والے کا وعدہ چالیس ۴۰ راتوں کا پورا ہوگیا۔ اور موسیٰ کوہ طور پر جاتے وقت اپنے بھائی ہارون سے کہتے گئے کہ تم میری قوم میں میری نیابت (خلافت) کرنا اور اُن میں اصلاح کرنا اور مفسدوں کی راہ اختیار نہ کرنا

دیکھئے صرف چالیس راتیں حضرت موسےؑ کوہ طور پر گئے تو ان ایام کیلئے بھی قوم کو بے سردار نہیں چھوڑا بلکہ خدا کے حکم سے اُن پر خلیفہ مقرر کرکے گئے۔

۳۔ امام کے بارے میں بھی خدا کا یہی اصول کارفرما ہے۔

(۱)۔ والذین یقولون ربنا ھب لنا من ازواجنا وذریتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما۔ (پ۱۹ ع۴۔ قرآن شریف)

یعنے وہ لوگ جو دعا کرتے ہیں کہ ہمارے رب ہمکو ہماری ازواج و اولاد کیطرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہم کو متقیوں کا

ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ وہ خود یا کسی کے منتخب کرنے سے امام نہیں بن سکتے تھے اسواسطے ہی تو خدا سے دعا مانگتے ہیں کہ تو ہمکو پرہیز گاروں کا امام بنا۔ (۲) اور ارشاد ہوتا ہے۔ وجعلنا ھم آئمۃ یھدون بامرنا۔ (قرآن پ۱۷ ع ۵) یعنے ہم ہی نے ان لوگوں کو امام بنایا اور وہ ہمارے حکم کے مطابق ہدایت کرتے تھے۔ (۳) وجعلنا منھم آئمۃ یھدون بامرنا لما صبروا وکانوا بآیتنا یوقنون (قرآن پ۲۱ ع ۱۰) یعنے ہم نے ان میں سے کچھ لوگوں کو امام بنایا جو ہمارے حکم کے مطابق لوگوں کو ہدایت کرتے تھے اور منصب امامت ان کو اس وقت ملا جبکہ وہ دشمنان خدا کے ظلم وستم پر صبر کرتے اور ہماری آیتوں پر یقین رکھتے رہے۔ (۴) ونرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض ونجعلھم ائمۃ ونجعلھم الوارثین۔ (قرآن شریف پ۲۰ ع ۳) یعنے ہمارا ارادہ رہتا ہے کہ جو لوگ اس زمین میں کمزور سمجھے گئے ان پر احسان کریں اور انکو امام بنائیں اور ان کو وارث قرار دیں۔

(۵) واذ ابتلی ابراھیم ربہ بکلمات فاتمھن قال انی جاعلک للناس اماما۔ قال ومن ذریتی۔ قال لاینال عھدی الظالمین۔ (قرآن شریف پ۱ ع ۱۵)۔

یعنے جب حضرت ابراہیمؑ کو انکے رب نے کلمات سے آزمایا اور انہوں نے سب باتوں کو پورا کردیا تو خدا نے فرمایا میں تم کو لوگوں کا امام بناؤنگا حضرت ابراہیمؑ نے عرض کی کہ میری اولاد میں سے بھی (امام بنائیگا) تو اس پر خدا نے فرمایا (ہاں مگر) میرا یہ عہد ظالموں کو نہیں ملتا۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضرت ابراہیم کو بھی خدا نے ہی امام مقرر فرمایا تھا نہ کہ اس زمانہ کے لوگوں نے انتخاب کیا بلکہ یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت ابراہیم بھی اولاد میں سے کسی کو منتخب نہیں کر سکتے تھے۔ بلکہ اس کے واسطے بھی انہیں خدا سے التجا کرنی پڑی اور لفظ "عھدی" فرما کر خدا نے اور بھی تاکید کردی کہ کسی کو امام یا خلیفہ بنانا آدمیوں کا کام نہیں ہے اور نہ انکی اس امر میں قدرت ہے بلکہ یہ خاص خدا کا عہدہ ہے جس کو چاہتا ہے اسے بخش دیتا ہے۔ (۶) ولقد اتینا موسی الکتب وجعلنا معہ اخاہ ھارون وزیرا۔ (قرآن شریف پ۱۹ ع ۲) یعنے البتہ ہم نے موسےؑ کو کتاب دی اور ہم ہی نے انکے بھائی ہارون کو انکا وزیر بنایا۔

مفہوم خلیفہ یا امام

یہ کہا جا سکتا ہے کہ قرآن میں جس جس مقام پر خلیفہ یا امام کا لفظ آیا ہے وہاں وہاں سے مراد نبی ورسول ہے بخلاف اسکے حضرت تاجدار رسالتؐ کا خلیفہ غیر نبی تھا اس لئے کہ نبوت تو آنحضرتؐ پر باتفاق فریقین ختم ہو چکی لہذا قرآن کی ان آیات سے خلافت رسولؐ پر استدلال نہیں کیا جا سکتا۔ جواباً گذارش ہے کہ ذرا بصمیم قلب غور فرمائیے کہ قرآن حکیم میں قادر مطلق نے مطلق خلیفہ کے مقرر کرنے کا اختیار

بذمہ خود رکھنا ظاہر فرمایا ہے خواہ وہ خلیفہ بمعنے نبی ہو یا خلیفہ بمعنے قائم مقام و جانشین ہو خواہ خلیفہ بمعنے وزیر بنی ہو۔ غرض جس طرح نبی و رسول کا مقرر کرنا خدا نے صرف اپنے اختیار میں رکھا ہے۔ اسی طرح نبی یا رسول کے خلیفہ و وزیر و جانشین اور قائم مقام کا مقرر کرنا بھی صرف اپنے تعلق و اختیار میں رکھا ہے۔ معلوم رہے کہ خلیفہ جس معنے میں لیا جائیگا اس کے مقرر و منتخب کرنے کا اختیار خدا نے کسی حالت میں بھی انسانوں کو نہیں دیا قرآن کی ایک ایک آیت احادیث رسول کا ایک لفظ انبیاء و مرسلین کا ایک فعل بھی ایسا نہیں مل سکتا کہ جس سے پایا جائے کہ کسی زمانہ میں بھی کسی امت نے اپنے زمانہ کے لوگوں کو خلیفہ (بمعنے قائم مقام نبی) مقرر و منتخب کیا ہو یا انہیں اس امر کا اختیار دیا گیا ہو خود حضور سرور کائنات تاجدار مدینہ کے خلفاء کے بارے میں بھی خدا نے تصریح فرما دی ہے کہ خلیفہ صرف خدا ہی مقرر کرتا ہے امت کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ خلیفہ منتخب کرے ارشاد ہوتا ہے

وعد اللہ الذین امنوا منکم و عملوا الصلحٰت یستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم۔ (قرآن پ۱۸ ع ۱۳)

یعنے تم میں سے جو لوگ کامل ایمان لائے اور وہ تمام اعمال خیر بجا لائے ہیں ان کے بارے میں خدا کا وعدہ ہے کہ اُن کو زمین میں اس طرح خلیفہ بنائے گا جس طرح ان لوگوں کو بنایا تھا جو انسے پہلے گذر چکے ہیں" اس سے ثابت ہوا۔ کہ آنحضرتؐ سے قبل جسقدر خلیفے گذرے ان سب کو ہی خدا نے بنایا تھا اور آنحضرت کے بعد جس قدر آپ کے خلیفہ ہوں گے اُن کو بھی خدا مقرر کریگا نہ یہ کہ آپ کی امت کے افراد اجماع یا شورہ یا پنچائیت یا قہر و غلبہ سے مقرر و منتخب کر سکیں گے بلکہ کسی نبی کا وزیر تک بھی کوئی مقرر نہیں کر سکتا اسے بھی خداوند تعالے نے مقرر فرماتا ہے جیسے کہ اس سے قبل حضرت موسےٰ کے وزیر کے متعلق تحریر ہو چکا ہے۔ وجعلنا معہ اخاہ ھارون وزیرا (قرآن پ۱۹ ع ۲)
یعنے ہم نے موسےٰ کے بھائی ہارون کو موسےٰ کا وزیر بنایا۔

خلیفہ کا انتخاب و تقرر

خلیفہ کے تقرر و انتخاب کا مسئلہ اور اختیار جب خدا و رسولؐ کے ہاتھ میں ہے تو پھر کوئی ایسا شخص بزعم خود اپنے کو خلیفہ کہتا ہے یا اپنے تئیں نائب رسول سمجھتا ہے وہ حقیقی معنوں میں نہ تو رسولؐ کا خلیفہ ہو سکتا ہے نہ وزیر بن سکتا ہے بلکہ اس قسم کا فرضی دعوے کرنے والا فرضی ہی رہے گا۔ حقیقی خلیفہ وہی ہو گا جو خدا اور رسول کی نظروں میں خلیفہ ہے دیکھو قرآن میں ارشاد باری اسطرح ہے۔

وربک یخلق ما یشاء و یختار ما کان لھم ۔ اے رسول تیرا پالنے والا ہی جسکو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور

الخیرۃ سبحان اللہ عما یشرکون ۔ (قرآن شریف پ۲۰ ع۹ سورہ قصص) ان میں سے جس کو چاہتا ہے منتخب کر لیتا ہے انتخاب کرنا لوگوں کے اختیار میں نہیں ہے یہ لوگ جو خدا کے امر میں شریک ہونا چاہتے ہیں اللہ کی ذات اس سے پاک اور بلند ہے "(۲) اللہ یجتبی من یشاء ۔ (قرآن شریف پ۴ ع۳) یعنے اللہ ہی جس کو چاہتا ہے اُس کا انتخاب فرما لیتا ہے۔

(۳) وما کان لمومن ولا مومنۃ اذا قضی اللہ ورسولہ امراً ان یکون لھم الخیرۃ من امرھم ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضلالاً مبینا ۔ (قرآن شریف پ۲۲ ع۲ سورہ احزاب) ۔

جب اللہ اور اسکے رسول کسی بات کو طے کر دیں تو پھر کسی مومن یا مومنہ کو اس کا اختیار نہیں رہتا کہ وہ اپنے امور کیواسطے بھی کسی کا انتخاب کریں جو لوگ اللہ اور اُس کے رسولؐ کی نافرمانی کرتے ہیں وہ گمراہی میں پڑتے ہیں ۔

(۴) فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما ۔ (قرآن پ۵ ع۶ آیت ۶۵)

یعنے اے رسولؐ تمہارے پالنے والے کی قسم یہ لوگ کبھی سچے مومن نہ ہونگے جب تک یہ اپنے جھگڑوں میں تم کو حاکم نہ بنائیں اور پھر جو کچھ تم فیصلہ کرو اس سے کسی طرح دل تنگ نہ ہوں بلکہ خوشی خوشی اسے مان لیں اور تسلیم کر لیں ۔

ان آیتوں سے واضح تر فیصلہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ امام یا خلیفہ کا مقرر کرنا لوگوں کے اختیار کی بات نہیں ہے۔ بلکہ یہ خاص خدا کا کام ہے اور خدا اور رسولؐ کے خلاف کرنا سراسر نافرمانی ہے اور آنحضرتؐ کے فیصلہ کے خلاف دل تنگ ہونا یا آپ کو حاکم نہ بنانا بے ایمانی ہے جو لوگ خدا اور رسولؐ سے یہ اختیار چھیننا چاہتے ہیں وہ جو کچھ ہو سکتے ہیں خود سمجھ لیجیے اگر انصاف مدنظر ہو تو یہ آیتیں بحث خلافت کا قطعی فیصلہ کر دیتی ہیں۔ یہ تو خدا کا قولی حکم ہے اب طرز عمل بھی دیکھئے خداوند کریم نے ایک لاکھ سے زیادہ پیغمبر بنا کر بھیجے اور انکے بعد انکے خلیفے بھی خدا کیطرف سے مقرر ہوئے اسی طرح آنحضرت کے بعد مسلمانوں کیلئے آپ کا ایک نائب وجانشین وخلیفہ ہونا ضروری تھا کیونکہ جو غرض وغایت انبیاء کے مبعوث فرمانے کی تھی وہی ان کے بعد انکے خلیفہ کے منصوب ہونیکی بھی ہے کہ وہ خلیفہ اس نبی کے بعد اس کے دین کو صحیح معنوں میں انہی لائنوں پر چلائے جن پہ اُس نبی نے خدا کے حکم سے چلایا تھا اور اس کے دین کی ایسی حفاظت کرے جیسی کہ اُس نبی نے کی تھی اب دیکھئے کہ سابق انبیاء ومرسلین کے بعد انکی شریعت کے قیام اور اُن کے دین کی بقا وحفاظت کے لئے خدا کا کیا اصول کارفرما رہا ہے کیا خدا نے انبیاء ومرسلین کی اُمتوں کو یہ اختیار دے دیا تھا کہ وہ اپنے میں سے جس کو چاہیں خلیفہ یا دینی سردار اور نائب رسولؐ وصی یا قائم مقام رسولؐ مقرر کر لیں

یا خدا نے خود ہی ہر نبی و رسول کا خلیفہ خود مقرر کر کے اسی نبی یا رسول سے اسکا اعلان کرایا

اپنے خلیفہ کے متعلق انبیاء ماسبق کا طرز عمل!

جہاں تک تاریخ اور کتب سواد اعظم کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے وہ یہ ہے کہ خدا نے ہر نبی و رسولؑ کا خلیفہ و وصی و نائب و جانشین خود مقرر کر کے ہر ایک نبی سے اس کے متعلق اعلان کرایا ہے۔ قرآن مجید میں جن انبیاء کے خلفاء کا بیان ہے اُن سے کچھ کا تو کا ذکر ہو چکا ہے اور باقی کا حال ہم سواد اعظم کے معتبر تاریخی ذخائر سے تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں البتہ کل انبیاء کے حالات کتابوں میں نہیں ملتے یہاں صرف انکا ذکر کیا جاویگا جن کے حالات مل سکے ہیں۔ جنکو یہاں پر مختصر طور پر مع اصلی عبارت و ترجمہ کے پیش کرتا ہوں۔

نمبر شمار	اصلی عبارت کتاب	خلاصہ ترجمہ	حوالہ کتاب
۱	لما حضرت آدم الوفاۃ دعا ابنہ شیثا فعھد الیہ عھدہٗ	جب حضرت آدم کی وفات کا وقت قریب آیا تو اس نے اپنے فرزند شیث کو احکام خدا کا ولی عہد کر دیا۔	تاریخ طبری جلد ا صـ۷۶ـ۹۹ و اسلام کا نظریہ حکومت حامد الانصاری غازی صـ۱۰۷ـ
۲	ان آدم اوصی الی ابنہ شیث وکتب وصیۃ ثم رفع کتاب وصیۃ الی شیث	آدم نے انتقال کے وقت اپنے فرزند شیث کو اپنا وصی مقرر کیا اور اسکا وصیت نامہ لکھ کر انکے حوالے کر دیا۔	تاریخ طبری جلد ا صـ۷۹ـ
۳	ان شیث لما مرض اوصی الی ابنہ انوش و مات	حضرت شیث جب بیمار ہوئے تو اپنے فرزند انوش کو اپنا وصی مقرر کر کے فوت ہوئے۔	تاریخ طبری جلد ا صـ۸۱ـ و تاریخ کامل جلد ا صـ۳۰ـ تا صـ۳۲ـ
۴	ولد انوش قینان و نفرا کثیرا و الیہ الوصیتہ	جناب انوش نے اپنے فرزند قینان کو اپنا وصی مقرر فرمایا۔	تاریخ طبری جلد ا صـ۸۳ـ و تاریخ کامل صـ۳۰ـ تا صـ۳۲ـ جلد ا
۵	فوالد قینان مھلائیل و نفرا معہ والیہ الوصیۃ	یعنے قینان نے اپنے فرزند مہلائیل کو اپنا وصی مقرر کیا۔	تاریخ طبری جلد ا صـ۸۳ـ و تاریخ کامل جلد ا صـ۳۰ـ تا صـ۳۲ـ
۶	فولد مھلائیل یرد وھو الیارد و نفرا معہ والیہ الوصیۃ	مہلائیل کے یرد یا یارد اور دوسرے لڑکے پیدا ہوئے تو اس نے یرد یا یارد کو اپنا وصی مقرر کیا۔	تاریخ طبری جلد ا صـ۸۳ـ و تاریخ کامل صـ۳۰ـ تا صـ۳۲ـ جلد ا
۷	ولد یرد خنوخ و ھو ادریس النبی	یعنی یرد نے اپنے بیٹے خنوخ یعنے ادریس کو اپنا	تاریخ کامل جلد ا صـ۳۰ـ و صـ۳۲ـ

نمبر شمار	اصل عبارت کتاب	خلاصہ ترجمہ	حوالہ کتاب
	او نفر امعه والیه الوصیة	وصی مقرر کیا۔	
۸	فولد خنوخ متوشلخ ونفر امعه والیه الوصیة	یعنے خنوخ نے اپنے فرزند متوشلخ کو اپنا وصی مقرر کیا	تاریخ طبری جلد ا صفحہ ۸۳ و تاریخ کامل جلد ا صفحہ ۳۰/۳۹
۹	فولد مهلائیل یرد فکان وصی ابیه وخلیفته فیما کان والده مهلائیل واستخلفه علیه بعد وفاته	مہلائیل کے فرزند یردان کے وصی اور خلیفہ ہوئے ان امور میں جن میں مہلائیل کے والد نے ان کو وصی کیا تھا اور ان کو اپنی وفات کے بعد اپنا خلیفہ بنایا۔	تاریخ طبری جلد ا صفحہ ۸۵
۱۰	وولد خنوخ متوشلخ فاستخلفه خنوخ علی امر الله واوصاه واهل بیته	حضرت ادریس کے فرزند متوشلخ ہوئے ان کو ادریس نے احکام خدا پر اپنا وصی و خلیفہ مقرر کیا۔	تاریخ طبری جلد ا صفحہ
۱۱	فلما حضرت متوشلخ الوفاة استخلف لمک علی امر الله واوصاه بمثل ما کان اباته یوصون به	جب حضرت متوشلخ کی وفات قریب ہوئی تو انہوں نے اپنے دین پر لمک کو اپنا خلیفہ و وصی مقرر کیا جس طرح آپ کے آبا و اجداد خود بھی اپنا وصی مقرر کرتے تھے۔	تاریخ طبری جلد ا صفحہ ۸۷ تاریخ کامل جلد ا صفحہ ۳۲/۳۴
۱۲	لما حضرت نوحا الوفاة اوصی الی ابنه سام	یعنے حضرت نوح نے وفات کے وقت اپنے فرزند سام کو اپنا وصی مقرر کیا۔	تاریخ کامل جلد ا صفحہ ۲۶
۱۳	(جناب ابراہیم) اسحاق را در دیار شام ولی عہد و خلیفہ گردانید	حضرت ابراہیم نے اسحاق کو ملک شام میں اپنا ولی عہد و خلیفہ مقرر کیا۔	روضۃ الصفا جلد ا صفحہ ۵۸
۱۴	وان اسماعیل لما حضرته الوفاة اوصی الی اخیه اسحاق	جب حضرت اسماعیل کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے اپنے بھائی اسحاق کو اپنا وصی مقرر کیا	تاریخ طبری جلد ا صفحہ ۱۶۳/۸۹۲
۱۵	اسماعیل در آخر ایام حیات خویش قیدار را وصی و ولی عہد خویش گردانید	حضرت اسماعیل نے اپنی زندگی کے آخر میں قیدار کو اپنا وصی و ولی عہد مقرر کیا	تاریخ روضۃ الصفا جلد ا صفحہ ۹۱
۱۶	ترجمہ	حضرت اسحاق نے بھی اپنے فرزند یعقوب کو خود اپنا ولی عہد مقرر کیا	تاریخ روضۃ الصفا جلد ا صفحہ ۹۳/۹۴
۱۷	ترجمہ	حضرت یعقوب نے بھی اپنے فرزند یوسف کو خود ہی اپنا وصی و خلیفہ مقرر فرمایا	تاریخ روضۃ الصفا جلد ا صفحہ ۵۳ تاریخ طبری جلد ا صفحہ ۱۶۳

نمبر شمار	اصل عبارت کتاب	خلاصہ ترجمہ	حوالہ کتاب
۱۸	حضرت یوسف کے متعلق ہے۔ اوصی الی اخیہ یہودا	یعنے انتقال کے وقت حضرت یوسف نے اپنے بھائی یہودا کو وصی وخلیفہ مقرر کیا۔	تاریخ طبری جلد ۱ صـ ۱۷۱
۱۹	ان ایوب اوصی عند موتہ الی ابنہ حومل۔ اور بروایت دیگر ان بشرا اوصی الی ابنہ عبدان	حضرت ایوبؑ نے اپنی وفات کے قریب اپنے فرزند حومل کو اپنا وصی وولی عہد مقرر کیا یعنے خدا نے ایوب کے بعد انکے فرزند بشر کو انکا قائم مقام کیا اور انہوں نے اپنے فرزند عبدان کو اپنا وصی مقرر کیا۔	روضۃ الصفاء جلد ۱ صـ ۱۰۱ تاریخ طبری جلد ۱ صـ ۱۶۷ و تاریخ کامل جلد ۱ و صـ ۴۹
۲۰	حضرت موسےٰؑ ہارونؑ را طلب کردہ امامت وخلافت خود را بہ و تفویض فرمود (۲) اسکے متعلق طبری وکامل کے الفاظ ہیں ثم انطلق موسیٰ واستخلف ھارونؑ علی بنی اسرائیل	یعنے حضرت موسےٰؑ نے حضرت ہارونؑ کو بلا کر اپنی امامت وخلافت کا عہدہ ان کے سپرد کر دیا۔ ۲۔ یعنے حضرت موسےٰ رخصت ہو گئے اور ہارون کو بنی اسرائیل پر اپنا خلیفہ مقرر کر گئے ۳۔ مگر چونکہ حضرت ہارونؑ حضرت موسیٰؑ کی زندگی میں فوت ہو گئے اس کے بعد حضرت موسےٰؑ نے یوشع بن نون کو فوت ہونے سے پہلے اپنا خلیفہ مقرر فرمایا	(۱) روضۃ الصفاء جلد ۱ صـ ۲ (۲) تاریخ طبری جلد ۱ صـ ۲۱۸ و تاریخ کامل جلد ۱ صـ ۶۵ (۳) روضۃ الصفاء جلد ۱ صـ ۱۲۸
۲۱	پھر جناب یوشع کے متعلق ہے۔ ثم توفاہ اللہ فاستخلف علی بنی اسرائیل کالب بن یوقنا	یعنے پھر جب جناب یوشع کو خدا دنیا سے اٹھانے لگا تو آپ نے بنی اسرائیل پر کالب بن یوقنا کو اپنا خلیفہ مقرر فرمایا	تاریخ طبری جلد ۱ صـ ۲۳۴ تاریخ کامل جلد ۱ صـ ۸۱ تاریخ روضۃ الصفاء جلد ۱ صـ ۱۳۵
۲۲	ترجمہ	حضرت کالب نے بھی اپنے فرزند یوساقوس کو خلافت سپرد فرما کر دنیا سے انتقال کیا	روضۃ الصفاء جلد ۱ صـ ۱۱۵
۲۳	ترجمہ	جناب الیاس نے بھی وحی خدا کے مطابق مرتے وقت اپنی خلافت الیسع کو سپرد کر دی	روضۃ الصفاء جلد ۱ صـ ۱۳۸
۲۴	ترجمہ	حضرت الیسع کو جب مرنے کا یقین ہو گیا تو حضرت ذی الکفل کو بلا کر خلافت انکے سپرد کر دی	روضۃ الصفاء جلد ۱ صـ ۱۴۰
۲۵	استخلفوا اللہ علی بنی اسرائیل لبعد شعیا یا شیۃ بن اموص	خدا نے جناب شعیا کے بعد بنی اسرائیل پر یاشیہ بن اموص کو انکا خلیفہ مقرر فرمایا	تاریخ طبری جلد ۱ صـ ۲۸۵

نمبر شمار	اصلی عبارت کتاب	خلاصہ ترجمہ	حوالہ کتب
۲۶	ترجمہ وورث سلیمان داؤد (قرآن)	حضرت داؤدؑ نے حضرت سلیمانؑ کو اپنا خلیفہ مقرر فرمایا	تاریخ کامل جلد ا صفحہ ۶۲
۲۷	ترجمہ	یوشانافش نے عزار بن ہارون کو اپنے بعد اپنا خلیفہ و وصی مقرر فرمایا۔	قصص الانبیاء از عبداللہ کسائی
۲۸	فلما مات (داؤد) ورث سلیمان ملکہ و علمہ و نبوتہ وکان لہ تسعۃ عشر ولداً فورثہ سلیمان دونھم	جب داؤدؑ فوت ہوئے تو آپ کے فرزند حضرت سلیمانؑ داؤدؑ کی سلطنت و علم و نبوت کے وارث ہوئے آپ کے انیس بیٹے تھے مگر وارث سلیمان ہوئے	تاریخ کامل جلد صفحہ و قصص الانبیاء۔ ثعلبی۔
۲۹	از جملہ وصایائے عیسیٰ آن بود کہ خدا مرا امر فرمودہ است کہ بر شما شمعون خلیفہ گردانم و حواریان خلافت وے قبول کردند	یعنے حضرت عیسٰے کی وصیتوں میں سے ایک یہ بھی تھی فرمایا کہ خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم پر حضرت شمعون کو خلیفہ مقرر کر دوں چنانچہ حواریوں نے آپ کی خلافت قبول کر لی۔	روضۃ الصفا جلد ا صفحہ ۱۸۷

سنّت اللّٰہ

حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت عیسیٰ تک جس قدر نبی و رسولؑ گذرے کسی کے متعلق کسی کتاب سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اُنہوں نے اپنی اپنی امت کو یوں ہی بغیر خلیفہ مقرر کئے چھوڑ دیا ہو اور کسی نبی و رسولؑ نے اپنی اُمّت کو یہ حکم دیا ہو کہ میرے بعد تم جسے چاہو میرا نائب و خلیفہ و جانشین (پنچایت یا شورہ یا اجماع سے) مقرر کر لو اگر کسی نبی کا خلیفہ آدمیوں کے اجماع یا شورہ سے بن سکتا تو آدمؑ سے عیسٰیؑ تک کسی پیغمبر کے متعلق اسکا حکم یا فرمان کہیں تو موجود ہوتا اور جب ایسا نہیں ہے تو پھر حضرت تاجدار اسلام کے متعلق یہ اصول کیوں ایجاد کیا گیا ہے کہ آپ کا خلیفہ و نائب اجماع و شورے اور قہر و غلبہ سے ہی ہو سکتا ہے جب سابق انبیاء اپنے اپنے خلفاء کو خدا کے حکم سے مقرر فرما کر خود اعلان فرماتے رہے تو حضرت ختم المرسلینؐ کے متعلق کے اعتقاد کیوں وضع کیا گیا کہ آنحضرتؐ نے اپنا خلیفہ خود مقرر فرما کر اسکے متعلق نص نہیں فرمائی پھر خدا پہ یہ الزام عائد ہوتا ہے۔ کہ اُس نے اپنی سنّت کو کیوں بدلا جبکہ وہ خود قرآن مجید میں فرماتا ہے :۔

سنۃ اللہ التی قد خلت من قبل ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا۔ (قرآن سورۃ فتح رکوع ۳) یعنے یہ کہ

خدا کا وہ طریقہ اور دستور ہے جو ہمیشہ سے چلا آتا ہے۔ اور تم کبھی خدا کے دستور و طریقہ (سنت اللہ) میں تغیر و تبدل ہی نہیں پا سکتے۔ خداوند کریم قرآن میں دوسرے مقام پر فرماتا ہے۔

فہل ینظرون الا ۔ ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا ولن تجد لسنۃ اللہ تحویلا (قرآن۔ سورہ فاطر رکوع ۵)

یعنی یہ لوگ کیا اگلوں کے دستور و طریقہ کا انتظار کر رہے ہیں (تو جان رکھو) کہ تمہیں خدا کے دستور و طریقے میں کبھی تغیر و تبدل نہیں مل سکتا اور اسکے دستور و طریقے کو تم کبھی ٹلتا ہوا نہ پاؤ گے۔

اگر خدا نے اس دفعہ اپنا دستور و طریقہ بدل ڈالا تو اس پر یہ الزام قائم ہوگا۔ لم تقولون ما لا تفعلون یعنی تم ایسی کیوں کہتے ہو جس کو کرتے نہیں ہو۔ خدا تو فرماتا ہے کہ میرے دستور نہیں بدلا کرتے اگر یہ دستور بقول سواد اعظم بدل بھی گیا ہوتا تو اس کے متعلق کوئی صریحی حکم موجود ہوتا۔ اگر خدا کا حکم نہیں بدلا تو پھر آنحضرتؐ کے خلیفہ کے متعلق یہ عقیدہ کیوں وضع کیا گیا۔ اسی بنا پر کسی شاعر نے کہا ہے ؎

ھل تری ناصا نبی و مجبر ٭ قبل تعیین وصی ووزیر

یعنے تم نے کسی نبی کو بھی دیکھا ہے کہ اس نے اپنا وصی و وزیر مقرر فرمانے سے پہلے انتقال کیا ہو تو پھر حضرت رسول خدا تاجدار اسلام کے خلیفہ کے بارے میں

خدا کا یہ دستور کیونکر ٹوٹ سکتا ہے

اگر رسولؐ اسلام نے اپنے جانشین و خلیفہ کا اعلان نہیں فرمایا تو آپ پر یہ الزام عائد ہوتا ہے۔ کہ آپ نے اس ضروری امر کو کیوں ترک کیا حالانکہ خداوند کریم اپنی مقدس کتاب میں اعلان فرماتا ہے۔ "اولئک الذین ھدی اللہ فبھدٰھم اقتدہ۔ (قرآن سورہ انعام پ رکوع ۱۰) یعنے اے رسولؐ گذشتہ نبی و رسولؐ وہ لوگ تھے جنکو اللہ نے ہدایت کر دی تھی تو اے میرے حبیب ان ہی کے طریقہ کی تم بھی پیروی کرو" مگر ادھر رسول بقول سواد اعظم (اس حکم خدا کے خلاف) انکی پیروی نہیں کرتے مثل گذشتہ انبیاء و رسولؐ آپ اپنا خلیفہ مقرر نہیں فرماتے۔

مگر برا ہو مطلب پرستی کا کہ آنحضرتؐ پر الزام آجائے تو آجائے۔ مگر ان کا مقصد ہاتھ سے نہ جائے یقیناً آپ نے اپنے بعد کے خلیفہ و نائب و جانشین کا تقرر فرما کر متعدد مرتبہ یہ اعلان فرمایا جسکو حضرت عمرؓ جیسے سیاستدان نے بھی تسلیم کرتے ہوئے فرمایا۔

لقد کان من رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فی امرہ ذرو من قول لا یثبت حجۃ ولا یقطع عذرا ولقد کان یربع فی امرہ وقتا ما

یعنے بے شک جناب رسول خداؐ سے (علیؑ کے بارے میں) چند ایسی باتیں ہوتی تھیں جن سے کوئی حجت ثابت نہ ہوتی تھی اور عذر قطع نہیں

ولقد اراد فی مرضه ان یصرح باسمه فمنعت۔

ہوتا تھا اور اکثر اوقات رسول اللہؐ حق سے باطل کیطرف مائل ہو کر (علیؑ کے امر میں) بہت مبالغہ کرتے تھے نعوذ باللہ۔ اور یہی امر واقعہ ہے کہ آنحضرتؐ نے اپنے مرض الموت میں (علیؑ کے) نام کی تصریح کر دینی چاہی مگر میں نے انکو اس امر سے روک دیا۔ دیکھو شرح نہج البلاغۃ ابن ابی الحدید جلد سوم صفحہ ۹۷ یہ بات حضرت عمر نے عبداللہ بن عباس سے کہی تھی علاوہ ازیں حضرت عمر و ابن عباس کا ایک اور مکالمہ بھی ابن ابی الحدید نے تحریر کیا ہے جس کا ترجمہ درج ذیل ہے۔

حضرت عمر:۔ میں تم سے تمہارے ابن عمؑ یعنی علیؑ کی شکایت کرتا ہوں میں نے اُن سے کہا کہ میرے ساتھ چلو انہوں نے انکار کر دیا اور اکثر انکو میں اپنے سے غضبناک دیکھتا ہوں اس کا کیا سبب ہے؟

ابن عباس:۔ یہ درست ہے اُن کا یقین ہے کہ جناب رسولخداؐ نے خلافت انکو عطا کی تھی۔

حضرت عمر:۔ اے ابن عباس یہ تو درست ہے۔ کہ جناب رسولخداؐ کا یہی ارادہ تھا کہ خلافت علیؑ کو ... لیکن جناب رسولخداؐ کے چاہنے سے کیا ہوتا ہے۔ جب خدا نے نہ چاہا۔ رسولخداؐ نے چاہا کہ خلافت علیؑ کو ... خدا نے اسکے خلاف چاہا اور خدا کی مراد جاری ہو گئی اور رسولخداؐ کی خواہش پوری نہ ہوئی .... رسولخداؐ نے تو یہ بھی چاہا تھا کہ مرض الموت میں خلافت کی وصیت علیؑ کے نام کر دیں لیکن میں نے فتنہ و امر اسلام کی پراگندگی کے خوف سے روک دیا۔ دیکھو شرح نہج البلاغۃ ابن ابی الحدید جلد سوم صفحہ ۱۱۴

تقرر و اعلان خلیفہ

دعوت ذی العشیرۃ کے دن خدا کے حکم سے "وانذر عشیرتک الاقربین" تحت ۳ھ بعثت میں آنحضرتؐ کا طرز عمل اور تقرر و اعلان خلافت ملاحظہ فرمائیے۔

فاخذ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم برقبة علی وقال ان ھذا اخی ووصی وخلیفتی فیکم فاسمعوا له واطیعوه۔

یعنے آنحضرتؐ نے علیؑ کی گردن پر ہاتھ رکھ کر پکڑا اور فرمایا اے لوگو یہ میرا بھائی اور میرا وصی اور میرا خلیفہ ہے پس تم سب اسکی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو۔ دیکھو تاریخ ابو الفدا جلد اول صفحہ ۱۱۶ و تاریخ طبری جلد دوم صفحہ $\frac{216}{21}$ اور کتاب "دعوت اتحاد" حصہ اول جو کتب خانہ حسینیہ لاہور میں چھپی ہے کے مختلف حوالے۔

فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه واله وسلم لا تقع فی علی فانه منی وانا منه وھو ولیکم بعدی وانه منی وانا منه وھو ولیکم بعدی۔

یعنے فرمایا جناب رسول خدا صلعم نے علیؑ کی بابت تم جھگڑے نہ کیا کرو کیونکہ وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں وہ میرے بعد تم سب کا حاکم و سردار ہے یہ بات حضور نے بغرض تاکید

مقرر فرمائی دیکھو مسند احمد حنبل جلد اوّل صفحہ ۲۳۱ وجلد سوم صفحہ ۳۸ وجلد چہارم صفحہ ۱۶۴ و صفحہ ۲۱۷ وجلد پنجم صفحہ ۳۵۷/۳۵۸ و صفحہ ۳۰۴/۲۶۱ وغیرہ دیگر کتب مندرجہ دعوت اتحاد حصہ اوّل۔

۳۔ جب جناب سیدہ کا عقد ہو چکا تو آنحضرتؐ نے جناب فاطمہؑ سے فرمایا۔

اما ترضین یا فاطمة ان الله اختار من اهل الارض رجلین جعل احدهما اباك والآخر بعلك | اے فاطمہؑ تمہیں خوش ہونا چاہیئے کہ خداوند کریم نے تمام اہل زمین میں دو شخصوں کا انتخاب فرمایا ہے جن میں سے ایک تمہارا باپ ہے دوسرا تمہارا شوہر (علیؑ) ہے۔

۴۔ ۹ ہجری میں غزوہ تبوک واقع ہوا اس گرمی کے موسم میں آپ مع صحابہ میدان جنگ کو تشریف لے گئے اور حضرت علیؑ کو مدینہ میں بطور خلیفہ رہنے کا حکم دیا اس پر حضرت علیؑ نے عرض کی "اتخلفنی فی الصبیان والنساء" کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جاتے ہیں۔ تو آنحضرتؐ نے فرمایا "اما ترضیٰ ان تکون منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه لا نبی بعدی" یعنے کیا تم راضی نہیں ہو کہ تم کو مجھ سے وہی نسبت ہے۔ جو ہارونؑ کو موسےٰؑ سے تھی سوائے اسکے کہ میرے بعد کوئی نبی بننے والا نہیں دیکھو صحیح بخاری جلد ۳ صفحہ ۵۳ و تاریخ خمیس جلد ۲ صفحہ ۳۸ و تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۱۴۴ و ریاض النضرہ جلد ۲ صفحہ ۱۶۲ و سیرت ابن ہشام جلد ۲ صفحہ ۳۱۷ و مواہب لدنیہ جلد ۱ صفحہ ۱۷۳ و تاریخ الخلفاء سیوطی صفحہ ۱۶۷۔

اگر اس میں آخری جملہ "لا نبی بعدی" نہ ہوتا تو ہارونی منزلت کو صرف وقتی جانشینی اور عارضی خلافت تک محدود سمجھا جا سکتا لیکن اس جملہ سے ثابت ہوتا ہے کہ تاجدار اسلام کی زندگی اور بعد وفات حضرت علیؑ کو ایسی جانشینی و خلافت کا درجہ حاصل ہے جو حضرت ہارون کو تھا۔ اگر حضرت ہارون کی زندگی موسےٰ کے بعد باقی رہتی تو خلافت کا حق سوائے ہارون کے اور کسی کو نہ ہوتا ٹھیک اسی طرح جناب امیر کیلئے ثابت ہوتا ہے کہ آپ آنحضرتؐ کی حیات و ممات ہر حالت میں آپ کے خلیفہ و جانشین تھے شاہ ولی اللہ دہلوی نے اس حدیث کو اسطرح نقل کیا ہے اور پوری حدیث اس طرح لکھی ہے جو اوپر مذکور ہوئی "لیس نبی بعدی" کے بعد جو اس نے حدیث کے جملے لکھے ہیں وہ اس طرح ہیں۔ انه لا ینبغی ان اذهب الا وانت خلیفتی یعنے یہ کسی طرح مناسب نہیں ہے کہ میں جاؤں اور تم میرے خلیفہ نہ ہوؤ دیکھو ازالۃ الخفا مقصد دوم صفحہ ۲۶۱ اور سبط ابن جوزی نے اس حدیث کے بعد "انت خلیفتی"، لکھا ہے یعنے میرے خلیفہ تم ہی ہو گے دیکھو تذکرہ خواص الامۃ صفحہ ۱۳ اور علامہ علی متقی نے لکھا ہے:

قال رسول الله حین خلفنی علی المدینة: (یعنے اے علیؑ تم کو میں مدینہ میں اس واسطے

خلفتك لتكون خلیفتی ۔ ٭ چھوڑے جاتا ہوں کہ تم ہی میرے خلیفہ ہو۔

دیکھو کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۴۰۲ ۔

5 ۔ آنحضرت صلعم کی ایک دعا کتب معتبرہ میں موجود ہے کہ حضرت رسول خدا نے بارگاہ ایزدی سے حضرت علیؑ کیواسطے اس طرح دعا مانگی ۔

اللھم انی محمد نبیک و صفیک اللھم فاشرح لی صدری و یسرلی امری واجعل لی وزیرا من اھلی علیا اشدد بہ ظھری ۔

یعنے اے پالنے والے خدا میں تیرا نبی و صفی محمدؐ دعا مانگتا ہوں کہ خداوندا میرے سینے کو کھول دے اور میرے امر کو آسان کر اور میرے اہل میں سے میرے بھائی علیؑ کو میرا وزیر بنا اور اس سے میری کمر مضبوط کر۔ دیکھو ریاض نضرہ محب طبری باب ۴ فصل ۶ جلد دوم صفحہ ۱۶۳ و مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی مودۃ سادسہ در فضائل علیؑ ۔

۶ ۔ ۹ ہجری میں آنحضرتؐ نے آخر ذیقعدہ میں حضرت ابوبکر کو سورۃ برائت کی چالیس آیتوں کی تبلیغ پر بھیجا۔ وہ روانہ ہی ہوئے تھے۔ کہ حکم خدا نازل ہوا تو اس حکم کے مطابق آنحضرتؐ نے اس کام سے حضرت ابوبکر کو واپس بلا لیا۔ حضرت ابوبکر نے آکر شکایت کی جو اسطرح ہے ۔

وھو کئیب قال رسول اللہ انزل فی شیئی قال لا الا انی امرت ان ابلغہ انا اورجل من اھلبیتی ۔ (اخرجہ نسائی)۔

یعنے آنحضرتؐ کے پاس ابوبکر رنجیدہ خاطر واپس آئے اور سوال کیا کہ کیا میرے خلاف وحی نازل ہوئی ہے آنحضرتؐ نے فرمایا نہیں لیکن مجھے حکم دیا گیا ہے کہ اسکی تبلیغ میں خود کروں یا میرے اہل البیت کا کوئی فرد کرے ۔ دیکھو ارجح المطالب باب ۴ صفحہ ۵۸۸ و صفحہ ۵۸۷ و مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ ۴۹۲ و صحیح بخاری پ ۲ کتاب الصلوٰۃ صفحہ ۲۳۸ و پ ۱۹ کتاب التفسیر و فتح الباری جزثامن کتاب التفسیر و دعوت اتحاد حصہ اول کے مزید حوالے ۔

۷ ۔ حجۃ الوداع کے بعد جب آنحضرتؐ مقام غدیر پر تشریف لائے تو جبرائیل یہ حکم لیکر نازل ہوئے فاذا فرغت فانصب والی ربک فارغب "یعنے اے محمدؐ اب تم فارغ ہو کر اپنی جگہ پر مقرر و نصب کردو (پ ۳۰ سورہ الم نشرح) اس کے بعد آنحضرت نے اس جگہ پالانوں کا ایک منبر بنوایا اور اس پر مجمع عام میں علیؑ کو ساتھ لیکر چڑھے اور علیؑ کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور فرمایا:۔

ایھا الناس ان اللہ مولای وانا مولی المؤمنین وانا اولی بھم من انفسھم فمن کنت مولاہ فھذا علی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من

اے لوگو میرا خدا میرا مولا ہے اور میں ایمان والوں کا مولا ہوں اور ان کی جانوں پر تصرف رکھتا ہوں پس جس کا میں مولا ہوں اسکا یہ علیؑ مولا ہے۔ خداوندا دوست رکھ۔ اس کو جو علیؑ کو اپنا مالک سمجھے اور

نصرہ واخذل من خذلہ ٭ دشمن رکھ اسکو جو علیؑ کی اسمیں مخالفت کرے اور مدد کر اسکی جو اسکی مدد کرے اور چھوڑ دے اسکو جو علیؑ کو چھوڑ دے۔ دیکھو مسند احمد حنبل جلد۴ صفحہ ۳۷۲ و جلد۵ صفحہ ۳۵۸/۳۵۶ و صفحہ ۳۶۱ و مستدرک حاکم جزو سوم صفحہ ۱۰۹ تا صفحہ ۱۱۱ و صفحہ ۱۴۸ اس بات کے لئے خدا نے آیت۔ "یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ (پارہ ۶ قرآن شریف رکوع ۱۴) یعنے اے رسول جو (خاص) حکم تم پر نازل کیا گیا ہے اس کو جلد پہنچا دو اگر تم نے اسے نہ پہنچایا تو (گویا) تم نے خدا کا کوئی حکم نہیں پہنچایا۔" نازل فرما کر اس کام کے لئے کی مزید تاکید فرمادی تھی۔

دستار بندی اور مُبارک بادی

جب حضرت علیؑ کی امامت و خلافت کا اعلان ہو چکا تو آیت "الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا" نازل ہوئی۔ اسکے فوراً بعد ایک خیمہ علیحدہ نصب کرایا گیا بحکم رسول حضرت علیؑ اس میں تشریف فرما ہوئے اور جملہ مسلمانوں نے اس خیمہ میں جا کر حضرت علیؑ کو ولیعہدی اور خلافت کی مبارک بادی دی جسکو صاحب تاریخ حبیب السیر نے ان الفاظ میں تحریر کیا ہے۔ "پس امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ بموجب فرمودہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم در خیمہ نشست وطوائف خلائق بملازمتش رفتہ لوازم تہنیت بتقدیم رسانیدند و از جملہ اصحاب امیر المومنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بجناب ولایت مآب را گفت بخ بخ یا ابن ابی طالبؑ اصبحت مولای ومولیٰ کل مومن ومومنات" یعنے خوشحال تو اے پسر ابو طالبؑ بامداد کردی در وقتے۔ مولائے من و مولائے ہر مومن و مومنہ بودی بعد از اں امہات المومنین بر حسب اشارہ سید المرسلین بخیمہ امیر المؤمنین رفتہ شرط تہنیت بجا آوروند۔ دیکھو تاریخ حبیب السیر جلد اول جزو سوم صفحہ ۷۔ اور صاحب ریاض النضرہ نے حضرت عمر کی مبارکبادی ان الفاظ میں تحریر کی ہے۔ "ھنیئا لک یا ابن ابی طالبؑ اصبحت وامسیت مولیٰ کل مومن ومومنات" یعنے اے فرزند ابو طالب آپ کو مبارک ہو کہ آپ آج سے ہر مومن و مومنہ کے مولا ہو گئے۔ دیکھو ریاض النضرہ جلد دوم صفحہ ۱۶۹ و معارج النبوت رکن چہارم باب ۱۳ صفحہ ۲۲ و مسند احمد حنبل جزو چہارم صفحہ ۲۸۱ اور پھر صاحب ریاض النضرہ لکھتے ہیں۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا علیا یوم غدیر خم فعممہ وارخیٰ عذبہ من خلفہ

یعنے جناب رسولؐ خدا نے حضرت علیؑ کو روز غدیر بلایا اور انکے سر اقدس پر خود عمامہ باندھا اور اس کا سرا پیچھے ڈالدیا دیکھو ریاض النضرہ جزو ثانی

الربیع فصل تاسع فی فضائلہ صـــ۲۱۷ وکنز العمال جزء ثامن صـــ۶۰ حدیث ۱۲۱۳ ومسند ابوداؤد طیالسی صـــ۲۳ حدیث ۱۵۴ ومعارج النبوت رکن چہارم صـــ۲۲ باب ۱۳ ۔

عیشؔ در معنی من کنت مولا میرو می ہر سو
علیؑ مولا باآں معنےٰ کہ پیغمبر بود مولا

وثیقۂ خلافت

دن بدن مدینہ میں اصحاب کی نیتوں کا آنحضرت صلعم کو پتہ چلتا جاتا تھا اور جوں جوں آپکا مرض بڑھتا گیا اُن کی مخفی تجاویز بر سر کار ہو رہی تھیں جب آپ زیادہ بیمار ہو گئے تو آپ نے صحابہ سے فرمایا

ائتونی بالکتف والدوات (اولوح ولدوات) اکتب لکم کتاباً لن تضلوا بعدہ ابداً فقالوا ان رسول اللہ یھجر۔

یعنے کاغذ دوات یا تختی یا دوات لاؤ میں تمہیں ایک وثیقہ لکھ دوں کہ پھر تم اس کے بعد کبھی گمراہ نہ ہو گے لیکن لوگوں نے کہا کہ رسول خدا ہذیان

کہہ رہے ہیں۔ دیکھو صحیح مسلم مطبوعہ محمد علی بمیدان الازہر مصر جزء پنجم کتاب الوصیت صـــ۷۵ وصحیح بخاری باب مرض النبی و وفاتہ وکتاب المرضی باب قول مریض "تو مو عنی" وغیرہ و مسند احمد حنبل جزء اول صـــ۳۳۶/۳۵۵ وکنز العمال جزء سوم صـــ۱۳۸ حدیث ۲۳۲۳ و جزء چہارم صـــ۱۸۸ صـــ۵۲

ابن تیمیہ لکھتا ہے :۔

فلما کان یوم الخمیس ھم ان یکتب کتاباً فقال عمر مالہ اھجر فشک عمر ھل ھذا القول من ھجر الحمی نکان ھذا مما خفی علی عمر کما خفی علیہ الموت النبی بل انکرہ ۔

پس جمعرات کا دن ہوا تو آنحضرت نے کوشش کی کہ ایک نوشتہ لکھیں لیکن ثانی صاحب نے کہا کہ مرض کیوجہ سے آنحضرتؐ کو ہذیان ہو گیا ہے ان کو شک ہوا کہ بخار کی شدت کیوجہ سے آنحضرتؐ کو ہذیان ہو گیا ہے۔ پس یہ وہ امر تھا

جس سے ثانی صاحب واقف نہ ہوئے جس طرح وہ آنحضرت کی موت سے واقف نہیں ہوئے بلکہ اس سے انکار کر دیا۔" دیکھو منہاج السنتہ جزء سوم صـــ۱۳۵ چنانچہ آنحضرت کا ارشاد تھا کہ میں تمہیں ایک تحریر لکھ دوں کہ جس کیوجہ سے تم میرے بعد پھر کبھی گمراہ نہ ہو گے۔ امت کو گمراہی سے بچانا یقیناً منصب نبوت سے ہے۔ آپ گمراہی سے بچانے کی تدبیر بیان فرما رہے تھے لیکن ثانی کو اس امر میں آنحضرتؐ کے ارشادات و ہدایت کی ضرورت نہ تھی اس لئے انکار کر دیا اور اس نافرمانی کو ایسا ملفوف کیا کہ لوگ اعتراض بھی نہ کر سکیں صاف کہدیا کہ (نعوذ باللہ) آپ کو مرض کی شدت کیوجہ سے ہذیان ہو رہا ہے ہمیں خدا کی کتاب کافی ہے۔

ہمارے سوادِ اعظم کے امام غزالی تحریر فرماتے ہیں۔

لما مات رسول اللّٰہ تعالیٰ قبل وفاتہ ائتونی بدوات وبیاض لازیل عنکم اشکال الامر واذکر لکم من المستحق لہا بعدی قال عمر رضی اللّٰہ دعوا الرجل فانہ لیہجر وقیل یہذو الخ۔

پس جب آنحضرت نے انتقال فرمایا تو اپنی وفات سے پہلے آپ نے فرمایا کہ میرے پاس دوات اور کاغذ لاؤ تاکہ میں امرِ خلافت کے متعلق تمہارے شبہات دُور کر دوں اور لکھ دوں کہ میرے بعد کون اس (خلافت) کا مستحق ہے لیکن ثانی یہ کہہ کر مانع ہوئے کہ یہ شخص بکواس کر رہا ہے یا یہ کہا کہ ہذیان کہہ رہا ہے۔ دیکھو سر العالمین امام غزالی مطبوعہ مصر صلا۔

مقصدِ تحریرِ رسولؐ؟

اب تو کچھ سمجھ میں آیا چاہتا ہے کہ مرض الموت میں آنحضرتؐ کونسی ہدایت لکھنا چاہتے تھے کہ جس سے آپ امت کو گمراہی سے بچانا چاہتے تھے اور آنحضرتؐ یہ ہی تو بتانا چاہتے تھے۔ کہ میرے بعد مستحق خلافت کون ہے۔ اگرچہ اس استحقاق کو آپ نے زندگی بھر میں بار بار بتلایا تھا باوجودیکہ آپ عوام الناس کے حالات کا مطالعہ فرما کر معلوم کر چکے تھے کہ لوگ میرے بتائے ہوئے خلیفہ سے ضرور روگردانی اختیار کرینگے اس لئے آپ خلیفہ کا نام لکھ کر دینا چاہتے تھے۔ اسی کو شور و جھگڑا کرکے نہ لکھنے دیا چنانچہ علامہ شمس الدین کرمانی اپنی کتاب کوکب الدراری فی شرح صحیح بخاری میں خطابی سے نقل کیا ہے۔

ھذا یتاول علی وجھین احدھما انہ اراد ان یکتب اسم الخلیفۃ بعدہ لئلا یختلف الناس۔ و یتنازعوا فیؤدیھم ذالک الی الضلال۔

یعنے اس کی دو طرح تاویل ہو سکتی ہے ایک یہ کہ آنحضرتؐ کا ارادہ تھا کہ اپنے بعد کے خلیفہ کا نام لکھدیں تاکہ لوگوں میں اس بارے میں اختلاف نہ ہو اور یہ اختلاف گمراہی کی طرف نہ لے جائے۔

اور علامہ ابن حجر عسقلانی کتاب فتح الباری میں۔ قول الکتب لکم کتابا سکے ذیل میں لکھتے ہیں۔ کہ "ھو تعیین الخلیفہ بعدہ" یعنے آنحضرتؐ کا مقصد تھا کہ اپنے بعد کے خلیفہ کا نام تعین کر کے اس تحریر کے ذریعہ لکھدیں۔ دیکھو فتح الباری جز ثامن باب مرض النبی و وفاتہ صلا اور ابن حجر اسی کتاب میں ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں۔

اراد ان ینص علی اسامی الخلفاء بعدہ ؛ یعنے آنحضرتؐ کا ارادہ تھا کہ اپنے بعد کے خلفاء

حتیٰ لا یقع بینھم الاختلاف۔ کے نام مقرر کردیں تاکہ آپس میں اختلاف نہ ہو۔ دیکھو فتح الباری جز اول باب کتاب العلم صفحہ ۱۸۶ اسی ضمن میں علامہ نووی شرح صحیح مسلم میں تحریر فرماتے ہیں۔

قد اختلف العلماء فی کتاب الذی ھم النبی نقیل اراد ان ینص علی الخلافۃ فی انسان معین لئلا یقع نزاع وفتن الخ

بعض علماء نے اختلاف کیا ہے کہ آنحضرتؐ کیا لکھنا چاہتے تھے اغلب یہ ہے۔ کہ آپ کا ارادہ تھا کہ خلافت کیلئے ایک آدمی مقرر کردیں تاکہ تنازعہ وفتنہ پیدا نہ ہو الخ۔

آنحضرت صلعم جس کا نام اپنی خلافت کے متعلق لکھنا چاہتے تھے وہ کون تھا؟ یہ ایک سوال پیدا ہونا لابدی امر ہے جس کے متعلق خود حضرت عمر کا اقرار موجود ہے کہ جس کو آنحضرت اپنا خلیفہ نامزد کرنا چاہتے تھے اسکا نام کیا ہے۔ اس نامہ کو میں اس مضمون کی ابتداء ابن عباس اور حضرت عمر کے مکالموں میں تحریر کر آیا ہوں کہ حضرت عمر نے کہا ہے کہ آنحضرتؐ نے اپنی مرض الموت میں علیؑ کے نام کی (خلافت کیلئے) تصریح کردینی چاہی مگر میں نے انکو روک دیا۔ دیکھو شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید جلد سوم صفحہ ۹۷/۲۳۔

آنحضرتؐ کا حضرت علی علیہ السّلام کو بلانا

جب آنحضرتؐ کو اپنے صحابہ کی طرف سے ناامیدی ہوگئی اور معلوم ہوگیا کہ یہ لوگ اس بارہ میں ضرور تنازعہ کرینگے تو پھر آپؐ نے جو فرمایا اسکو صاحب تاریخ طبری نے یوں رقم طراز فرمایا ہے۔

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم ابعثوا الی علیؑ فادعوہ فقالت عائشۃ لو بعث الی ابی بکر وقالت حفصہ لو بعث الی عمر فاجتمعوا عندہ جمیعا فقال رسول اللہ صلعم انصرفوا فان تک لی حاجۃ ابعث الیکم فانصرفوا۔

یعنی ابن عباس کہتے ہیں کہ اسی مرض کے دوران میں جناب رسول خداؐ نے فرمایا کہ علیؑ کو میرے پاس بلواؤ۔ اسپر حضرت عائشہ نے کہا کاش کہ آپ ابوبکر کو بلاتے اور حفصہ نے کہا کاش کہ آپ عمر کو بلاتے پس اتنے میں یہ حضرات وہاں پہنچ گئے آنحضرتؐ نے جب علیؑ کو نہ دیکھا تو فرمایا کہ تم لوگ چلے جاؤ تمہاری ضرورت نہیں ہے۔ اگر ہوگی تو تمہیں بلالوں گا۔ دیکھو تاریخ الامم والملوک طبری جز سوم صفحہ ۱۹۵۔ وقائع سنۃ الحادیہ اس کے متعلق ایک دوسری روایت اس طرح ہے۔

قالت قال رسول الله لما حضرته الوفاته قال ادعوالی حبیبی فدعوا له ابابکر فنظر الیه ثم وضع راسه ثم قال ادعوالی حبیبی فدعوا له عمر فلما نظر الیه وضع راسه ثم قال ادعوالی حبیبی فدعوا له علیاً فلما راه ادخله معه فی الثواب الذی کان علیه فلم یزل یحتضنه حتی قبض وید اہ علیه اخرجه رازی۔

حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ جب آنحضرتؐ کا وقت آخر قریب ہوا تو آپ نے فرمایا میرے حبیب کو بلاؤ تو کوئی جا کر جناب ابوبکر کو بلالایا اور آپ نے اُسے دیکھا اور سر تکیہ پر رکھ دیا۔ اور پھر فرمایا کہ میرے حبیب کو بلاؤ تو اب جا کر حضرت عمر کو بلا لائے آپ نے اُن کو بھی دیکھ کر اپنا سر تکیہ پر رکھ دیا۔ اور تیسری بار کہا کہ میرے حبیب کو بلاؤ کسی نے حضرت علیؑ کو بلا لیا جب آپؐ نے علیؑ کو دیکھا تو انہیں اپنی چادر میں لے لیا جس کو اوڑھے ہوئے تھے اور برابر اسی طرح لئے رہے یہاں تک کہ آنحضرتؐ کا روح مبارک جسم سے پرواز کر گیا تو آپؐ کا ہاتھ علیؑ کے اُوپر تھا۔ دیکھو ریاض نضرہ مطبوعہ مصر صفحہ ۱۸۰

جیش اُسامہ کا حکم

جب حضرت رسول کریم صلعم کو عوام کی طرف سے پوری طرح ناامیدی ہو گئی اور آپ نے ان کو متواتر اپنے احکام سے برگشتہ ہوتے دیکھا تو بحکم خدا آنحضرت نے جیش اسامہ بن زید کی تیاری کا حکم دیا اُس میں آنحضرت نے سوائے علی ابن ابی طالبؑ کے دیگر کل سرکردہ صحابہ کو معہ حضرت ابوبکر و عمر کے جنگ پر جانے کا حکم دیا لیکن حضرت ابوبکر و عمر اور کچھ ام المومنین حضرات نے مصلحت خود کر کے اس جیش کو نہ جانے دیا اور نہ حضرت ابوبکر و عمر گئے اُس کے متعلق صاحب مدارج النبوۃ یوں فرماتے ہیں۔

چونکہ اسامہ بیرون رفت و لوارا بریدہ بن الحطیب داد تا دران لشکر صاحب لوا او باشد قریب بدینہ مطہرہ منزل ساخت تا سپاہ آنجا جمع شود و حکم عالی چناں صادر شد کہ عیاں مہاجرین و انصار مثل ابوبکر و عمر و عثمان ذوالنورین و سعد بن وقاص و ابو عبیدہ بن الجراح و غیرہ ہم الا علی مرتضیٰ را رضی اللہ عنہم اجمعین ہمراہ نگرد و دران لشکر ہمراہ اسامہ باشند۔ دیکھو مدارج النبوۃ جلد دوم مطبوعہ نولکشور کانپور ۱۹۰۴ء صفحہ $\frac{۵۳۱}{۵۳۲}$ و فتح الباری جز سابع مناقب زید بن حارثہ صفحہ ۶۹ و تاریخ طبری جز سوم صفحہ $\frac{۱۸۸}{۱۸۹}$ و تاریخ کامل جز سوم صفحہ ۱۲۰ لیکن باوجود اس صریح حکم کے حضرت ابوبکر و عمر و متعلق افراد جیش کے ساتھ گئے بلکہ جیش کو مدینہ سے باہر رکوا دیا جب آنحضرت کو معلوم ہوا کہ کچھ لوگ جیش کے ساتھ جانے کیلئے تیار نہیں ہیں تو آپ کو اس امر کا رنج ہوا اور فرمایا۔

فلما افاق رسول الله سأل عن اسامة والبعث فاخبر انهم یتجهزون فجعل یقول انفذوا بعث اسامة لعن الله من تخلف عنه ویکرر ذالک فخرج اسامة۔

یعنے جب جناب رسول خداؐ کو افاقہ ہوا تو پھر آپ نے اسامہ اور اس کے جانے کی بابت دریافت فرمایا لوگوں نے کہا وہ تیاری کر رہے ہیں پھر آپ بار بار یہی کہتے رہے کہ لشکر اسامہ فوراً چلا جائے خدا لعنت کرے اسپر جو لشکر اسامہ کے ساتھ نہ جائے آپ اس لعنت کے فقرہ کی تکرار کرتے رہے پس اسامہ باہر چلے گئے" دیکھو شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید جزو دوم صفحہ ۲۰ اسی طرح نواب صدیق حسن خان اپنی کتاب حجج الکرامہ میں تحریر فرماتے ہیں۔ انہ قال رسول اللہ صلعم جہزوا جیش اسامہ لعن اللہ من تخلف عنہا۔ یعنے آنحضرتؐ نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ لشکر اسامہ میں شامل ہو اور اُسے روانہ کرو خدا کی لعنت ہو اس پر جو باوجود مامور ہونیکے اس سے تخلف کرے اور اسی طرح علامہ شہرستانی لکھتے ہیں۔

الخلاف الثانی فی مرضه انه قال جهزوا جیش اسامه لعن الله من تخلف عنها فقال قوم یجب علینا امتثال امره و اسامه برز من المدینه وقال قوم قد اشتد مرض النبی فلا تسع قلوبنا مفارقته والحالة هذه حتی ننظر ما یکون من امره۔

یعنے دوسرا اختلاف صحابہ آنحضرتؐ کے مرض کے دوران میں ہوا اور وہ یہ کہ آپ نے فرمایا کہ جیش اسامہ تیار کرو خدا کی لعنت ہو اس پر جو باوجود مامور ہونے کے اس کے ساتھ نہ جاوے صحابہ میں سے ایک فریق نے کہا کہ ہمارے اوپر آنحضرتؐ کے حکم کی تعمیل واجب ہے۔ اور اسامہ مدینہ سے باہر چلے گئے اور ایک فریق نے کہا کہ آنحضرتؐ کا مرض شدید ہو گیا ہے۔ ہمارا دل نہیں چاہتا کہ آنحضرتؐ کو اس حالت میں چھوڑ دیں بلکہ چاہیئے کہ ہم ٹھہر جائیں اور دیکھیں کہ آنحضرتؐ کے مرض کا کیا انجام ہوتا ہے۔ دیکھو ملل والنحل علامہ شہرستانی بہ ضمن اختلاف صحابہ۔

لیکن باوجود اس کے اسامہ تو شہر سے باہر چلے گئے مگر حضرت ابوبکر و عمر وغیرہ معہ ہمراہیان نہ گئے مدینہ میں موجود رہے۔ جس کو صاحب مدارج النبوت نے یوں بیان کیا ہے "کہ اسامہ بنا بر ارشاد آنحضرت صلعم بہ لشکرگاہ رفت و فرمان داد تا لشکر کوچ کنند چوں خواست کہ خود سوار شود مادرش کسی پیغام فرستاد کہ رسول خداؐ در نزع است اسامہ بازگشت واشرف صحابہ رضی اللہ عنہم نیز مراجعت نمودند ابوبکر صدیق و عمر فاروق و امثال ایشان رضوان اللہ علیہم خود در مدینہ بودند" دیکھو مدارج النبوت جلد دوم مطبوعہ نولکشور کانپور صفحہ ۵۳ / ۵۳۱ (فاعتبروا یا اولی الابصار)

سقیفہ میں

آنحضرت صلعم اپنی اُمت کا یہ حال دیکھ کر دنیا سے رخصت ہوئے حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ آنحضرتؐ کو بے گور و کفن چھوڑ کر سقیفہ بنی ساعدہ میں چلے گئے جس کے متعلق سوادِ اعظم کے علامہ شبلی نعمانی اپنی کتاب الفاروق میں لکھتے ہیں۔

"یہ واقعہ بظاہر تعجب سے خالی نہیں کہ جب آنحضرتؐ نے انتقال فرمایا تو فوراً خلافت کی نزاع پیدا ہو گئی اور اس بات کا بھی انتظار نہ کیا گیا کہ پہلے رسول اللہ کی تجہیز و تکفین سے فراغت حاصل کر لی جائے .... کس کے قیاس میں آسکتا ہے کہ رسول اللہ انتقال فرمائیں۔ اور جن لوگوں کو انکے عشق و محبت کا دعویٰ ہو وہ انکو بے گور و کفن چھوڑ کے چلے جاویں اور اس بند و بست میں مصروف ہوں کہ مسند حکومت اوروں کے قبضہ میں نہ جائے تعجب پر تعجب ہے کہ یہ فعل ان لوگوں (حضرت ابوبکر و عمر) سے سرزد ہوا جو آسمان اسلام کے مہر و ماہ تسلیم کئے جاتے ہیں۔ اس فعل کی ناگواری اس وقت اور زیادہ نمایاں ہو جاتی ہے جب یہ دیکھا جاتا ہے۔ کہ جن لوگوں کو آنحضرتؐ سے فطری تعلق تھا یعنی حضرت علیؑ و خاندان بنی ہاشم اُن پر فطری تعلق کا پورا اثر ہوا اس وجہ سے اُن کو آنحضرتؐ کے درد غم اور تجہیز و تکفین سے ان باتوں کیطرف متوجہ ہونے کی فرصت نہ ملی ہم اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ کتب حدیث و سیر سے بظاہر اس قسم کا خیال پیدا ہوتا ہے لیکن درحقیقت ایسا نہیں ہے یہ سچ ہے کہ حضرت ابوبکر و عمر وغیرہ آنحضرتؐ کی تجہیز و تکفین کو چھوڑ کر سقیفہ بنی ساعدہ کو چلے گئے اور یہ بھی سچ ہے کہ انہوں نے سقیفہ میں پہنچکر خلافت کے بارے میں معرکہ آرائی کی اور اس طرح ان کوششوں میں مصروف رہے کہ گویا اُن پر کوئی حادثہ پیش نہیں آیا۔ یہ بھی سچ ہے۔ کہ انہوں نے اپنی خلافت کو نہ صرف انصار سے بلکہ بنو ہاشم اور حضرت علیؑ سے بزور منوانا چاہا گو بنی ہاشم نے آسانی سے انکی خلافت تسلیم نہیں کی دیکھو الفاروق جلد اصلا ۶۶ اس ذہنیت پہ ماتم کرنے کا مقام ہے کہ آنحضرتؐ انتقال فرمائیں اور اپنے زعم میں آنحضرتؐ سے عشق و محبت کا دعویٰ رکھنے والے آنحضرتؐ کو بے گور و کفن چھوڑ کر اور اسطرح کہ گویا اُن پر کوئی حادثہ نہیں آیا حصول حکومت کیلئے چلے جاویں اور مولوی شبلی اس نہایت اہم امر پر بظاہر تعجب کہہ کر حقیقت میں ایسا نہیں جبکہ وہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ مذکور لوگ خوشی خوشی آنحضرتؐ کو بے گور و کفن چھوڑ سقیفہ میں چلے گئے تو پھر اس حقیقت سے انکار کرنا اس مولوی صاحب کا ہی کام ہے ہم مولوی شبلی کی اس تحریر پہ کچھ زیادہ نہیں لکھنا چاہتے ورنہ اصل حقیقت کو با حسن طریق اسکی تحریر سے ثابت کیا جا سکتا ہے۔ آگے چل کر مولوی شبلی صاحب کہتے ہیں۔ لیکن اس بحث میں غور طلب جو باتیں ہیں وہ یہ ہیں۔

(۱) کیا خلافت کا سوال حضرت عمر وغیرہ نے چھیڑا تھا؟ (۲) کیا یہ لوگ خود اپنی خواہش سے سقیفہ بنی ساعدہ میں گئے تھے؟ .... نہ حضرت عمر وغیرہ نے خلافت کی بحث کو چھیڑا تھا نہ وہ اپنی خوشی سے سقیفہ بنی ساعدہ کو جانا چاہتے تھے" الفاروق جلد اصفحہ ۶۷ ہم ثابت کرتے ہیں کہ حضرت عمر وغیرہ نے خلافت ہی کے سوال کو چھیڑا تھا۔ اور اپنی خوشی سے یہ لوگ سقیفہ بنی ساعدہ میں گئے تھے اور اس کے متعلق انہوں نے پہلے ہی سے انتظام کر رکھا تھا۔

حصولِ خلافت کے لئے تدابیر

حضرات شیخین وغیرہ کے رویہ و حالات کے پیش نظر انصار کو معلوم ہو گیا تھا کہ یہ حضرات خلافت رسولؐ پر قبضہ کرنے والے ہیں۔ اس لئے اُنہیں یہ غلط خیال پیدا ہو گیا تھا کہ رسولؐ خدا اور اُس کے دین کی نصرت ہم ہی نے کی ہے لہذا چند مہاجرین کی بہ نسبت انصار ہی خلیفہ کیوں نہ ہوں اور انصار کے ان حالات کا کسی طرح ان کو پتہ چل گیا تھا جس کی بنا پر حضرت عمر نے ہی پہلے سے یہ انتظام کر کے صیغہ راز کے چند آدمی بطور جاسوس مقرر کر رکھے تھے جو واقعات کی خبر ہر آن حضرت عمر کو پہنچاتے تھے ان جاسوسوں کے متعلق حضرت عمر کی زبانی صاحب فتح الباری یوں رقمطراز ہیں۔

بینما نحن فی منزل رسول اللہ ھو اذا رجل ینادی من وراء الجدار ان اخرج الی یا ابن خطاب فقلت الیک عنی فانا عنک مشاغیل یعنی بامر رسول اللہ فقال لہ قد حدث امر فان الانصار اجتمعوا فی سقیفۃ بنی ساعدۃ فادرکوھم ان یحدثوا امرا یکون فیہ حرب فقلت لابی بکر انطلق۔

یعنے حضرت عمر فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ کے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے کہ دفعتہً دیوار کے پیچھے سے ایک آدمی نے آواز دی یا ابن الخطاب (حضرت عمر) ذرا باہر آؤ میں نے کہا واپس جاؤ ہم آنحضرتؐ کے بندوبست میں مشغول ہیں اُس نے کہا ایک حادثہ پیش آیا ہے (یعنے انصار سقیفہ میں اکٹھے ہوئے ہیں جلد پہنچ کر اُن کی خبر لو) ایسا نہ ہو کہ انصار کچھ ایسا معاملہ کر اٹھیں کہ جس سے لڑائی چھڑ جائے۔ اس وقت میں نے ابو بکر سے کہا کہ چلو چلیں" دیکھو فتح الباری جلد ۷ صفحہ ۲۳

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ بعد وفات آنحضرت صلعم کے دیوار کے پیچھے سے بلانے والے آدمی نے حضرت علیؑ و حضرت عباسؓ کو کیوں نہ بلایا۔ کیوں کہ شاہ عبدالحق دہلوی مدارج النبوت جلد دوم میں صفحہ ۵۱۱ پر اسوقت اُن کی موجودگی تسلیم کرتا ہے اور نہ اس نے حضرت عائشہ و حفصہ بلا بازو جناب فاطمہؑ سے کہا کہ سقیفہ میں یہ حادثہ رونما ہوا ہے بلکہ اس مقرر شدہ مخبر نے سب کو

چھوڑ کر حضرت عمر کو کیوں آواز دی اور پھر حضرت عمر نے نہ عباس کو ساتھ لیا نہ علیؑ کو لے گئے اور ساتھ لے گئے تو صرف اکیلے حضرت ابو بکر کو کیوں لے گئے۔ اور پھر مخبر نے حضرت عمر کو کہنے کے بجائے سب حاضر مسلمانوں کو کیوں نہ کہا اور آنحضرت کی نعش مبارک کے پاس آکر سب کے روبرو اپنی صورت دکھا کر اس حادثہ کی خبر کیوں نہ دی حالانکہ اسوقت عورتیں بھی آنحضرتؐ کے پاس موجود نہ تھیں۔ بلکہ پردہ کے اوٹ میں بیٹھی ہوئی تھیں جب اسے یقین تھا کہ حضرت عمر اندر ہیں اور امہات المومنین سوائے حفصہ کے ان سے پردہ کرتی ہیں۔ اندر کچھ مرد موجود ہیں اس لئے امہات المومنین ان کے سامنے موجود نہ ہونگی پھر اندر آکر اپنی شکل دکھاتا تو کیا حرج تھا۔ اس وقت عورتوں کا پردہ میں بیٹھنا شاہ عبدالحق صاحب بھی تسلیم کرتے ہیں۔

علی گوید کہ حضرت باین سخن مے گفت و آب دہن وے بمن مے رسید پس حال بروے متغیر شد وزنان از پس پردہ بے طاقتی مے نمودند و من نیز تحمل آن نداشتم کہ وے را باآں حال بہ بینم گفتم اے عباسؓ مرا در یاب عباس آمد و بایک دیگر وے را بجوا بانیدم ذکر ھذا الکلمۃ فی روضۃ الاحباب الخ یعنے حضرت علیؑ فرماتے تھے کہ آنحضرتؐ مجھ سے اس طرح باتیں کر رہے تھے کہ حضرت کا لعاب دہن مجھ پر گر رہا تھا اتنے میں حضرت کی حالت متغیر ہوئی اور عورتوں نے پردے کے پیچھے سے بے قراری شروع کر دی اور میں بھی اس کی طاقت نہ رکھ سکا کہ آپ کی وہ حالت دیکھ سکتا میں نے چچا عباس سے کہا کہ میری مدد فرمائیے عباس میری طرف آئے اور ہم دونوں نے ملکر آنحضرتؐ کو لٹا دیا۔ یہ پوری عبارت روضۃ الاحباب میں ہے دیکھو مدارج النبوۃ جلد دوم ص۱۱۵:-

اگر حضرات شیخین کا مقصد حصول سلطنت نہ تھا اور اگر وہ سقیفہ میں اپنی خوشی سے نہ جانا چاہتے تھے تو پھر اس صیغہ راز کے جاسوس کے کہنے پر یہ دونوں دوست سقیفہ بنی ساعدہ کو کیوں چلے گئے۔ اور حضرت علیؑ و عباس کو کیوں نہ ساتھ لے گئے حضرت عمر نے اس جاسوس سے اطلاع پاکر کہ انصار سقیفہ میں جمع ہوئے ہیں اگر ایسے نازک وقت میں آنحضرتؐ کو بے کفن و دفن کیوں چھوڑ کر چلے جاتے اور اگر آپ نے اس بحث خلافت کو نہ چھیڑا تھا تو انصار کو خلیفہ بننے دیتے یہ وہی انصار تو تھے جنہوں نے حضرت و دیگر مہاجرین پر سب کچھ قربان کر دیا تھا کتنی محسن کشی کی کہ سقیفہ میں جا کر ان سے معرکہ آرائی کی اس سے پایا جاتا ہے کہ ان حضرات نے اس معاملہ میں خاص مخبر اور جاسوس مقرر رکھے۔ اس لئے تو اس کو صیغہ راز کے جاسوس نے کہا تھا "کہ لڑائی نہ چھڑ جاوے" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخین پارٹی حصول خلافت کیلئے جنگ لڑنے تک بھی انتظام کر چکے تھے یہی تو وجہ تھی کہ انہوں نے دفن و کفن رسولؐ ضروری نہ سمجھا تھا۔ اگر وہ مہم

مصروف رہتے تو خلافت ہاتھ سے نکل جاتی مدعا و مقصد پادر ہوا ہو جاتا حضرت سعد بن عبادہ خلیفہ بن جاتے اور آپ لیلائے مقصد سے ہم کنار نہ ہو سکتے۔

اپنی خواہش سے سقیفہ میں

یہ بات کہ شیخین وغیرہ اپنی خواہش سے حصول خلافت کیلئے سقیفہ میں نہیں گئے؟ تاریخی شہادت کی بنا پر پادر ہوا ہو جاتی ہے۔ کہ جب آپ کے جاسوس نے آپ کو مطلع کیا تو ظاہر ہے کہ آپ ساتھی کو ساتھ لیکر حصول خلافت کیلئے اپنی خواہش سے سقیفہ میں گئے امام بخاری کہتا ہے۔

وانه قد كان من خبرنا حين توفى الله نبيه ان الانصار خالفونا واجتمعوا باسرهم في سقيفة بني ساعدة وخالف عنا علي والزبير ومن معهما واجتمع المهاجرون الى ابي بكر فقلت لابي بكر يا ابا بكر انطلق بنا الى اخواننا هؤلاء من الانصار فانطلقنا نريدهم فلما دنونا منهم لقينا منهم رجلان صالحان فذكرا ما تمالأ عليه القوم فقالا اين تريدون يا معشر المهاجرين فقلنا نريد اخواننا هؤلاء من الانصار فقالا لا عليكم ان لا تقربوهم ...... اقضوا امركم فقلت والله لناتينهم فانطلقنا حتى اتيناهم في سقيفة بني ساعدة - الخ

یعنے شیخ ثانی فرماتے ہیں! ہماری سرگذشت یہ ہے کہ جب خدا نے آنحضرتؐ کو اٹھا لیا تو انصار نے قاطبتہ ہماری مخالفت کی اور سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہوئے اور علیؑ و زبیر اور ان کے دوسرے ساتھیوں نے بھی ہماری مخالفت کی اور مہاجرین شیخ جی کے پاس جمع ہوئے تو میں نے ان سے کہا کہ آؤ ہم انصار بھائیوں کے پاس چلیں ہم دونوں فوراً ان کے پاس روانہ ہو گئے جب ان کے نزدیک پہنچے تو انہیں کے دو نیک آدمیوں نے ہم کو انصار کے ارادہ سے مطلع کیا اور ہم سے کہا کہ ہم انصار بھائیوں سے ملنے جا رہے ہیں۔ ان دونوں نے اس سے ہم کو منع کیا۔ اور کہا کہ تم لوگ اپنے اس معاملہ کو خود ہی طے کر لو میں نے کہا خدا کی قسم ہم ضرور جاوینگے ہم گئے اور سقیفہ میں اُن کے پاس جا پہنچے الخ دیکھو صحیح بخاری پ۲۸ کتاب محاربین باب رجم الحبلی ص۳۶۶۔

پہلی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ خلافت کے متعلق آنحضرتؐ کی وفات سے پہلے ان لوگوں نے کوئی تیاریاں اور گہری تدبیر کر رکھی تھی اور ہر طرف جاسوس مقرر کر رکھے تھے کہ انہیں ہر بات سے باخبر رکھا کریں اور یہ جاسوس ایک بڑے نظام کے ماتحت کام کرتے تھے اور یہ دوسری روایت بتاتی ہے کہ حضرات شیخین پہلے ہی سے طے کر چکے تھے کہ خلافت اپنے ہی قبضہ میں رکھی

جاتے ۔ اور اس میں کسی اور کو شریک نہ کیا جاوے اگر ان کا یہ مقصد نہ تھا تو شیخ ثانی یہ کیوں فرماتے کہ "ان الانصار خالفونا واجتمعوا باسرھم فی سقیفۃ بنی ساعدہ" یعنی انصار نے ہماری مخالفت کی اور سقیفہ بنی ساعدہ میں ہمارے خلاف جمع ہوئے" اگر ان کا مقصد خلافت رسول پر قبضہ کرنے کا نہ تھا تو شیخ ثانی نے کیوں فرمایا انصار نے ہماری مخالفت کی جب کوئی بات ہی نہ تھی تو مخالفت کس بات کی تھی جس کا حضرت عمر اقرار کرتے ہیں اگر پہلے سے آپ یہ تمنا نہ رکھتے تھے اور ان کی ذاتی خواہش نہ تھی تو آپ خالفونا کی جگہ اساء وا کہتے مگر وہ تو صاف فرماتے ہیں کہ انصار نے ہماری فاطمہ" مخالفت کی اور علی و زبیر نے اپنے ساتھیوں سمیت ہماری مخالفت کی پس ثابت ہوا کہ ان کا ارادہ خلافت کو حاصل کرنے کا ضرور تھا جس کی مخالفت انصار کر رہے تھے بلکہ ان کے ارادہ کے ساتھ ساتھ اس کا مکمل انتظام تھا کہ ہر حالت میں خلافت کو حاصل کیا جائے۔ پس مولوی شبلی کے ان سوالات کا جواب مل جاتا ہے کہ شیخ ثانی وغیرہ نے خلافت کو لینے کا خود ارادہ کیا تھا اور اس سوال کو خود چھیڑا تھا اور یہ لوگ اپنی خواہش سے سقیفہ بنی ساعدہ میں گئے تھے۔

بغاوت اور فتنے

تاریخ و حدیث کے بکثرت ذخائر اس امر کی شہادت دیتے ہیں کہ خداوند کریم نے آنحضرت کی زبانی آپ کے خلیفہ کا نام بتا دیا تھا اور مولوی شبلی نعمانی نے فرمایا ہے کہ "حقیقت یہ ہے۔ کہ اس نازک وقت میں حضرت عمر نے نہایت تیزی اور سرگرمی سے جو کاروائیاں کیں اُن میں گو بعض بے اعتدالیاں پائی جاتی ہوں لیکن یاد رکھنا چاہیئے کہ انہیں بے اعتدالیوں نے اٹھتے ہوئے فتنوں کو دبا دیا" دیکھو الفاروق صکے۔ اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ فتنے کیا تھے۔ جو حضرت عمر کی کاروائیوں اور بے اعتدالیوں سے دب گئے یہ ظاہر ہے کہ کسی کی مسلسل بے اعتدالیوں سے فتنوں کا ظہور ہوتا ہے اور فتنے زیادہ ابھرتے ہیں دبتے نہیں ہیں۔ اگر انصار کا خلافت کیلئے جمع ہونا فتنہ تھا یا خلافت کا بنانا یا اس کا جدید انتظام کرنا فتنہ تھا تو خلیفہ بنانے والے کیا یہ فتنہ و فساد بھی کیا تھا یقیناً مدینہ میں مہاجرین سے انصار زیادہ تھے اگر وہ خلیفہ بنانے لگے تھے تو اس میں فتنہ و فساد کی کیا بات تھی اگر خلیفہ کا اجماع سے بنانا فتنہ تھا تو شیخ صاحب نے بھی اس خلافت کیلئے بقول خود چند آدمیوں کے اجماع سے اپنے دوست کو خلیفہ بنا کر مشہور کر کے فتنہ و فساد کا بڑا دروازہ کھولدیا اگر خلافت کا جدید انتظام شیخین کے نزدیک نہایت ضروری تھا تو یہ انتظام خود انصار سقیفہ بنی ساعدہ میں کر رہے تھے تو پھر شیخین وغیرہ کو اس میں دخل دینے کی کیا ضرورت تھی رسول جیسے محسن کو بے کفن و دفن چھوڑ کر اور سقیفہ میں جا کر ایک نیا

فتنہ قائم کرکے زبردستی اور دھینگامشتی سے ایک بوڑھے صاحب کو خلیفہ مقرر کرنا فتنوں کے لئے دروازہ کھولنا تھا۔ ان فتنوں کے متعلق صحیح بخاری میں ہے۔

عن اسامہ بن زید قال اشرف النبی علی اطم من اطام المدینۃ ثم قال ھل ترون ما اری مواقع الفتن خلال بیوتکم۔

یعنے اسامہ بن زید فرمایا کرتے تھے کہ ایک دفعہ رسول خدا مدینے کے ایک اونچے ٹیلے پر چڑھے اور فرمانے لگے کیا تم لوگ فتنہ و فساد کی جگہوں کو دیکھتے ہو جنہیں میں دیکھتا ہوں وہ سب تمہارے گھروں میں ہیں۔ دیکھو صحیح بخاری پ ۱۹ صفحہ ۴۲۸ باب الغرفۃ کتاب المظالم و مسند احمد حنبل جزء اوّل صفحہ $\frac{168}{185}$ و صفحہ ۲۴۸ و جزء دوم صفحہ $\frac{212}{292}$ و صحیح مسلم جزء دوم صفحہ ۱۸۱

انقلاب

صحیح مسلم میں ایک حدیث نقل ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک دفعہ صحابہ سے فرمایا۔

انتم اشبہ الامم بنی اسرائیل لترکبن طریقتھم حذو القذۃ بالقذۃ حتی لا یکون فیھم شیئی الا کان فیکم مثلہ۔

یعنے تم لوگ بنی اسرائیل سے زیادہ مشابہ ہو تم ضرور ان کے طریقوں کی پیروی ایک ایک بو بو برابر اور قدم بقدم کرو گے یہاں تک کہ کوئی شے ایسی نہ ہوگی جو اُن میں ہوئی ہو اور تم میں نہ ہو

دیکھو صحیح مسلم کتاب العلم جزء ثامن صفحہ ۵۷ و صحیح بخاری جزء چہارم صفحہ ۱۷۶ و مشکوٰۃ کتاب الایمان باب الاعتصام و با الکتاب و السنۃ و سنن ابن ماجہ صفحہ $\frac{296}{297}$ ؞

حضرت حذیفہ یمانی سے روایت ہے :۔

عن حذیفہ قال قال تکون بعدی ائمۃ لا یھتدون بھدای ولا یستنون بسنتی وسیقوم فیھم رجال قلوبھم قلوب الشیاطین فی جثمان انس قال قلت کیف اصنع یا رسول اللہ ان ادرکت ذلک قال تسمع و اطع وان ضرب ظھرک واخذ مالک۔

حضرت حذیفہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے یہ پیشگوئی فرمائی کہ میرے بعد جلد کچھ ایسے لوگ پیشوا بن جائینگے جو میرے بتائے ہوئے دین پر نہیں چلیں گے اور نہ میری سنّت پر باقی رہیں گے اور عنقریب ہی میری امت میں ایسے لوگ کھڑے ہو جائینگے جن کے دل شیطانی اور جسم انسانی ہونگے حذیفہ نے عرض کی یا حضرت میں اگر انکے زمانہ میں موجود ہوں تو کیا کروں آپ نے فرمایا ان کے حکم کو سُن لینا اور ان کی اطاعت نہ کرنا۔ اگرچہ تیرا مال لوٹ لیا جائے اور تیری پشت زخمی کردی جائے

دیکھو صحیح مسلم مطبوعہ دہلی جلد ۲ ص ۱۲۷ و صحیح بخاری پ ۵ باب صلوٰۃ علی الشہید پ ۵ ص ۱۵/۱۴۲ و پ ۱۱ ص ۳۶ و پ ۳ ص ۳۶۳ و پ ۱۲ ص ۱۴۱ و صحابہ بر طریقہ یہود صحیح بخاری پ ۱۳ ص ۱۶۶ و پ ۱۴ ص ۱۴۲ و پ ۲۴ ص ۱۴۳/۲۳ - یہ لوگ کون تھے ۔ فتح الباری شرح صحیح بخاری میں ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک دفعہ حضرت عائشہ سے فرمایا تھا ۔

لولا ان قومک حدیث عھد بالکفر لنقضت الکعبۃ ورددتھا علی قواعد ابراھیم وجعلت لھا بابا شرقیا و بابا غربیا ۔

یعنے اے عائشہ اگر تیری قوم کے لوگ نئے نئے کفر سے نہ نکلے ہوتے تو کعبہ کو گرا کر میں اس بنیاد پر بناتا جس بنیاد پر حضرت ابراہیمؑ نے بنایا تھا ۔ اس کے لئے ایک شرقی اور ایک غربی دروازہ بناتا دیکھو فتح الباری جلد ۲ ص ۹۸/۱۰۰ و کنز العمال جلد ۶ ص ۲۳/۳۳ و تفسیر معالم التنزیل ص ۱۳/۱۴۴ و احیاء العلوم غزالی جلد ۴ ص ۸۸ و شواہد النبوۃ ص ۱۱۸ و تفسیر امام رازی جلد ۴ ص ۶۸۶/۲۳ وغیرہ دیگر کتب اور صحیح بخاری میں ہے ۔

عن ابن عمر قال خرج رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم من بیت عائشۃ فقال رأس الکفر من ھھنا من حیث یطلع قرن الشیطان ۔

یعنے ابن عمر کہتے ہیں کہ ایک دن جناب رسولؐ خدا حضرت عائشہ کے گھر سے برآمد ہوئے اور اس گھر کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ کفر کا سر یہاں نکلے گا جس طرح شیطان کے سینگ نکلتے ہیں ۔ دیکھو صحیح بخاری کتاب خمس باب ماجاء فی بیوت ازواج النبی مطبوعہ مصر جزو دوم ص ۱۲۷ ۔

قیامت میں ایسے لوگوں کا حشر

قیامت کو لوگوں کا جو حال ہوگا ۔ اس کو انس بن مالک کی زبانی صاحب مسند احمد حنبل و امام بخاری و مسلم نے اس طرح لکھا ہے ۔

عن انس بن مالکؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال لیردن الحوض علی رجال حتی اذا رأیتھم رفعوا الی ناختلفوا دونی فلاقولن یارب اصحابی فیقال انک لا تدری ما احدثوا بعدک فاقول سحقا سحقا ۔

یعنے انس بن مالک سے روایت ہے کہ فرمایا جناب رسولؐ خدا صلعم نے ۔ کہ قیامت کے دن حوض کوثر پر چند آدمی میرے پاس لائے جائینگے لیکن میں جب انکی طرف دیکھو گا تو وہ میری طرف بڑھینگے ۔ لیکن روک دیئے جاویں گے ۔ میں عرض کروں گا ۔ کہ اے میرے

ہانکنے والے یہ تو میرے اصحاب ہیں یہ تو میرے اصحاب ہیں۔ مجھ کو جواب ملے گا کہ تم نہیں جانتے۔ کہ تمہارے بعد اُنہوں نے دین خدا میں کتنے احداث (نقضے) گھڑے کئے۔ اُس پر میں کہوں گا دُور ہو دُور ہو۔ دُور ہو۔ دیکھو مسند احمد حنبل جزو اول ص ۲۳۵ تا ص ۴۵۵ و جزو دوم ص ۳۰۰/۲۰۸ و جزو سوم ص ۱۸/۲۸ و ص ۱۴۰/۳۸۴ و جزو پنجم ص ۴۸/۳۳۳ و ص ۳۳۹/۳۹۳ و ص ۴۰۰/۴۱۲ و جزو ششم ص ۱۳۱ و صحیح بخاری مطبوعہ مصر جزو چہارم کتاب الفتن ص ۱۴۷ و مشکوٰۃ کتاب الفتن باب الحوض و صحیح مسلم جزو اول مطبوعہ مصر ص ۱۵۰/۱۵۱ ۔

عن ابی وائل قال قال عبد اللہ قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انا فرطکم علی الحوض لیرفعن الی رجال منکم حتی اذا ھویت لاناولھم اختلجوا دونی فاقول ای رب اصحابی لیقول لاتدری ما احدثوا بعدک الخ	ابی وائل سے روایت ہے کہ عبد اللہ کہتا ہے کہ فرمایا جناب رسول خدا صلعم نے کہ میں تم سے پہلے حوض کوثر پر پہنچونگا میرے پاس حوض پر تم میں سے چند لوگ لائے جائینگے یہاں تک کہ جب میں ان کی طرف جھکوں گا کہ کوثر کا پانی انکو دوں تو وہ لوگ میرے پاس سے ہٹا دیے

جائینگے تو میں کہوں گا کہ اے میرے رب یہ تو میرے اصحاب ہیں تو مجھے جواب ملے گا کہ تم نہیں جانتے کہ اُنہوں نے تمہارے بعد کیا کیا احداث کئے۔ دیکھو صحیح بخاری کتاب الفتن و سنن ترمذی ک ۳۱ ب ۱۹ و سنن ابن ماجہ ک ۳۶ ب ۱ و سنن ابی داؤد ک ۳۴ ب ۳ و مسند احمد حنبل جزو اول ص ۱۶۸/۱۸۵ و ص ۴۱۸ و جزو دوم ص ۳۱۲/۱۸۲ و جزو سوم ص ۳۷۷ و جزو چہارم ص ۱۰۶/۱۱۰ و ص ۴۰۸/۱۱۶ و جزو پنجم ص ۳۹/۴۸ و ص ۱۱۰/۱۴۹ و صحیح مسلم کتاب الفتن وغیرہ۔

کتاب الفتن تقریباً سواد اعظم ہر ایک حدیث کی کتاب اور تفسیروں و تاریخوں میں موجود ہے علامہ علی متقی نے اپنی کتاب کنز العمال میں ان فتنوں کے بھرے ہوئے زمانہ کا بالتفصیل نقشہ کھینچا ہے ملاحظہ ہو کنز العمال جزو سادس کتاب الفتن ص ۲۷ تا ص ۹۲ حدیث ۱۴ تا ۱۳۹۰ پورے نو سو پچاس قول ان فتنوں کے متعلق جمع کر کے صحیح خدمت کی ہے اور قول رسول سے انکے کردار کو آشکار کیا ہے جس میں اُنہوں نے یہ حدیث بھی درج کی ہے۔ انکم ستبلون فی اھلبیتی من بعدی الخ یعنے فوراً میرے بعد میرے اہلبیت کے ذریعہ تمہارا امتحان لیا جائیگا اور تمہاری آزمائش ہوگی دیکھو کنز العمال حدیث ۵۵۰ جزو سادس کتاب الفتن۔ والذی نفسی بیدہ لیخرجن من المسجد فتن کصیاصی البقر۔ یعنے خدا کی قسم میرے بعد اس مدینہ کی مسجد سے اس طرح فتنے اُٹھیں گے جس طرح مویشیوں کے واسطے گھر بناتے ہیں دیکھو حدیث ۶۵۶ اور الناس دخلوا فی دین اللہ افواجاً سیخرجون

منہ افواجاً۔ یعنے جس طرح دین میں گروہ در گروہ داخل ہوئے تھے اسی طرح بہت جلد گروہ در گروہ دین اسلام سے خارج ہو جاوینگے۔ حدیث ۵۰۳۲/۷۳۸ اور اسی کنز العمال میں ایک حدیث ہے

ان بعدی ائمة اطعتموھم اکفروکم وان عصیتموھم قتلوکم ائمة الکفر رؤس الضلالة۔ یعنے فوراً میرے بعد اس امت میں ایسے حاکم ہوں گے جن کی اگر تم پیروی کروگے۔ تو وہ تم کو کفر کی طرف لیجائینگے اگر تم انکی اطاعت سے انکار کروگے تو وہ تم کو قتل کر دینگے (مالک بن نویرہ کا واقعہ قابل غور ہے) وہ کفر کے سردار اور گمراہی کے رئیس ہونگے دیکھو کنز العمال جز سادس کتاب الفتن حدیث ۲۱۷۴

جناب رسول اللہ نے علیؑ کو مخاطب کرکے فرمایا۔ والذی نفسی بیدہ انک لتذودن عن حوضی یوم القیامة رجالا کما یذاد البعیر۔ یعنے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تو اے علیؑ قیامت کے روز میرے حوض سے خاص آدمیوں کو اس طرح بھگا کر دور کرے گا جس طرح اونٹ کو بھگایا جاتا ہے۔ دیکھو مستدرک علے الصحیحین جز سوم ص۱۳۸ وینابیع المودة قندوزی باب ششم ص۵۱ وکتاب المناقب اخطب خوارزم ص۶۰

حضرت علیؑ کا احتجاج فرمانا

یہ مشہور اور صحیح ہے کہ حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السّلام کا یہ دعوےٰ تھا کہ بموجب فرمان خدا اور رسول خدا میں ہی آنحضرت کا خلیفہ بلافصل ہوں میرے سوا اگر کوئی دوسرا اس کا دعوےٰ کرے یا اپنے تئیں بزعم خود خلافت رسول پر اپنا قبضہ سمجھے تو وہ اس خلافت کا اہل اور حقدار نہیں چنانچہ کتاب خصال میں شیخ ابو جعفر محمد بن علی بن الحسین بن موسےٰ بن علامہ بابویہ قمی نے حضرت علیؑ کے اس دعوے اور آپ کے احتجاجات کو نہایت تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔ اور علامہ مجلسی کی بحار الانوار اور علامہ شیخ ابو جعفر بن محمد بن الحسن بن علی طوسی کی کتاب امالی اور حسن بن محمد دیلمی کی کتاب ارشاد القلوب بھی اس ضمن میں قابل ذکر ہیں اور ناسخ التواریخ میں بھی یہ ذکر موجود ہے اور اہل جماعت کی کتاب روضة الاحباب نے یوں لکھا ہے۔

علی علیہ السّلام گفت اے ابو عبیدہ تو ایں امتی بقول رسول مختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم متقضائے امانت وراستی است در گفتار وکردار موہبتی کہ حق سبحانہ وتعالےٰ بخاندان نبوت کرامت کردہ در بندآں مے باشید کہ بجائے دگر کنید بسبط قرآن درگی ذموا دامر ونہی ومنبع فضل وکرم ومعدن علم وعقل وحلم مائیم ولہ اسطہ ایں امور خلافت را شائستہ امارت را سزا واریم بشیر بن سعد گفت اے ابو الحسن ایں داعیہ کہ امروز ظاہر مے کنی پیش ازیں اگر معلوم مردم شدے۔ ہر

آئینہ با تو مضائقہ و منازعتی کردند با تو بیعت مے نمودند ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ علی مرتضٰی فرمود اے بشیر روا مے داری کہ من جسد اطہر و قالب انور سید عالم را غسل نہ دادہ و تجہیز و تکفین او نہ نمودہ و از دفن او فراغت حاصل نہ کردہ ام از طلب حکومت و خلافت زدمے و با مردم در منازعت و خصومت شدے الخ یعنے حضرت علیؑ نے جواب دیا کہ اے ابا عبیدہ تم کو امین امت بیان کیا جاتا ہے۔ امانت کے لیے گفتار و کردار میں راستی ضرور ہو وہ عزت و شرف و درجہ جو خدا نے خاندان نبوت کو عطا فرمایا ہے اوسکو دوسری جگہ منتقل کرنے کی سعی و کوشش نہ کرو ہم وحی و قرآن ۔۔۔ کے نازل ہونے کا محل ہیں اجرائے امر و نہی ہمارے لئے ہے ہم فضل و علم کے منبع ہیں اور عقل و علم کے معدن ہیں اس وجہ سے ہم اس خلافت کے مستحق اور اوس کے اہل ہیں اور امارت کے سزاوار ہیں اس پر بشیر بن سعد انصاری نے کہا اے ابو الحسن یہ دعوے جو آج تم ظاہر کر رہے ہو اگر اس سے پہلے (بیوم سقیفہ) کرتے اور لوگوں کو معلوم ہوتا تو پھر وہ تمہارے سوا کسی اور کی بیعت نہ کرتے تم سے بیعت کر لیتے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

حضرت علیؑ نے فرمایا اے بشیر کیا تم یہ جائز جانتے ہو کہ میں بھی (دوسروں کی طرح جناب رسول خدا کے جسم اطہر و جسد مقدس اور قالب انور کو غسل نہ دیتا اور آپکی تجہیز و تکفین نہ کرتا اور آنحضرتؐ کے دفن سے فارغ نہ ہو جاتا اور تمہاری طرح) حکومت کے پیچھے دوڑتا اور لوگوں سے تنازعہ کرتا ۔ دیکھو روضۃ الاحباب و تاریخ حبیب السیر جلد اول جزو چہارم صؐ ۔

ہمارے اہلجماعت بھائی یہ تو تسلیم کرتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے بمع بنو ہاشم صحابہ کی بیعت سے تخلف کیا تھا اور حضرت ابو بکر و عمر کے کہنے پر بھی آپ نے ابو بکر سے بیعت نہیں کی دیکھو تاریخ حبیب السیر جلد اول جزو چہارم و تاریخ طبری جزو سوم ص $\frac{199}{202}$ و تاریخ ابو الفدا جزو اول ص ۱۵۶ و تاریخ خمیس جزو دوم ص $\frac{185}{186}$ و دیگر تواریخ ہائے ۔ اور جب حضرت ابو بکر نے خلافت حضرت عمر کے سپرد کر دی تو اس وقت بھی حضرت علیؑ نے جو احتجاج فرمایا وہ اکثر اسلامی تواریخ میں موجود ہے اور روز شورے بھی جناب علی علیہ السلام نے احتجاج فرمائے وہ بھی تاریخوں میں درج ہیں دیکھو صواعق محرقہ باب حادی العشر فی فضائل اہلبیت النبی فصل اول الایات الواردہ فیہم الآیۃ التاسعہ باب تاسع فصل ثانی ص $\frac{75}{93}$ و تاریخ طبری جزو پنجم ص $\frac{35}{38}$ و تاریخ حبیب السیر جلد ۱ جزو ۴ ص ۲ اور علامہ شبلی المامون ص ۹ پر تحریر فرماتے ہیں "جب عبد الرحمن بن عوف جو اس نزاع کے طے کرنے کیلئے ثالث مقرر ہوئے تھے حضرت عثمان کا ہاتھ پکڑ لیا تو حضرت علیؑ نے صبر جمیل کہا اور تن بتقدیر راضی ہو گئے" دیکھو المامون ۔ اور آپ کے مزید احتجاجات بڑے طویل ہیں جن کی اصلی عبارتیں بخوف طوالت چھوڑتے ہوئے حوالاجات پر اکتفا کی گئی اور آپکی دعائے

ضمنی قریش جو اکثر کتب میں موجود ہے۔ بھی ایک موثر احتجاج ہے۔ علاوہ ازیں ابن مغازلی کتاب المناقب اور محمد بن یوسف گنجی کی کتاب کفایت الطالب اور اخطب خوارزم کی کتاب المناقب اور ابن حجر کی صواعق محرقہ اور شیخ سلیمان قندوزی کی کتاب ینابیع المودت میں حموینی کے اسناد سے سلیم بن قیس کی روایت اور شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد سخاوی کی کتاب استجلاب ارتقا الغرف بحب اقرباء الرسول ذوالشرف و شمس الدین جزری کی کتاب اسنی المطالب صہ ۳ اور روضۃ ندیہ صہ ۶۸ و سیرت حلبیہ جز سوم صہ ۳۶۵ والبدایہ والنہایہ جز پنجم صہ ۲۱۱/۲۱۱ و تاریخ الخلفاء سیوطی مطبع مجتبائی صہ ۱۱۹ وغیرہ ہما بکثرت کتب میں حضرات شیخین کے خلاف حضرت علیؑ کے طویل احتجاجی خطبات مثل خطبہ شقشقیہ وغیرہ درج ہیں خاتمہ کے طور پر آخر میں دیوان حضرت علیؑ سے آپ کے احتجاجی اشعار درج کرتا ہوں ؎

تعلم ابا بکر ولا تک جاھلا ※ بان علیا خیر حاف وناعل

اے ابوبکر جاہل نہ بن کہ علیؑ ہر پا برہنہ اور جوتی پوش سے بہتر ہے

وان رسول اللہ اوصی بحقہ ※ واکد فیہ قولہ فی الفضائل

بتحقیق کہ رسول خدا نے علیؑ کے حق میں امامت کو وصیت فرمائی اور اپنے قول کو کئی مرتبہ دہرایا اور تاکید فرمائی اور فضیلت بیان فرمائی

ولا تبخس حقہ واسار لوری ※ الیہ فان اللہ صدق قائل

انکے حق میں کمی نہ کرو اور دنیا کے لوگوں کو انکی طرف سے نہ پھیرو تحقیق کہ خدا سب سے زیادہ حق کو ظاہر کرنیوالا ہے۔

اور پھر فرمایا :-

وفی القرآن الزمھم ولائی ※ واوجب طاعتی فرضا لعنا می

خدا نے قرآن میں میری محبت و اطاعت تم پر واجب کردی ہے

کذالک اقامنی لھم اماما ※ واخبرھم بہ بغدیر خمی

اسی وجہ سے رسول خدا نے مجھے ملت کا سردار بنایا اور انکی خبر غدیر خم کے دن دی۔

فویل ثم ویل ثم ویل ※ لمن یلقی الالہ غدا بظلمی

پس وائے ہے پھر وائے ہے پھر وائے ہے اس پر جو میرے اوپر ظلم کر کے قیامت کے دن خدا سے ملاقی ہو

کما ھارون من موسیٰ اخوہ ※ کذالک انا اخوہ وذاک اسمی

جس طرح موسیٰ سے انکے بھائی ہارون کو نسبت تھی اسی طرح میں رسول خدا کا بھائی ہوں اور وہی منزلت رکھتا ہوں

فمن منکم یعادلنی بسھمی ※ واسلامی وسابقتی ورحمی

تم کون ہو جس کا حصہ اسلام میں میرے برابر ہو جس کی سبقت اسلامی اور رسول سے رشتہ میرے برابر ہو

فویل ثم ویل ثم ویل ※ لجاحد طاعتی ومرید ھضمی

پس وائے بےپروائے ہے بےپروائے ہے اس پر جو میری اطاعت کرکے میرے حق کو کم کرتا ہے ۔

وویل الذی یشقی سفاھا ※ یرید عداوتی من غیر جرمی

افسوس ہے اسپر جو اپنی شقاوت کیوجہ سے بدبخت ہوگیا اور بغیر کسی جرم کے مجھ سے عداوت کا ارادہ رکھتا ہے
پھر اسی دیوان میں ہے ۔

اطلب العذر من قومی وقد جھلوا ※ فرض الکتاب ونالوا کل ما حرما

کیا میں قوم کے عذر کو قبول کروں کیونکہ انہوں نے قرآن کو نہ سمجھا اس چیز کو لے لیا جسکو قرآن نے حرام کیا ہے

حبل الاما متدلی من بعد احمدنا ※ کالدلو علقت التکریب والوذما

دنیا کی ہدایت وپیشوائی کی رسی رسولخدا کے بعد میرے لئے ہے جسطرح کنوئیں میں لٹکے ہوئے ڈول کی رسی ہوتی ہے

لاولی النبوۃ کانوا ذوی ورع ※ ولا رعوا بعدہ الا ولا ذمما

یہ لوگ رسولخدا کیوقت بھی پرہیزگار نہ تھے اور نہ آپکے بعد انہوں نے اپنے اقرار کو آپکے حکم پر قائم رکھا

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب
العالمین والصلوۃ والسلام علی محمد والہ الطیبین
الطاہرین

تمت بالخیر

دعوت اتحاد حصہ اوّل

رسول اسلام علیہ التحیۃ والسلام کی آنکھ بند ہوتے ہی مسلمانوں کے دو گروہ ہو گئے تھے۔ ایک فرقے نے آنحضرتؐ کے حقیقی مقاصد کو اپنایا۔ اور دوسرے فرقے نے اپنی ضروریات کے مسائل اسلام میں داخل کر دیئے اور ان مفسد حضرات نے صرف شکم پروری کی خاطر مذہب شیعہ کے خلاف ایک طوفان بے تمیزی برپا کر رکھا ہے۔ حالانکہ ان کی کتب معتبرہ اور ان کے انصاف پسند علماء اس امر کے شاہد ہیں کہ مذہب شیعہ ناجیہ حق ہے اور شیعہ کی تعلیمات مین مطابق فرمان تاجدار مدینہ صلعم ہیں اس موضوع پر "دعوت اتحاد" مؤلفہ سید فقیر حسین ضیاء النقوی بخاری اس سلسلہ کی ایک بہترین کڑی ہے کہ جس کا مقصد عام اہل خلاف و جماعت کے لئے دعوت اتحاد دینا ہے جس میں تمام ضروری امور پر اس نہج کی روشنی ڈالی گئی ہے۔ کہ برادران اہل جماعت کتاب کے عناوین میں اپنی کتب معتمدہ کی رو سے ہم سے متحد ہیں۔ اس لیے ان کی کتب سے متعلقہ مسائل بمعہ صفحہ و سطر کے سالم جو حوالجات نہایت صحت سے درج کئے گئے ہیں۔ شیعہ نماز و ماتم و گریہ و نماز جنازہ۔ تقیہ و متعہ۔ فدک و قرطاس و مرثیہ و ضریح و علم و ذوالجناح وغیرہ و عقد ام کلثوم و بنات النبی و قاتلان امام حسینؑ کے متعلق بیش بہا مضامین پر بحث کی گئی ہے۔ لہذا پاکستان کی سالمیت کیلئے اتحاد و عمل کی بے حد ضرورت ہے۔ کتاب ہذا جناب مولانا سید محمد یار صاحب مجتہد و مولوی محمد مبارک علی صاحب سابق سنی و مولوی محمد اسمٰعیل صاحب بانی شیعہ دار التبلیغ گوجرہ و لقدس مآب مولانا سید منظور حسین صاحب نقوی لاہور و مولانا مرزا احمد علی صاحب قبلہ ضیغم پاکستان و ہند کے تقاریظ مبارکہ کے گلدستوں سے مزین ہے۔ کتاب آسان اور عام فہم ہے جو مناظرین اور متلاشیان حق کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت دیدہ زیب ہے قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ

بلنجر کتب خانہ حسینیہ حلقہ نمبر ۲ موچی گیٹ محلہ شیعاں لاہور

ثبوت خلافت حصہ اوّل

مصنفہ جناب حاجی و ڈاکٹر نور حسین صاحب کربلائی۔ جناب امیر المومنین امام الثقلین مظہر العجائب والغرائب امام المشارق والمغارب نائب رسول مقبولؐ و زوج بتولؑ اسد اللہ الغالب سیدنا و مولانا و امامنا علی ابن ابی طالبؑ کی پاک و مقدس و روحانی زندگی جہاد فی سبیل اللہ خدمات اسلامی پر سالاری ولیعہدی و جانشینی خلافت بلا فصل شان و فضائل و مناقب ولایت و افضلیت کو کتاب اللہ و سنّت و کتب اہلسنّت و مطالعہ فطرت و قانون قدرت سے محققانہ طور سے ثابت کیا گیا ہے۔ قیمت ۸؎ مجلد ۱۲؎

ثبوت خلافت حصہ دوم

مصنفہ جناب حاجی و ڈاکٹر نور حسین صاحب جس میں معیار خلافت الٰہیہ حضرات اصحاب ثلاثہ کی خلافت کیسے ہوئی حالات سقیفہ بنی ساعدہ خلافت اجماعی اور حالات خلافت اصحاب ثلاثہ کی خلافت پر ریمارکس اور ریویو اور یوربین مورخین کے خیالات خطبہ شقشقیہ و اہل بیتؑ اور رسالتؐ کی ناراضگی و دعاوی اور براہین صابریہ اور باغ فدک کا مفصل بیان لکھا گیا ہے۔ بارہ آئمۂ اطہار کی خلافت اور امامت بلا فصل اور سوانحمری مناقب و فضائل کا اہل سنّت و سواد اعظم کے بارہ میں خلیفوں کے ساتھ مقابلہ و موازنہ کیا گیا ہے قیمت تین روپے ولائیتی مجلد للعہ۔

مذہب شیعہ

مصنفہ جناب حاجی و ڈاکٹر نور حسین صاحب صابر جعفری کربلائی جھنگ سیالوی (رب النبی) پنشنر، اسلام کی اصلیت، شان توحید و معرفت الوہیت و ربوبیت و انوار آفتاب رسالت و تنویر قمر امامت خاندان نبوت و اہلبیتؑ رسالت کی منقبت و افضلیت و ولایت اور اصل نماز محمدی و صلوات احمدی کی حقیقت اور مذہب شیعہ امامیہ اثنا عشریہ کے مابہ الامتیاز مسائل کی کتاب اللہ و سنت سے مطابقت حقیقت و صداقت جناب سید الشہداء سیدنا امام حسین علیہ السلام روحی لہ الفداء کی فضیلت و جواز تعزیت پر کتاب اللہ و احادیث صحیحہ و اقوال ائمۂ الہدیٰ سے محققانہ بحث کی گئی ہے پاک مذہب شیعہ کا نچوڑ اور لب لباب نکال کر پبلک کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ تاکہ محقق اور منصف مزاج مسلمان اس کو نظر غور اور انصاف سے پڑھ کر شیعہ اور سُنّی کے آئے دن کے جھگڑے فتنہ و فساد اور شرارت سے باز رہیں۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب حجم چار صد صفحات۔ قیمت ۸؎ مجلد ولائیتی للعہ ۱۲؎